روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل صرف خزینۂ روحانیات

ماہنامہ

خزینۂ روحانیات لاہور

August'2020
جلد نمبر 11
Rs.60
شمارہ نمبر 4



کرونا اور ہماری ذمہ داریاں

رجال الغیب کیا ہیں؟

جگر کے امراض کا روحانی علاج

زبان بندی کے روحانی اعمال

امتحان میں کامیابی کی لوح

14th August

دعوت الارکشیۃ

سورۂ آل عمران سے روحانی علاج

ترقی روزگار اور خیر وبرکت کا ایک بے نظیر جفری عمل

فضائل وخواص وزکات اسمائے اصحاب کہف رضی اللہ عنہ

آڑرو کے بے مثال اور بے شمار فوائد

darulamal.org/magazines/ruhani khazinaeruhaniyat khazina.ruhaniyaat khazinaruhanyat

سورۃ الرحمٰن کے عامل بنیں اور بنائیں

تعارف: سورۃ الرحمٰن کا عملیات اور روحانی علاج میں ایک خاص مقام ہے۔ خاص کر جنات کے معاملے میں یہ سورت بہت اہمیت کی حامل ہے۔ جنات کو سورۂ جن اور سورۂ رحمٰن بہت پسند ہیں۔ سورۂ رحمٰن میں جنات کے لیے بہت کشش ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سورۂ رحمٰن کے عامل کی طرف جنات کو بہت کشش ہوتی ہے اور وہ خود سے دوستی کا ہاتھ بڑھاتے ہیں۔ عامل جتنا زیادہ متقی ہوگا، اتنے زیادہ اور بڑے جنات عامل کی طرف متوجہ ہوں گے۔

یہ ایک کثیر الفوائد سورت ہے اور سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ بفضلِ تعالیٰ یہ بہت تیز اثر کرتی ہے۔ اس سورت سے ہر طرح کا جائز کام لیا جاسکتا ہے۔ اس کا دائرہ بہت وسیع ہے اور اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ عامل کے ہر کام میں ایک غیبی مدد شامل ہوجاتی ہے۔ وہ کام اس کا ذاتی ہو یا روحانی علاج معالجے کا کام ہو یا پھر کوئی بھی دنیاوی کام ہو۔

کیسے سیکھا جائے: اس سورت کا عامل بننے کے لیے چلہ کرنا شرط ہے۔ اجازت سے یہ عمل مکمل طور پر جاری نہیں ہوتا۔

عمل کے فائدے: اس سورت کا عامل بننے کے بعد آپ درج ذیل فوائد حاصل کرسکیں گے:

*.....ہر طرح کے جنات و آسیب کا علاج و حفاظت	*.....ہر قسم کے سحر کے اثرات کا علاج و حفاظت	*.....آسیب کو حاضر کرنا
*.....روحانی حفاظت	*.....جنات سے دوستی	*.....قوت حافظہ میں اضافہ
*.....محبت کے معاملات	*.....حاکم کو مہربان کرنا	*.....مختلف بیماریوں کا علاج
*.....فراخی رزق و کاروباری معاملات	*.....دشمن کے معاملات	*.....ہر جائز مقصد کا حصول

عمل کے کُل درجے: اس عمل کے کُل پانچ درجے ہیں۔ ہر درجے میں مختلف چلہ کشی کروائی جاتی ہیں (گھر اور گھر سے باہر)۔ پہلے درجے میں ایک ہی فیس میں تین زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہیں۔ باقی درجے بڑے عاملین کے لیے ہیں، عوام یا مبتدی عاملین کے لیے نہیں۔ ان سب کی فیس بھی الگ ہے۔

اجازت کے لیے اہلیت: اجازت لینے والا چلہ کشی کے بنیادی اصولوں سے واقف ہو۔

فیس درجہ اول
8100 روپے

اجازت لینے کا طریقہ: اجازت لینے والے نے روحانی درسگاہ میں داخلہ لیا ہو اور ماہنامہ خزینہ روحانیات کا ممبر بھی ہو۔ پھر عمل کی فیس ادا کر کے اجازت لی جاسکتی ہے۔

خاص اجازت: جو لوگ چلّہ کشی نہیں کرسکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت: جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر "آگے سکھانے کی خاص اجازت" حاصل کر کے سکھائیں۔ بغیر اجازت، کسی کو عمل سکھانے کی صورت میں ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

Whatsapp +92 322 4778786
Darulamal Chishtia, Lahore
darulamal.org/magazine/

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

جلد 11 ذوالحجۃ ۱۴۴۱ھ / محرم الحرام ۱۴۴۲ھ / اگست 2020ء شمارہ 4

مدیر اعلیٰ
خالد مقبول عارف حفظہ اللہ

مدیر مولانا حافظ علی آفاق

معاون مدیر مولانا قاری حکیم سلیم اللہ ظفر

مجلس مشاورت

- غلام سرور شباب صاحب (جیلی لکھا)
- قیصر احمد صاحب (بی اے) (کراچی)
- مولانا قاری ابوبکر صاحب (اسلام آباد)
- ابو انس (لاہور)
- مولانا قاری ممتاز صاحب (لاہور)
- محمد علیم صاحب (لاہور)

darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyaat@gmail.com
khazinaeruhaniyat khazina.ruhaniyaat
khazinaruhanyat
khazinaeruhaniyaat

سرکولیشن 0322-4773786, 042-35410586

قیمت 60 روپے

سالانہ ممبرشپ عام ڈاک 800 روپے، رجسٹرڈ ڈاک 1200 روپے
سالانہ ممبرشپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1250 روپے
لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1500 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 2000 روپے
نوٹ: ہر ماہ کی 27، 28، 29 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبرشپ بذریعہ Email/Whatsapp: 700 روپے
نوٹ: ہر ماہ کی 30/31 تاریخ کو رسالہ Email/Whatsapp کیا جائے گا

مشیر قانونی چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1 منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2 شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: easypaisa Jazz Cash (موبی لنک)۔ (ٹیلی نار) کے ذریعہ شناختی کارڈ نمبر 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں۔

3 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

easypaisa بنام خالد مقبول۔ 0343-7772772

Jazz Cash بنام خالد مقبول۔ 0302-8401977

4 بینک اکاؤنٹس: میزان بینک میں خزینہ روحانیات کی رقم جمع کروانے کیلئے اکاؤنٹ نمبر 1 میں اور دارالعمل کے باقی تمام شعبوں کیلئے اکاؤنٹ نمبر 2 میں رقم جمع کروائیں۔

1 بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736۔

2 بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466۔

نوٹ: رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد 0343-7772772 پر SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ مزید تفصیلات darulamal.org/Payment

دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org
info@darulamal.org
darulamalchisht darulamalchishtia
موبائل: 0343-7772772 0322-7772772
موبائل: 0312-7772772, 0306-7772772 (ufone)
پتہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ فون 042-35410586

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

اگست 2020ء

ذوالحجۃ ۱۴۴۱ھ
محرم الحرام ۱۴۴۲ھ

کرونا اور ہماری ذمہ داریاں (مولانا علی آفاق)	5
درسِ قرآن (حضرت مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر مدظلہٗ)	6
حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ (مولانا سلیم اللہ ظفر)	7
تبلیغی دوست کا واقعہ (مولانا ارسلان بن اختر)	8
جنت میں لے جانے والے بعض اعمال صالحہ (شیخ ارشد بشیر)	9
اسماء الحسنیٰ کے روحانی فوائد (عزیر احمد مفتاحی قاسمی)	11
سورۂ آل عمران سے روحانی علاج (مولانا حسن الہاشمی)	12
درود شریف کے حفاظتی اعمال (اراکین روحانی علاج گاہ)	13
حزب التوسل وحزب النور للامام الشاذلی رضی اللہ عنہ	15
جادو سے نجات کے مجرب اعمال (اراکین روحانی علاج گاہ)	16
رجال الغیب کیا ہیں؟ (غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ)	17
سات سلام چہل کاف سے فیض یافتہ افراد کے واقعات	18
جنات وشیطان سے حفاظت کے اعمال (اراکین روحانی علاج گاہ)	19
دعوت الارکشیۃ (حضرت پیر غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ)	21
حاضرات کے مجرب اعمال (قیصر احمد بی۔اے، کراچی)	22
جگر کے امراض کا روحانی علاج (اراکین روحانی علاج گاہ)	23
شوہر کی اصلاح کے مجرب روحانی اعمال (اراکین علاج گاہ)	24
دکان اور کاروبار میں ترقی کے روحانی اعمال (ادارہ)	25
محبت کے روحانی اعمال (مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ)	26
آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل (خالد مقبول حفظہ اللہ)	27
مردہ بدروح... قسط ۲ (صفدر شاہین)	29
زبان بندی کے روحانی اعمال (اراکین روحانی علاج گاہ)	31
کیا عدد آٹھ نحس ہے؟ قسط ۲ (اظہر عنایت شاہ، کوہاٹ)	36
نظرات سیارگان کے مختصر اعمال (اراکین علاج گاہ)	39
علم الجفر کے شائقین کی نظر تلخ وشیریں حقائق (اظہر عنایت شاہ)	41
ترقی روزگار اور خیر وبرکت کا ایک بے نظیر جفری عمل	43
فضائل وخواص وزکات اسمائے اصحاب کہف رضی اللہ عنہم	47
امتحان میں کامیابی کی لوح (غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ)	51
کثیر الفوائد لوح شرف عطارد (غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ)	51
خوشگوار زندگی کے بارہ اصول	52
کھجور..... بھرپور پھل (قیصر احمد بی اے، کراچی)	54
منہ سے بدبو آنے کی وجوہات اور اس کا علاج	57
پیٹھے کے بے مثال اور بے شمار فوائد (حکیم سلیم اللہ ظفر)	58
آڑو کے بے مثال اور بے شمار فوائد (حکیم سلیم اللہ ظفر)	58
آپ کی بیماریوں کا ہومیو علاج (ہومیو ڈاکٹر علی آفاق)	59
آدابِ زندگی..... بچوں کیلئے (علی مرتضیٰ طاہر)	60
زوجہ (مولانا شکیل احمد نقشبندی)	61

نئے اسلامی سال کا خاص تحفہ

تعویذ محفظ جہان

ہر قسم کی زمینی وآسمانی آفات وبلیات سے حفاظت کا خاص مجرب تعویذ

کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی سارا سال اغوا، قتل، ڈاکے، چوری، حادثات، گولی، بم بلاسٹ، ہر قسم کے لڑائی جھگڑے، جادو، جنات اور نظر بد کے برے اثرات سے حفاظت رہے تو اپنی، اپنے گھر والوں، اپنے کاروباری عملے، اپنے مال، مویشی، کھیتی باڑی، جائیداد، ٹرانسپورٹ اور دیگر ضروریات زندگی کی مکمل حفاظت کیلئے تعویذ حفظ جان لازمی بنوائیں اور پھر ملاحظہ فرمائیں کہ کس طرح زندگی کے ہر موڑ پر آپ کی غیبی حفاظت ہوتی ہے۔

تعویذ کا ہدیہ: عوام کے لئے 700 روپے (علاوہ ڈاک خرچ)

نوٹ: یہ تعویذ سال میں صرف ایک دن، یکم محرم الحرام کو تیار کیا جاتا ہے۔ تعویذات محدود تعداد میں تیار کیے جاتے ہیں۔ جو افراد دلچسپی رکھتے ہوں، وہ یکم محرم سے پہلے رابطہ فرمائیں۔

عاملین کے لئے زیادہ تعویذات لکھوانے پر خصوصی ریٹ ہوگا

0334-4312272, 042-35410586 روحانی دکان دارالعملیات

ruhanishop

میری زباں پہ وردِ الف لام میم ہے

میری زباں پہ وردِ الف لام میم ہے
یہ ابتدائے حمدِ خدائے کریم ہے

روزِ ازل سے تا بہ ابد ہے وہ جلوہ گر
لاریب اس کی ذات قدیم القدیم ہے

وہ جانتا ہے کس کی ضرورت ہے کس قدر
وہ بے طلب بھی دیتا ہے ایسا کریم ہے

لا تقنطوا بھی شان اُسی کی ہے عاصیو!
گھبرا رہے ہو کیوں وہ غفور الرحیم ہے

میں کیا کروں گا اس کی ثنا، جانتا ہوں میں
میری حقیر فکر ہے اور وہ عظیم ہے

یہ بھی کرم ہے اُس کا بہ فیضِ رسولِ حق ﷺ
میں جس پہ گامزن ہوں رہِ مستقیم ہے

خاکی امیر کہہ گئے کس سادگی کے ساتھ
بندہ گناہ گار ہے خالق کریم ہے

(عزیز الدین خاکی)

تری نگاہ سے ذرے بھی مہر و ماہ بنے

تری نگاہ سے ذرے بھی مہر و ماہ بنے
گدائے بے سروساماں جہان پناہ بنے

رہ مدینہ میں قدسی بھی ہیں جبیں فرسا
یہ آرزو ہے مری جاں بھی خاکِ راہ بنے

زمانہ وجد کناں اب بھی ان کے طواف میں ہے
جو کوہ و دشت کبھی تیری جلوہ گاہ بنے

حضور ﷺ ہی کے کرم نے مجھے تسلی دی
حضور ﷺ ہی مرے غم میں مری پناہ بنے

ترا غریب بھی شایانِ یک نوازش ہو
ترا فقیر بھی اک روز کجکلاہ بنے

جہاں جہاں سے وہ گذرے جہاں جہاں ٹھہرے
وہی مقام محبت کی جلوہ گاہ بنے

کریم! یہ بھی تری شانِ دلنوازی ہے
کہ ہجر میں مرے جذبات اشک و آہ بنے

وہ حسن دے جو تری طلعتوں کا مظہر ہو
وہ نور دے جو فروغِ دل و نگاہ بنے

(حافظ مظہر الدین مظہر)

اہم اعلان

ماہنامہ خزینہ روحانیات کی نئی ممبرشپ ستمبر 2020 سے اپریل 2021 تک جاری کی جائے گی جس کی رقم عام ڈاک سے 560 روپے، رجسٹرڈ ڈاک سے 840 روپے اور بذریعہ TCS کیلئے صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں۔

☆ عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔ مئی 2020 سے واٹس ایپ ممبرشپ 700 روپے سالانہ ہوگی۔ نوٹ فرمالیں۔

رابطہ 0322-4773786

Darulamal Chishtia, Lahore, Pakistan
ماهنامه خزینه روحانیات
Whatsapp +92-322-4773786
darulamalchishtia.org/magazines/ruhani

اداریہ

مولانا علی آفاق

کرونا اور ہماری ذمہ داریاں

محترم قارئین! ہم اگست 2020ء کے اداریے کے ساتھ آپ کی خدمت میں حاضر ہیں۔ ادارہ دارالعمل چشتیہ عرصہ 23 سال سے قارئین، شائقین اور طالبین علوم روحانیات کی ہر اعتبار سے خدمت کر رہا ہے۔ اور الحمدللہ اس خدمت کے سفر میں ہر روز جدت، بہتری اور ترقی کی راہیں کھلتی چلی جارہی ہیں۔ اس تمام پر ہم بطور ادارہ اللہ تعالیٰ کے شکر گزار اور اپنے محبین اور چاہنے والوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

اس لاک ڈاؤن کے زمانے اور حالات میں جہاں ایک عام آدمی اور سفید پوش طبقے کی معاشی کمر ٹوٹی ہے۔ وہاں پر بڑے اور تگڑے لوگوں تک کی چیخیں نکل گئی ہیں۔ ڈاؤن سائزنگ، بے کاری، بے روزگاری، گھریلو ناچاقیاں، لڑائی جھگڑے، طلاق تک کی شرح حد سے بڑھتی ہوئی نظر آرہی ہے۔ روزمرہ کے اخراجات کی تکمیل اور یوٹیلیٹی بلز تک کی ادائیگی ایک دشوار گزار کھائی معلوم ہورہی ہے۔ ان حالات میں ایثار، شفقت، محبت، عنایت اور صحابہ کرامؓ کے جذبات کو مدنظر رکھتے ہوئے لوگوں کے کھانے پینے، رہنے سہنے اور دوا وغیرہ کی کوشش و بندوبست کرنا نا صرف ہمارا فریضہ ہے بلکہ اس جذبے کے سرد ہونے کی وجہ سے قیامت میں پوچھ بھی ہوگی۔

ہر فرد اور جانور تک اپنی ضروریات کی تکمیل کی کوشش، اپنی اور اپنے بیوی بچوں کی ضروریات کی تکمیل کے لئے شعور اور درد محسوس کرتا ہے۔ مگر دوسروں کا درد محسوس کریں اور اس کے لئے کوشش کریں، قدم بڑھائیں۔

گرتے ہوئے لوگوں کے ہاتھ تھام لیں۔ بھوکے کو روٹی اور مفلس سفید پوش کے چہرے کا کرب محسوس کرتے ہوئے سوال کرنے کی نوبت نہ آنے دیں اور ان کا بھرم بھی رہ جائے۔ قرآن پاک میں اس کی تاکید بھی ہے اور ایسا کرنے والوں کی تعریف وتوصیف بھی کی گئی ہے۔ اذیت اور مال وزر دے کر جتانا اور تکلیف کا باعث بننا صدقے کی روح کو زخمی کرنے کے مترادف ہے۔ لہٰذا اذیت وکرب میں پہلے سے مبتلا لوگوں کے زخموں پر بھرم رکھنا، لوگوں کے کام آنا، عزت نفس کا خیال رکھتے ہوئے ضروریات کو مکمل اور پورا کرنے کے جذبے سے سرشار ہو جایئے۔ خدا تعالیٰ کا انعام واکرام واعزاز سمجھتے ہوئے دکھی، غریب، مسکین، محتاج اور نادار لوگوں کے زخموں اور زخمی روح پر مرہم رکھنا حضور ﷺ کی سنت ہے۔ لہٰذا ارد گرد روزی روٹی سے محروم اور مفلوک الحال مجبور ومقہور انسانیت کے لئے وسیلہ رزق بننا ایک سعادت ہے۔ اس مشکل مرحلے میں خود اور بچوں کے زرق برق، کپڑے، عید قربان پر نئے کپڑے اور دیگر غیر ضروری اخراجات کو گھٹا کر انسانیت کے لئے کام آنے کا عزم ضروری ہے۔

اور عید قربان پر گوشت کو محفوظ رکھ کر سارا سال کھانا اور مزے اڑانے کی بجائے اس کی شریعت کے مطابق منصفانہ تقسیم کرتے ہوئے اعزہ، احباب، ضرورت مندوں، محتاجوں سمیت اپنا بھی تیسرا حصہ رکھ کر ان لوگوں کو بھی خوشیوں میں شریک کیا جائے جن کو پورا سال بہت ہی کم گوشت کھانے کو میسر آتا ہے۔ لہٰذا عید کی حقیقی خوشیوں میں غریب لوگوں، مسلمانوں، اپنے ملازموں اور محلہ داروں کے حقوق ادا کرنے کا عزم کریں۔ اور گوشت کو فریج میں یا اپنے اعزہ واحباب اور دیگر جاننے والے افسران میں ایسی تقسیم سے بچیں کہ وہ آپ کو اور آپ ان کو رانیں روسٹ کروا کر بھیج رہے ہیں۔ ایک دوسرے کا بدلہ اتارنے اور ادا کرنے کی کوشش ہورہی ہے۔ بلکہ غریبوں اور ضرورتمندوں کے کام آکر دنیا کو بھی جنت نظیر بنانے کا عزم کریں اور اسلام اور پاکستان کی بنیادی اساسی نقطہ کے سراغ کو پاکر دل کو سکون وعافیت بخشنے کے سامان کو پیدا کریں۔

اللہ ہم سب کو پاکستان اور اسلام کی قدر کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین

اگست اور پاکستان

اگست اور پاکستان ان دونوں کا چولی دامن کا ساتھ ہے اور 14 اگست ہمیں اس بات کی یاد دلاتی کہ یہ ملک پاکستان دوقومی نظریہ کی بنیاد پر وجود پر آیا۔ جس کے قیام پر لاکھوں مسلمانوں کا قتل عام ہوا اور ہزارہا خواتین و بیٹیوں کی عزتیں لوٹی گئیں۔ اور بے شمار اپنی جان اور عزت بچانے کی خاطر دریاؤں اور کنوؤں میں کود پڑیں۔ پاکستان کلمے کی بنیاد پر بنا۔ لا الہ الا اللہ کا قانون ونظریہ وفکر بھی پاکستان کا مقدر ہے اور ہم سب جتنا جلد کلمے کے مفاہیم کو اس ملک پاکستان میں نافذ نہیں کر دیتے اس وقت تک قائد اور اقبال کا خواب ادھورا ہے۔ لہٰذا ہمیں تمام قوانین کو اسلام کے مطابق سو فیصد ڈھالنے کی کوشش کرنی ہوگی۔

Whatsapp +92-322-4773786
https://www.facebook.com/maganeshrooh

درسِ قرآن

حضرت مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر مدظلہٗ
(ناظم روحانی درس گاہ، نائب ناظم روحانی علاج گاہ، معاون مدیر خزینہ روحانیات)

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

(سورۃ الاعراف آیت نمبر ۱۱۷ تا ۱۲۲)

صدق اللہ العظیم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

محترم قارئین خزینہ روحانیات! گزشتہ درس قرآن میں ملک بھر کے جادوگروں کا فرعون کے شاہی محل میں پہنچنا، شاہی اکرام واعزاز سے نوازا جانا، شاہی پروٹوکول کا ملنا، فرعون سے خصوصی ملاقات کا ہونا، فرعون کو مکمل اعتماد میں لینا، اس کی بھرپور خوشامد کرنا، اپنے انعامات اور تحفے تحائف کی وصولیوں کی باتیں کرنا، فرعون کی طرف سے ان کو پورا مطمئن کرنا، اعزاز واکرام سے نوازنے کا وعدہ کرنا، ان کو اپنا مشیر خاص بنانے کا اعلان کرنا اور ان سے کچھ خاص کام اور بڑے کرتب دکھانے کا حکم دینا اور پھر ایک بڑے میدان میں لاکھوں کی نفری اکٹھی کرنا، پورے دھوم دھام سے ان جادوگروں کو عوام کے سامنے لانا، حضرت موسیٰ علیہ السلام سے یہ کہنا کہ پہلے آپ کی باری ہے یا ہماری باری ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ان کو پہلے موقع دینا، ان کا اپنے جادو کا بھرپور اظہار کرنا، ان جادوگروں کا تمام تماشائیوں کی آنکھوں پر جادو کر کے ان کی نظر بندی کرنا، اپنے کرتب سے ان کو مرعوب کرنا، عوام الناس پر اپنی جھوٹی دھاک بٹھانے کی کوشش کرنا اور اپنا کام مکمل کر چکنے کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنے جادو کا جواب دینے کو کہنا، آپ نے پڑھا تھا۔ آج کی پیش کردہ آیات مبارکہ کا ترجمہ وتفسیر کچھ یوں ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بارگاہ الٰہی سے حکم نامے کے منتظر تھے۔ حکم خداوندی ہوا کہ اے موسیٰ ؑ! آپ بھی اپنی لاٹھی، اپنا عصا زمین پر ڈالیں۔ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی معجزے والی لاٹھی ان کے سامنے پھینکی تو یہ لاٹھی حکم خداوندی سے ایک بہت بڑا اژدھا بن گئی اور ان کی جادو کی رسیاں اور جادو کی چھڑیاں جو دیکھنے والوں کو سانپ نظر آ رہی تھیں ان سب کو بہت تیزی، بہت جلدی کے ساتھ منٹوں، سیکنڈوں میں نگل گئی۔ دیکھتے ہی دیکھتے سارا میدان صاف ہو گیا پھر وہ اژدھا اچھل اچھل کر تماشائیوں کی طرف لپکنے لگا۔ جس سے عوام تو عوام خواص میں بھی بالخصوص ان جادوگروں پر بھی رعب پڑ گیا۔ اور وہ بھی تھر تھر کانپنے لگ گئے۔ ہر طرف خوف وہراس پیدا ہو گیا۔ ''فوقع الحق'' پس حق چھا گیا۔ ''وَبَطَلَ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ'' اور جادوگروں کا کھیل، جادوگروں کا کرتب، جادوگروں کا تماشا، جادوگروں کا فریب، جادوگروں کا دھوکہ، جادوگروں کا ڈرامہ، جادوگروں کا پول، جادوگروں کی گیم، جادوگروں کی سازش، جادوگروں کی شرارت باطل ہو کر رہ گئی۔ پس مغلوب ہو گئے، ذلیل ہو گئے، رسوا ہو گئے، ناکام ہو گئے، فرعون اور اس کے سارے ساتھی، فرعون اور اس کی پوری جماعت، فرعون اور اس کی پوری ٹیم شرمندہ ہو کر ایسے واپس ہوئی کہ وہ کسی کو منہ دکھانے کے قابل بھی نہ تھے اور گرا دیے گئے غیبی قوت سے، غیبی طاقت سے وہ سارے کے سارے جادوگر سجدے میں اور بولے وہ تمام بیک زبان ہو کر اور بے اختیار ہو کر کہ ہم سب ایمان لائے رب العالمین پر، اس رب پر جو موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کا رب ہے۔

جی ہاں قارئین کرام! حق تو حق ہی ہوتا ہے۔ بے شک کچھ وقت لگا لیکن بالآخر غالب حق ہی آیا اور غالب ہمیشہ حق ہی آتا ہے۔ حق کی برکت سے باطل جھکا بھی ہے اور باطل نے سر تسلیم خم بھی کیا ہے اور اسی حق کی برکت سے ہزاروں جادوگروں کے جادو کو باطل کر کے رکھ دیا بلکہ یوں کہیے کہ خاک میں ملا کر رکھ دیا۔ حق کی برکت سے ان جادوگروں کی کایا پلٹ گئی۔ حق کی برکت سے ہزاروں جادوگروں کو راہ ہدایت مل گئی۔ حق کی برکت سے چند لمحے پہلے کفر وشرک کی دلدل میں پھنسے ان (بقیہ ص 22)

Whatsapp +92-322-4773786
darulamal.org/magazines

حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ

مولانا سلیم اللہ ظفر (معاون مدیر خزینۂ روحانیات)

حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ امیر المومنین سیدنا علی المرتضیٰ شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور سیدۃ النساء حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بڑے صاحبزادے ہیں۔ آپ سرکار دو عالم ﷺ اور ام المومنین حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پیارے نواسے ہیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت ''ابو محمد'' ہے۔ نسب کے اعتبار سے قریشی اور ہاشمی ہے۔ آپؓ کو ریحانۃ النبی ﷺ اور شبیر النبی ﷺ کے 2 پیارے پیارے القابات سے یاد کیا جاتا ہے۔ آپؓ سر سے لے کر سینہ مبارک تک اپنے نانا جان سرکار دو عالم ﷺ سے بہت زیادہ مشابہت رکھتے تھے۔ آپؓ کی پیدائش راجح قول کے مطابق نصف رمضان المبارک ۳ھ میں مدینہ منورہ میں ہوئی۔ آپؓ کے کانوں میں اذان اور تکبیر جناب رسول اللہ ﷺ نے دی۔ آپ کی تحنیک یعنی گھٹی جناب رسول اللہ ﷺ نے اپنے لعاب دہن مبارک سے دی۔ آپؓ کا عقیقہ جناب رسول اللہ ﷺ نے 2 بکریاں ذبح کر کے فرمایا۔ آپؓ کے نام نامی ''حسنؓ'' جناب رسول اللہ ﷺ نے تجویز فرمایا۔ آپؓ نے اپنی زندگی مبارک میں 10 کے قریب نکاح فرمائے۔ یعنی آپؓ کی ازواج کی تعداد 10 کے قریب تھی۔ جن میں سے 4 ازواج کے نام تاریخ کی کتابوں میں ملتے ہیں۔ (۱) سیدہ ام اسحاق بنت طلحہ۔ (۲) سیدہ ام بشر بنت ابی مسعود۔ (۳) سیدہ خولہ بنت منظور۔ (۴) جعدہ بنت اشعث۔ دیگر ازواج کے ناموں میں اختلاف ہے۔ آپؓ کے 8 صاحبزادے تھے۔ جن کے نام نامی یہ ہیں۔ (۱) حضرت سیدنا حسن رحمۃ اللہ علیہ۔ (۲) حضرت زید رحمۃ اللہ علیہ۔ (۳) حضرت سیدنا عمرو رحمۃ اللہ علیہ۔ (۴) حضرت سیدنا قاسم رحمۃ اللہ علیہ۔ (۵) حضرت سیدنا ابوبکر رحمۃ اللہ علیہ۔ (۶) حضرت سیدنا عبدالرحمن رحمۃ اللہ علیہ۔ (۷) حضرت سیدنا حسین رحمۃ اللہ علیہ۔ (۸) حضرت سیدنا طلحہ رحمۃ اللہ علیہ۔ آپؓ کی نسل مبارک صرف 2 بیٹوں سے آگے چلی ہے۔ (۱) حضرت سیدنا حسن مثنیٰ رحمۃ اللہ علیہ۔ (۲) حضرت سیدنا زید رحمۃ اللہ علیہ۔ آپؓ سے جناب رسول اللہ ﷺ بہت محبت اور پیار فرمایا کرتے تھے۔ آپؓ سے آپ کے والد ماجد امیر المومنین حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بہت لاڈ پیار فرمانے کے ساتھ ساتھ والد ہونے کا باوجود آپؓ کی بہت زیادہ عزت اور بہت زیادہ احترام فرمایا کرتے تھے۔ آپؓ نے ہی اپنے والد ماجد حضرت علی المرتضیٰ کی شہادت کے بعد ان کا جنازہ پڑھایا تھا۔ آپؓ نے امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰؓ کے بعد امت مسلمہ کے شیرازے کو بکھرنے سے بچانے کیلئے اپنے دست حق پر بیعت کی دعوت دی۔ اسی سچی محبت کے صدقے ہمیں اپنی اور اپنے پیارے محبوب ﷺ کی محبت اور حشر و جنت میں ساتھ نصیب فرما۔ آمین ثم آمین۔

آپؓ ۴۰ھ میں خلیفۃ المسلمین بنے۔ آپؓ کو سرکار دو عالم ﷺ ''ابنی ھذا سید'' میرا یہ بیٹا سردار ہے۔ کہہ کر مخاطب فرمایا کرتے تھے۔ آپؓ کی انگوٹھی پہنا کرتے تھے اس پر ''اللہ اکبر وبہ استعین'' یعنی اللہ ہی سب سے بڑا ہے اور میں اسی ذات سے ہی مدد طلب کرتا ہوں۔ لکھا ہوا تھا۔ آپؓ کے متعلق سرکار دو عالم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ جس شخص نے میرے بیٹے حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے محبت کی گویا کہ اس نے محمد ﷺ سے محبت کی اور جس نے میرے بیٹے حسنؓ بغض رکھا تو حقیقت میں اس نے میں محمد ﷺ سے بغض رکھا۔ آپؓ کے متعلق سرکار دو عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس نے میرے بیٹے حسنؓ سے محبت کی تو وہ سن لے کہ میں محمد ﷺ اس سے محبت کرتا ہوں اور جس شخص سے میں محمد ﷺ محبت کرتا ہوں اس سے اللہ پاک محبت کرتے ہیں اور جس سے اللہ پاک محبت کرتے ہیں اس کو جنت میں داخل فرمائیں گے۔ آپؓ کے متعلق حضور اکرم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ جس نے میرے بیٹے حسنؓ سے دشمنی کی وہ سن لے کہ میں محمد ﷺ اس سے دشمنی رکھتا ہوں اور جس نے میں محمد ﷺ سے دشمنی کی ہے اس شخص کے اللہ پاک بھی دشمن ہیں اور اللہ پاک اپنے دشمنوں کو جہنم میں داخل فرمائیں گے اور ایسے شخص کیلئے دائمی عذاب ہے۔ آپؓ کے متعلق رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یا اللہ میں حسن سے بہت زیادہ محبت اور پیار کرتا ہوں یا اللہ آپ اس سے بھی محبت اور پیار فرمائیں اور جو جو بھی میرے حسینؓ سے محبت اور پیار رکھے یا اللہ آپ بھی (بقیہ ص 13)

عوام کیلئے مفت خدمات goo.gl/6XblYT

تبلیغی دوست کا واقعہ

مولانا ارسلان بن اختر

حافظ غلام سرور میرا دوست ہے، تبلیغی جماعت میں وقت لگاتا ہے۔ کہنے لگا میں نے نئی شادی کی، میرا گھر شہر کے قریب ہے۔ ایک بوڑھی اماں اور ایک چھوٹی بہن گھر میں ہیں، گھر سے تبلیغ کی نیت سے نکلا تو کہا:

''اللھم انت خلیفتی فی اھلی ورفیقی فی سفری

وتعز من تشاء وتذل من تشاء

یہ دعا آپ ﷺ نے سکھائی ہے، اللہ میرے گھر کا وراث بھی تو، میرے گھر میں میرے پیچھے کا محافظ بھی تو، میرے سفر کا ساتھی بھی تو، میرے ساتھ بھی تو، کہنے لگا کہ میں نے آیت الکرسی پڑھی اور کہا یا اللہ! یہ گھر اب تیرے حوالے، نوجوان بیوی تیرے حوالے، میری عزت بھی تیرے ہاتھ میں ہے۔

دعا کر کے چلا گیا، کچھ غنڈوں کو پتہ چلا کہ مولوی تو چلّے پر چلا گیا ہے۔ لوگ پوچھتے ہیں کہ مولوی جاتے ہیں، بیویاں کہاں چھوڑ جاتے ہیں؟ یہ کس کے سہارے پر چھوڑ جاتے ہیں؟ (اللہ کے) کہنے لگا میری تشکیل ہوگئی، کئی دنوں کے بعد ایک غنڈہ جو بڑا مشہور تھا، وہ رات کو مسلح ہو کر آیا، اس نے کہا کہ بڑھیا کا گلا گھونٹ دوں گا، لڑکی نوجوان ہے۔ اس کو اغوا کروں گا۔ جب مولوی آئے گا اس وقت تک میں سارا کام تمام کر جاؤں گا۔

اسے یہ نہیں پتہ تھا کہ کوئی اور قوت بھی موجود ہے۔ ''فاللہ خیر حافظا'' بھی موجود ہے۔ میرے مصطفیٰ ﷺ کو بچانے والا کون؟ (اللہ) ہماری حفاظت کرنے والا کون؟ (اللہ) ہماری نگرانی کرنے والا کون؟ (اللہ)

اس غنڈے نے منصوبہ بنایا کہ اندر جا کر بوڑھی کے منہ میں کپڑا ٹھونسوں گا، بڑی تیاری کی۔ ابھی دیوار ہی پھلانگی کہ دونوں گھٹنوں سے ٹانگیں ٹوٹ گئیں، اتنا درد ہوا کہ چیخا ہائے ہائے۔ لوگ اکٹھے ہوئے تو دیکھا کہ شہر کا غنڈہ ہے، بہت بڑا بہادر۔ لوگوں نے دیکھ کر پوچھا کہ کیا ہوا؟ کہنے لگا دونوں ٹانگیں ٹوٹ گئیں ہیں اور یہ سمجھ لو کہ یہ میری چھلانگ سے نہیں ٹوٹی ہیں، یہ خدائے قہار کے عذاب سے ٹوٹی ہیں۔ اللہ نے توڑ دی ہیں، اس طرح ٹوٹ گئیں کہ جڑ نہ سکیں۔ مجھے لے جاؤ میں بُرے ارادے سے آیا تھا۔ میں سمجھ گیا ہوں کہ جن کو خدا بچائے اس کی بے عزتی کوئی نہیں کر سکتا، ہسپتال لے گئے۔ گوشش کی، پلستر چڑھائے، اب تک ٹانگیں صحیح نہیں ہوئیں۔ جوانی گئی، سب کچھ گیا۔ اللہ نے بتا دیا کہ ''انت خلیفتی'' کہنے والا تو تبلیغ کر، تیری عزت کو میں خود بچاؤں گا۔ سبحان اللہ! خدا آج بھی ہے۔

والد کی خدمت کا نقد صلہ

ایک شخص کے تین لڑکے تھے۔ وہ بیمار ہوا تو بڑے بھائی نے اپنے بھائیوں سے کہا کہ تم مجھے والد کی خدمت کا موقع دو اور تم والد کی میراث لے لینا۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا اور وہ مرتے دم تک اپنے باپ کی خدمت کرتا رہا۔ پھر اس نیک اور فرمانبردار بیٹے نے خواب دیکھا کہ کوئی کہنے والا کہتا ہے کہ فلاں مقام پر جا اور وہاں سے ایک اشرفی لے لے، اس نے کہا کہ اس میں میرے لئے برکت بھی ہوگی؟

کہنے والے نے کہا نہیں۔ تو اس نے وہ اشرفی نہ لی۔ پھر دوسری شب اس نے دیکھا کہ کوئی کہنے والا کہتا ہے کہ فلاں مقام سے دس اشرفیاں لے لو۔ اس نے پوچھا اس میں برکت بھی ہوگی، پھر بھی جواب ملا کہ نہیں، پھر اس نے تیسری شب میں خواب دیکھا کہ کوئی کہہ رہا ہے کہ فلاں مقام سے ایک اشرفی لے لو اور اس میں تیرے لیے بہت برکت ہوگی۔

جب صبح ہوئی تو اس نے اس جگہ سے، جہاں اس نے خواب میں بتایا تھا وہ اشرفی لے کر اس کی ایک مچھلی خریدی، جب اس کو صاف کیا تو اس کے پیٹ سے دو قیمتی لعل ملے ان دونوں کو اس نے بادشاہ کے ہاتھ ساٹھ ہزار اشرفیوں میں فروخت کیا۔ پھر اس نے خواب دیکھا کہ کوئی کہتا ہے کہ تو نے اپنے باپ کی خلوص دل سے جو خدمت کی اور دنیا کے مال و دولت کی حرص نہیں کی۔ دنیا میں یہ اس کا صلہ ہے اور آخرت میں حق تعالیٰ شانہ جو انعام و اکرام عطا فرمائے، وہ بے شمار ہوگا۔ (نزہۃ المجالس جلد 1 ص 401)

Darul Ishaat Lahore
Whatsapp +92-322-4773786
www.facebook.com/magazinekhazina

جنت میں لے جانے والے بعض اعمال صالحہ

شیخ ارشد بشیر عمری مدنی

پچھلے تین ماہ میں پندرہ اعمال کا تذکرہ ہو چکا۔ مزید اعمال ملاحظہ فرمائیں۔

16 اللہ کی خاطر اپنے مسلم بھائی کی زیارت کرنا، اپنے شوہر سے محبت کرنے والی عورت

سیدنا انس سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''کیا میں تمہیں جنتی مردوں کے بارے میں نہ بتاؤں؟'' ہم نے عرض کیا: کیوں نہیں یا رسول اللہ! فرمایا: ''1. نبی جنتی ہے، 2. صدیق جنتی ہے، 3. وہ آدمی جو شہر کے دوسرے کونے میں کسی کو صرف اللہ کیلئے ملنے جاتا ہے وہ جنتی ہے۔''

(پھر فرمایا:) ''کیا میں تمہیں جنتی عورتوں کے بارے میں نہ بتاؤں؟'' ہم نے عرض کیا: کیوں نہیں یا رسول اللہ! فرمایا: ''1. ہر بہت محبت کرنے والی، 2. زیادہ بچے جننے والی، 3. جب وہ ناراض ہو یا اس سے برا معاملہ کیا جائے یا اس کا شوہر اس پر غصے ہو تو وہ (شوہر سے) کہے: یہ میرا ہاتھ تمہارے ہاتھ میں ہے، میں اس وقت تک نہیں سوؤں گی جب تک آپ مجھ سے راضی نہ ہو جائیں۔'' (سلسلہ صحیحہ: 3380)

17 عورت کا پنجگانہ نماز ادا کرنا، رمضان کے روزے رکھنا، اپنے شوہر کی اطاعت کرنا

حضرت عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جب عورت اپنی پانچ وقت کی نماز پڑھ لے، اپنے ماہ {رمضان} کا روزہ رکھ لے، اپنی شرمگاہ کی حفاظت کر لے اور اپنے شوہر کی اطاعت کر لے تو اس سے کہا جائے گا کہ جنت میں اس کے جس دروازے سے داخل ہونا چاہے داخل ہو جا۔'' (صحیح الجامع: 661)

18 لڑکیوں کی پرورش کرنا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص دو لڑکیوں کی پرورش کرے، یہاں تک کہ وہ جوان ہو جائیں تو قیامت میں میرا اس کا ساتھ (انگلیوں کو ملا کر فرمایا) اس طرح ہو گا۔'' (صحیح مسلم: 2631)

ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ ایک عورت اپنی دو بچیوں کو لیے مانگتی ہوئی آئی، میرے پاس ایک کھجور کے سوا اس وقت اور کچھ نہ تھا میں نے وہی دے دی، وہ ایک کھجور اس نے اپنی دونوں بچیوں میں تقسیم کر دی اور خود نہیں کھائی۔ پھر وہ اٹھی اور چلی گئی۔ اس کے بعد نبی کریم ﷺ تشریف لائے تو میں نے آپ ﷺ سے اس کا حال بیان کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے ان بچیوں کی وجہ سے خود کو معمولی سی بھی تکلیف میں ڈالا تو بچیاں اس کے لیے دوزخ سے بچاؤ کے لیے آڑ بن جائیں گی۔ (صحیح بخاری: 1418)

19 اولاد کی موت پر ثواب کی نیت سے صبر کرنا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ کسی مسلمان کے اگر تین بچے مر جائیں جو بلوغت کو نہ پہنچے ہوں تو اللہ تعالیٰ اس رحمت کے نتیجے میں جوان بچوں سے وہ رکھتا ہے مسلمان (بچے کے باپ اور ماں) کو بھی جنت میں داخل کرے گا۔ (صحیح بخاری: 1248)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار کی عورتوں سے فرمایا کہ تم میں سے جس کے تین لڑکے مر جائیں اور وہ (عورت) اللہ کی رضامندی کے واسطے صبر کرے، تو جنت میں جائے گی۔ ایک عورت بولی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر دو بچے مریں تو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو ہی سہی۔ ایک دوسری سند سے مرفوعاً روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس مسلمان (بقیہ ص 38)

روحانی درسگاہ کے طالب علموں کیلئے مفت خدمات goo.gl/g5Nbov

طلسمات، اوراد و وظائف، دعاؤں، علم الاعداد، خواب نامے، فالنامے، اسلامی ناموں پر صدیوں پرانے عملیات و تعویذات کی نایاب کتب

کتاب کا نام	مصنف کا نام	عام قیمت
فقری مجموعہ وظائف ریگزین	عالم فقری	450
فقری مجموعہ وظائف (لیمینیشن)	عالم فقری	400
اورادووظائف (مجلد)	سید غلام مصطفیٰ شاہ گیلانی	350
حصن حصین (مجلد) مسنون دعاؤں کا مجموعہ	مولانا عاشق الٰہی بلند شہریؒ	250
دلائل الخیرات اعلیٰ معہ قصیدہ بردہ شریف	حضرت امام محمد المہدی	250
اورادغوثیہ (مجلد)	حضرت شاہ محمد غوث گوالیاری	120
مجموعہ ختم شریف مع ختم خواجگان	پیر محمد امین ساجد	120
فاتحہ خوانی کا طریقہ	حضرت صوفی شیخ محمد لطیف	50
مسنون دعائیں (پاکٹ کارڈ کور)	مولانا عاشق الٰہی بلند شہری	40
مسنون دعائیں (پاکٹ پلاسٹک کور)	مولانا عاشق الٰہی بلند شہری	50
تعویذ 12 ہیرے		
تعبیر الرویاء کلاں (اعلیٰ)	حضرت علامہ ابن سیرینؒ	660
سچا خواب نامہ اعلیٰ (مجلد) و تعبیر نامہ غوثیہ	حاجی محمد عظیم بٹ عظیمی قادری	350
سچا خواب نامہ یوسف علیہ السلام	حاجی محمد عظیم بٹ عظیمی قادری	280
سچا خواب نامہ	سید غلام مصطفیٰ شاہ	220
سچا خواب نامہ یوسف علیہ السلام	محمد حسین آزاد اجمیری	140
خواب نامہ یوسفی معہ تعبیر نامہ غوثیہ	مولانا عبدالعلی چشتی قادری	100
خواب نامہ یوسفی	مولانا عبدالعلی چشتی قادری	60
مجموعہ فالنامہ قلندری (مجلد)	مولانا عبدالعلی چشتی قادری	200
فالنامہ قرآنی	مولانا عبدالعلی چشتی قادری	60
علم الاعداد کے مطابق ہر عدد کے منتخب ناموں کی مکمل کتاب اعلیٰ (مجلد)	پیر سید ارتضیٰ علی کرمانی	300
ناموں کی مکمل کتاب (کارڈ)	پیر سید ارتضیٰ علی کرمانی	250
خوبصورت نام انگلش سپیلنگ کے ساتھ (مجلد)	پیر سید ارتضیٰ علی کرمانی	200
خوبصورت نام انگلش سپیلنگ کے ساتھ (کارڈ)	پیر سید ارتضیٰ علی کرمانی	180
علم الاعداد اور برجوں کی روشنی میں پیارے بچوں کے اسلامی نام (مجلد)	پیر سید ارتضیٰ علی کرمانی	160
اسلامی ناموں کی ڈکشنری	محمد مختار	120
پیارے بچوں کے اسلامی نام	سید اسد رضا کرمانی	70
برجوں کی روشنی میں بچوں کے نام	سید غلام مصطفیٰ شاہ گیلانی	80
مسلمان بچوں کے نام	سید غلام مصطفیٰ شاہ گیلانی	50
پیارے بچوں کے پیارے نام (پاکٹ)	سید غلام مصطفیٰ شاہ گیلانی	30

لال کتاب (حصہ اول) (صدیوں پرانے عملیات و تعویذات کی نایاب کتاب)	سید غلام مصطفیٰ شاہ گیلانی	550
لال کتاب (حصہ دوئم) (صدیوں پرانے عملیات و تعویذات کی نایاب کتاب)	سید غلام مصطفیٰ شاہ گیلانی	450
طلسمی عملیات و تعویذات عظیمی	صوفی عبدالقادر نقشبندی مجددی	200
محفل تسخیرات (تسخیر القلوب، تسخیر ہمزاد، تسخیر جنات)	پیر سید ارتضیٰ علی کرمانی	450
روحانی عملیات کی سب سے بڑی کتاب	پیر سید ارتضیٰ علی کرمانی	600
کرشمات حاضرات (تسخیر الارواح، تسخیر ہمزاد و موکلات)	سید حسین شاہ گیلانی	400
بیاض محمدی (مجرب عملیات)	حضرت شیخ محمد محدث تھانوی	80
ذخائر چشتیہ (اعلیٰ) عملیات صالحین	شیخ فیض محمد چشتی	200
دست شناسی کا انسائیکلوپیڈیا	سید ابوالاسد وارثی	350
علم الاعداد کا انسائیکلوپیڈیا	سید ابوالاسد وارثی	350
برجوں کا انسائیکلوپیڈیا	سید ابوالاسد وارثی	350
کالا جادو (جنات، سحر آسیب کا روحانی علاج)	سید شکیل شاہ	350
اسرار مخفی (مجلد)	حاجی غلام شبیر قادری	500
اسرار العملیات	حاجی غلام شبیر قادری	400
اسرار البحر (نسخہ نادر و نایاب ذخیرہ علم البحر)	سید غلام حسین شاہ گیلانی	300
کرشمات ہدہد	سید ابوالاسد وارثی	80
استخارہ خود کیجئے	سید ابوالاسد وارثی	100
اسرار النجوم	حکیم غلام فرزند علی قادری	250
محبوب الرمل	حکیم غلام فرزند علی قادری	250
مفتاح العملیات	حاجی غلام شبیر قادری	350
مقبول عملیات	حاجی غلام شبیر قادری	400
مجرب عملیات و تعویذات روحانی (مجلد)	محمود الحسن صدیقی	350
گنجینہ عملیات طلسمی سو سال پرانی (مجلد)	حضرت سید فضل حسین (انڈیا)	250
نادعلی فضائل و عملیات (کلاں)	صوفی شیخ محمد لطیف نقشبندی	100
کتاب الحب یعنی عملیات عشق محبت	حضرت میاں اعظم مہاروی	350
آئینہ عملیات (مجلد)	عزیز الرحمن پانی پتی	220
خزینہ عملیات	عزیز الرحمن پانی پتی	220
گلزار تعویذات (اردو)	ترجمہ: امان اللہ خوشنویس	120
تسخیر جنات (جنات کو قابو کرنے کا طریقہ) مجلد	سید حسین شاہ گیلانی	200
تسخیر ہمزاد (ہمزاد کو قابو کرنے کے آسان طریقے) مجلد	سید حسین شاہ گیلانی	200
تسخیر القلوب (مجلد)	حضرت پر سید ارتضیٰ علی کرمانی	200

WhatsApp 0323-4487877
darulamal.org/bookshop
maktabatulaarif@gmail.com

مکتبۃ العارف دار العمل الحشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0323-4487877
042-35410586
+maktabatulaarif
0332-4487877
+maktabatulaarif

اسماء الحسنیٰ کے روحانی فوائد

عزیر احمد مفتاحی قاسمی

معرفت والوں کا مرتبہ پانے کے لئے

الھادی (راستہ دکھانے والا)

خاصیت: ہاتھ اٹھا کر آسمان کی طرف منہ کر کے اس نام کو کثرت سے پڑھ کر ہاتھوں کو چہرے پر ملے تو معرفت والوں کا مرتبہ پائے۔

نفس کے ہاتھوں سے چھٹکارا پانے کے لئے

الخبیر (سب چیزوں سے واقف)

خاصیت: جو نفس کے ہاتھوں میں گرفتار ہو اس کو کثرت سے پڑھتا رہے ان شاء اللہ چھٹکارا پالے گا۔

شیطانی وسوسے سے پناہ

المقسط (انصاف کرنے والا)

خاصیت: اس کو ہمیشہ پڑھتے رہنے سے عبادت میں وسوسہ نہ آئے گا۔

عزت وحرمت کے لئے اور نفس کو فرماں بردار بنانے کے لئے

الملك القدوس (حقیقی بے نیاز بادشاہ، نہایت پاک وصاف)

خاصیت: اس کو ہمیشہ پڑھتے رہنے سے نفس فرماں بردار ہو اور عزت وحرمت کے لئے مجرب ہے۔

شیطان کے شر سے حفاظت کے لئے اور اللہ کی امان میں رہنے کے لئے

المؤمن (امن دینے والا)

خاصیت: جو پڑھے گا یا اس کو اپنے ساتھ رکھے گا شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اور کوئی اس پر قدرت نہیں پائے گا، اس کا ظاہر و باطن اللہ کی امان میں رہے گا۔

شیطان کے وسوسے اور فتنے سے محفوظ رہنے کے لئے

المقسط (انصاف کرنے والا)

خاصیت: اس کو سو بار پڑھنے سے شیطان کے فتنے اور وسوسے سے مامون رہے۔

مخلوق کے رازوں سے واقف ہونے کے لئے

الولی (مددگار دوست)

خاصیت: اس نام کو کثرت سے پڑھے تو مخلوق کے بھیدوں سے آگاہ ہو جائے۔

بدزبانی اور فحش سے بچنے کے لئے

الحمید (ستودہ، قابل تعریف)

خاصیت: جس کو بدزبانی اور فحش بکنے کی عادت ہو اور بچنا مشکل ہو تو وہ اس نام کو پیالے پر لکھے، ہمیشہ اسی سے پانی پیا کرے تو فحش سے امن میں رہے۔

عذاب قبر اور قیامت کے حساب سے بے خوف رہنے کے لئے

المحصی (گھیرنے والا)

خاصیت: جمعہ کی رات میں اس نام کو ایک ہزار بار پڑھے تو عذاب قبر اور قیامت کے حساب سے بے خوف رہے۔

غلطی نہ ہونے کے لئے

المحصی (گھیرنے والا)

خاصیت: جو اس نام کی کثرت کرے وہ غلطی نہ کرے۔

نفس کو فرماں بردار بنانے کے لئے

الممیت (موت دینے والا)

خاصیت: اپنے نفس پر قدرت نہ ہو تو سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر الممیت پڑھتے پڑھتے سو جائے، اللہ تعالیٰ نفس کو اس کے تابع بنا دیں گے۔

Darul Ifta, Lahore
Whatsapp
+92-322-4773786
darulifta.org/magazines/روحانیات

سورۂ آل عمران سے روحانی علاج

حضرت مولانا حسن الہاشمی دامت برکاتہم العالی

اگر کوئی شخص اپنے روزگار سے محروم ہو گیا یا مالدار آدمی کسی وجہ سے غربت وافلاس کا شکار ہو گیا۔ یا کوئی شخص صاحب عزت تھا اور پھر ذلیل وخوار ہو گیا یا کوئی شخص صاحب اولاد تھا اور پھر اس کی اولاد مر گئی یا کوئی عورت معزز تھی، سرمایہ دار تھی، پھر وہ بیوہ ہو کر اپنی حیثیت کھو بیٹھی اور غربت وناداری میں مبتلا ہو گئی۔ اس کے اپنے اس کے مخالف ہو گئے یا کوئی شخص ناحق کسی مقدمے میں پھنس گیا ہو۔ یا کوئی شخص کسی دشمن کی سازش کا شکار ہو کر اپنی عزت ووقار سے محروم ہو گیا ہو۔ ایسی تمام صورتوں میں ایک سو گیارہ مرتبہ سورۂ آل عمران کی یہ آیت پڑھے اور آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ان شاء اللہ مذکورہ تمام مسائل میں اور ان کے علاوہ دوسرے مصائب وآلام میں غیبی مدد حاصل ہوگی۔ اور حالات حیرتناک حد تک بدل جائیں گے۔ آیت یہ ہے۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (سورۂ آل عمران آیت نمبر ۲۶)

اکیس دن تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ اسی دوران نصرت خداوندی کی ہوائیں چلنی شروع ہو جائیں گی۔ ذلت عزت میں بدل جائے گی۔ غربت مالداری میں تبدیل ہو جائے گی۔ اور مخالفین کے دلوں میں بھی نرم گوشے پیدا ہو جائیں گے۔

اس آیت کا نقش بھی بے حد مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ شرط یہ ہے کہ نقش وہ شخص لکھے جو اس آیت کا باقاعدہ عامل ہو اور اس آیت کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ چار چلوں میں سوا لاکھ کی تعداد پوری کی جائے اور روزانہ آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۲۱۴۵	۲۱۴۸	۲۱۵۱	۲۱۳۸
۲۱۵۰	۲۱۳۹	۲۱۴۴	۲۱۴۹
۲۱۴۰	۲۱۵۳	۲۱۴۶	۲۱۴۳
۲۱۴۷	۲۱۴۲	۲۱۴۱	۲۱۵۲

حاسدوں کے حسد اور بدخواہوں کی ریشہ دوانیوں سے بچنے کے لئے سورۂ آل عمران کی یہ آیت نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد سات سات مرتبہ پڑھنی چاہئیں۔ اور آگے پیچھے تین تین مرتبہ درود شریف پڑھنا چاہیے۔ اس وظیفے کو ہمیشہ پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ وبال حسد سے اور دشمن کی چالبازیوں سے حفاظت ہوگی۔

آیت یہ ہے:

قُلْ إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ (سورۂ آل عمران ۷۳۔۷۴)

اس آیت کریمہ کا نقش بھی حسد اور سازش سے بچاؤ کیلئے مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ اور اللہ کے فضل وکرم سے نقش باندھنے والا، حاسدوں کے حسد اور دشمنوں کی سازش سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۱۸۳۰	۱۸۳۳	۱۸۳۷	۱۸۲۳
۱۸۳۶	۱۸۲۴	۱۸۲۹	۱۸۳۴
۱۸۲۵	۱۸۳۹	۱۸۳۱	۱۸۲۸
۱۸۳۲	۱۸۲۷	۱۸۲۶	۱۸۳۸

اس آیت کی زکوٰۃ کا بھی طریقہ وہی ہے کہ سوا لاکھ مرتبہ ایک چلے میں یا تین چلوں میں پڑھیں۔ اگر ایک چلے میں تعداد پوری کریں تو ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اور اگر تین چلوں میں تعداد پوری کریں تو ۱۰۴۵ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اور اس کے بعد نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد سات سات مرتبہ عمر بھر پڑھتے رہیں۔ ان شاء اللہ آیت کی زکوٰۃ نکالنے (بقیہ ص 45)

دینی مدارس کے طلبا اور طالبات کیلئے مفت خدمات goo.gl/bZ8OM2

درود شریف کے حفاظتی اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

جن آسیب وغیرہ سے حفاظت

صَلَّى اللهُ سُبْحَانَهُ وَبِحَمْدِهٖ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِهٖ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَآلِهٖ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ كَمَا هُوَ أَهْلُهٗ

ہر فرض نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے سے جن، آسیب، بھوت پریت وغیرہ سے حفاظت رہے گی۔ (ذریعۃ الوصول: ۲۰۰)

حصار درود تنجینا

حصارِ درود تنجینا ہزار حصاروں سے بہتر ہے۔ جس جلسہ اور جس وظیفہ میں یا دعوت اور چلّے میں اکیس (۲۱) مرتبہ پہلے درود پڑھیں اور اپنے اوپر دم کریں اور وظیفہ تمام کر کے بھی گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ یہ درود شریف حصار ہے۔ دعا بھی ہے۔ بہت نافع ہے۔ اگر اس کی زکوٰۃ ادا کرے تو کوئی بلا عامل کے پاس نہ آئے اور جو مطلب ہو، خدا اُس کو پورا کرے اور عامل کے نگہبان فرشتے ہوں۔ درود معظم یہ ہے:

اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَ تَقْضِيْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ، وَ تُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ، وَ تَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ، وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ، مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيَاةِ وَ بَعْدَ الْمَمَاتِ، اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

اس درود کے بعد چاروں قل پڑھیں اور طہارت تمام کے ساتھ حصار کریں۔ یہ درود حاجتوں کو برلانے والا ہے۔

حفاظت کا غیبی نظام

حضرت حکیم طارق محمود چغتائی صاحب مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر آپ کا کوئی دشمن ہے، حاسد ہے یا آپ کو اپنے افسر یا وقت کے حکمران سے خطرات درپیش ہیں اور آپ کو قدم قدم پر اپنی جان کا خطرہ ہے تو روزانہ نمازِ عشاء کے بعد نہایت یکسوئی کے ساتھ باوضو ہو کر اکتالیس (۴۱) مرتبہ درود تاج کا ورد کریں اور یہ عمل بلاناغہ چالیس (۴۰) دنوں تک جاری رکھیں تو اللہ کے فضل و کرم سے آپ کی حفاظت کے لیے ایک غیبی نظام متوجہ ہو جائے گا۔

آنے والی بلاؤں سے حفاظت

ہر مصیبت اور بلا جو لوگوں پر نازل ہونے والی ہو، اس سے یہ درود شریف حفاظت کرتا اور مصائب و بلیّات کو دور کرتا ہے، درود پاک یہ ہے: ''اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔''

بقیہ ص (7): حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ

اُس سے محبت اور پیار فرمائیں۔ آپؓ کے متعلق سرکار دو عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میرا بیٹا حسن میری ہیبت اور سرداری کا وارث ہے۔ آپؓ کے متعلق حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تم میرے پھول اور میرے دل کا چین ہو۔ آپؓ کا ہاتھ پکڑ کر حضور اکرم ﷺ ارشاد فرمایا کرتے تھے کہ جو شخص بھی میں محمد ﷺ سے محبت کرتا ہے اس کو چاہیے کہ وہ میرے بیٹے حسنؓ اور ان کے ماں باپ سے محبت رکھے اور جو ان سے محبت رکھے گا وہ محشر کے میدان میں میرے ساتھ ہوگا۔ آپؓ کے بارے میں حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اے میرے بیٹے حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ، میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بہت بڑے سخی تھے۔ آپؓ بہت بڑے بہادر تھے۔ آپؓ بہت پُراثر خطیب تھے۔ آپؓ کو زہر کھلا کر شہید کیا گیا۔ آپؓ کی عمر مبارک شہادت کے وقت **46** سال تھی۔ آپؓ جنت البقیع میں اپنی والدہ ماجدہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پہلو میں آرام فرما ہیں۔ اللہ تعالیٰ اُن پر لاکھوں رحمتوں کا نزول فرمائے، یا اللہ ہمیں حضرت سیدنا امام حسنؓ سے سچی محبت عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین یارب العالمین۔

Whatsapp +92-322-4773780
Darulamal.org/magazine

مولانا حسن الہاشمی مدظلہ کے خاص نمبر اولیاء اللہ کے مجرب اعمال سے بھرپور، عاملین کی توجہ کے مرکز

طلسماتی دنیا (استخارہ نمبر) (جنوری، فروری 2006ء)

صفحات: 202 | قیمت: 500 روپے | فوٹوسیٹ (امپورٹڈ پیپر)

● اللہ تعالیٰ سے مشورہ کرنے کے حیرتناک طریقے ● استخارہ بذریعہ اعداد ● استخارہ کیا ہے؟ ● استخارہ صحیح طریقہ اور صالح طریق کار ہے ● شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اور حکمت استخارہ ● استخارہ کی ضرورت واہمیت ● پس منظر استخارہ ● علم الاعداد ● ضرورت استخارہ ● استخارہ اور سنت نبوی ﷺ ● کرشمات جفر ● آداب استخارہ ● استخارہ کب اور کس لئے؟ ● مسائل استخارہ ☆ اعداد کا جادو ● صنم خانہ عملیات ● استخارہ کا مکمل طریقہ ● استخارہ کے معانی اور لغوی تحقیق ● فالنامہ کے مقاصد ● عجیب وغریب فالنامہ ● فالنامہ حکیم طم طم ● انوکھا فالنامہ ● رہنمائی حاصل کرنے کا حیرت انگیز طریقہ ● فالنامہ اکبری ● فالنامہ علم الاعداد ● شرف شمس کا ایک اور قیمتی عمل ● استخارہ کتنی بار کرنا چاہئے؟ ● استخارہ کی دعائیں ● استخارہ، رجوع الی اللہ کا عملی مظاہرہ ہے ● استخارہ تفویض وتوکل کا عملی ثبوت ہے

طلسماتی دنیا (درود وسلام نمبر) (جنوری، فروری 2008ء)

صفحات: 202 | قیمت: 550 روپے | فوٹوسیٹ (امپورٹڈ پیپر)

علاج بالقرآن ● درود شریف کے ذریعہ مسائل کا حل ● علم النقوش ● برج حمل ● درود کن اوقات میں پڑھنا چاہئے ● کاروبار میں ترقی اور مال دار بننے کیلئے ● دل کی گھبراہٹ اور بلڈ پریشر کیلئے ● ہر قسم کی مشکل اور حاجت کیلئے ● میاں بیوی میں مثالی محبت پیدا کرنے کیلئے ● ذاتی گھر کے حصول کیلئے ● ہر امتحان میں کامیابی کیلئے ● من پسند رشتے کیلئے ● ظالم شوہر سے نجات اور تنگ دستی سے چھٹکارا پانے کیلئے ● بے گناہ کی رہائی اور مقدمہ میں کامیابی کیلئے ● آنکھوں کی جملہ تکالیف دور کرنے کیلئے ● ہر قسم کے درد اور لاعلاج بیماری کیلئے ● جنات سے حفاظت کیلئے ● ادائیگی قرض کیلئے ● جنتی پرندے کی دعاء مغفرت کا عجیب فارمولہ ● مقبولیت وتسخیر کا ایک عجیب عمل ● حاسدوں سے حفاظت کیلئے ● دشمنوں کو دوست بنانے کیلئے ● اور بہت ہی لاجواب اور مجرب اعمال اس میں موجود ہیں

طلسماتی دنیا (اعمال شر نمبر) (جنوری، فروری 2007ء)

صفحات: 202 | قیمت: 800 روپے | فوٹوسیٹ (امپورٹڈ پیپر)

بغض وعداوت کے قیمتی اعمال، زبان بندی کے انوکھے طریقے، بغض وعداوت کے طلسماتی عملیات، تسخیر ہمزاد کے شہرۂ آفاق عملیات، دعا برتہیہ کے اعمال گرہن اور حرف صوامت کے طلسم شمس وقمری گرہن اور حروف صوامت انتقام، اسرار حروف، نقوش عداوت ● زبان بندی کے اعمال ● شمس وقمر گرہن اور حروف صوامت ● شرف زہرہ ● اسرار حروف ● طلسم حجاب الابصار ● گرہن اور حروف صوامت ● بغض و عداوت کے طلسماتی اعمال ● عمل بندش ● اعمال شر کے موثر تین اوقات ● کرایہ داروں سے نجات کیلئے ● فراخی رزق کیلئے ● دشمن کو عہدے، منصب سے معزول کرنے کیلئے ● دشمن کو تباہ کرنے کا عمل ● دشمن کو ذلیل وخوار کرنے کا نقش ● کسی کا عشق ختم کرنے کیلئے ● کسی کا کاروبار باندھنے کیلئے ● کسی کے ارادے اور عزائم باندھنے کیلئے ● عشق کو رفع کرنے کیلئے ● عشق زائل کرنے کیلئے ● لوح تسخیر اکبر ● بندش سے نجات کیلئے ● احتلام سے بچنے کیلئے لوٹے کا عمل اس کے علاوہ بہت ہی مجرب اعمال موجود ہیں

طلسماتی دنیا (بندش نمبر) (مارچ، اپریل 2016ء)

صفحات: 162 | قیمت: 800 روپے | فوٹوسیٹ (امپورٹڈ پیپر)

● گھر اور دکان کی بندش کرنے کا طریقہ ● سات سلام اور چہل کاف کا عامل بنیں ● بندش لگانے اور کھولنے کے تیر بہدف اعمال ● جادو اور بندش کا توڑ ● بندش کیا ہوتی ہے؟ ● ہر طرح کی بندش کا کرشماتی توڑ ● رزق کی بندش ختم کرنے کے اعمال ● طلسمات کا خزانہ ● سفر کی بندش ختم کرنے کے اعمال ● اولاد کی بندش ختم کرنے کا ایک خاص عمل ● ہر قسم کی بندش کو ختم کرنے کے مجرب اعمال ● مختلف بندشوں کو ختم کرنے کے اعمال ● رشتے کی بندش ختم کرنے کے اعمال ● سفلی بندش، جادو اور جنات کا علاج بذریعہ قرآن ● سحر اور جادو کی حاضری کا طریقہ ● دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنا اور ان کی زبان بندی ● لوح خلاصی بندش ● بندش روزگار کیسے ختم ہو؟ ● کاروبار کی بندش ختم کرنے کے اعمال ● بندش رزق و بیان عملیات تسخیر ● بندش کو ختم کرنے کے فارمولے ● دفع بندش، روحانی علاج ● لوح خاص دفع بندش ● دعائے حاجات ● بندش لگانے کے طریقے ● دشمن کا کاروبار تباہ کرنے کیلئے ● بندش لگانے کے خاص اعمال ● جنات کی حقیقت ● عجیب وغریب عمل ● کیف مریم اور سورۂ ناس ● وغیرہ

Whatsapp +92-322-4773786

مکتبۃ العارف دار العمل لاہور پاکستان
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0323-4487877
042-35410586
+maktabatulaarif
0332-4487877
+maktabatulaarif

حزب التوسل للامام الشاذلی رضی اللہ عنہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَوَسَّلُ بِكَ اِلَیْكَ. اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُقْسِمُ بِكَ عَلَیْكَ. اَللّٰھُمَّ كَمَا كُنْتَ دَلِیْلِیْ عَلَیْكَ فَكُنْ شَفِیْعِیْ اِلَیْكَ. اَللّٰھُمَّ اِنَّ حَسَنَاتِیْ مِنْ عَطَایَاكَ وَسَیِّئَاتِیْ مِنْ قَضَائِكَ. فَجُدْ اللّٰھُمَّ بِمَا اَعْطَیْتَ عَلٰی مَا بِهٖ قَضَیْتَ. حَتّٰی تَمْحُوْ ذَالِكَ بِذَالِكَ لَا لِمَنْ اَطَاعَكَ فِیْمَا اَطَاعَكَ فِیْهِ لَهُ الشُّكْرُ وَ لَا لِمَنْ عَصَاكَ فِیْمَا عَصَاكَ فِیْهِ لَهُ الْعُذْرُ لِاَنَّكَ قُلْتَ وَ قَوْلُكَ الْحَقُّ. لَا یُسْئَلُ عَمَّا یَفْعَلُ وَ هُمْ یُسْئَلُوْنَ. اِلٰهِیْ لَوْ لَا عَطَاؤُكَ لَكُنْتُ مِنَ الْهَالِكِیْنَ. وَلَوْ لَا فَضْلُكَ لَكُنْتُ مِنَ الْغَاوِیْنَ. وَاَنْتَ اَجَلُّ وَ اَعْظَمُ وَ اَعَزُّ وَ اَكْرَمُ مِنْ اَنْ تُطَاعَ اِلَّا بِاِذْنِكَ. وَ رِضَاكَ اَوْ اَنْ تُعْصٰی اِلَّا بِحِلْمِكَ وَقَضَآئِكَ اِلٰهِیْ مَا اَطَعْتُكَ حَتّٰی رَضِیْتَ وَ لَا عَصَیْتُكَ حَتّٰی قَضَیْتَ. اَطَعْتُكَ بِاِرَادَاتِكَ وَالْمِنَّةُ لَكَ عَلَیَّ وَ عَصَیْتُكَ بِتَقْدِیْرِكَ. وَالْحُجَّةُ لَكَ عَلَیَّ فَبِوُجُوْبِ حُجَّتِكَ وَ انْقِطَاعِ حُجَّتِیْ اِلَّا مَا رَحِمْتَنِیْ وَ بِفَقْرِیْ اِلَیْكَ. وَ غِنَاكَ عَنِّیْ اِلَّا مَا كَفَیْتَنِیْ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ. اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ لَمْ آتِ الذُّنُوْبَ جُرْاَةً مِّنِّیْ عَلَیْكَ وَ لَا اسْتِخْفَافًا بِحَقِّكَ وَلٰكِنْ جَرٰی بِذَالِكَ قَلَمُكَ. وَنَفَذَ بِهٖ حُكْمُكَ وَ اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ. وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ. وَالْعُذْرُ اِلَیْكَ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ. اَللّٰھُمَّ اِنَّ سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَ لِسَانِیْ وَ قَلْبِیْ وَ عَقْلِیْ بِیَدِكَ وَلَمْ تُمَلِّكْنِیْ مِنْ ذَالِكَ شَیْئًا فَاِذَا قَضَیْتَ بِشَیْءٍ فَكُنْ اَنْتَ وَلِیِّیْ وَاهْدِنِیْ اِلٰی اَقْوَمِ سَبِیْلٍ یَا خَیْرَ مَنْ سُئِلَ وَ اَكْرَمَ مَنْ اَعْطٰی یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ. وَ یَا رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اِرْحَمْ عَبْدًا لَا یَمْلِكُ دُنْیًا وَ لَا اُخْرٰی اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ. وَ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ. وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ.

حزب النور للامام الشاذلی رضی اللہ عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا اَللّٰهُ یَا نُوْرُ یَا حَقُّ یَا مُبِیْنُ اِفْتَحْ قَلْبِیْ بِنُوْرِكَ. وَعَلِّمْنِیْ مِنْ عِلْمِكَ وَفَهِّمْنِیْ عَنْكَ. وَاسْمَعْنِیْ مِنْكَ وَبَصِّرْنِیْ بِكَ. وَ اَحْیِنِیْ بِرُوْحٍ مِنْكَ. وَاَقِمْنِیْ لِشُهُوْدِكَ. وَعَرِّفْنِیَ الطَّرِیْقَ اِلَیْكَ وَهَوِّنْهَا عَلَیَّ بِفَضْلِكَ وَ اَكْسُنِیْ لِبَاسَ التَّقْوٰی مِنْكَ وَبِكَ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ.

اَللّٰھُمَّ اذْكُرْنِیْ وَذَكِّرْنِیْ وَتُبْ عَلَیَّ وَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَةً اُنْسٰی بِهَا كُلَّ شَیْءٍ سِوَاكَ. وَهَبْ لِیْ تَقْوَاكَ. وَاجْعَلْنِیْ مِمَّنْ یُحِبُّكَ وَیَخْشَاكَ. وَیَفْعَلُ لِیْ مِنْ كُلِّ هَمٍّ وَ اَیِّدْنِیْ بِنَصْرِ الْمُبِیْنُ. صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهُ وَ نَصَرَ عَبْدَهُ وَ اَعَزَّ جُنْدَهُ وَ هَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهُ. طٰهٰ. مَآ اَنْزَلْنَا عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰی. اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ یَّخْشٰی. تَنْزِیْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰی. اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی. لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰی. وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ یَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰی. اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی.

اَسْاَلُكَ بِهٰذَا الْاِسْمِ الْعَظِیْمِ الَّذِیْ حَفِظْتَ بِهٖ اَوْلِیَائِكَ الْكِرَامِ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَلِكُ الْعَلَّامُ. اَنْ تَجْعَلَنِیْ بِالْاُسْوَةِ الْحَسَنَةِ الَّتِیْ كَانَتْ فِیْ اِبْرَاهِیْمَ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَاٰءُ مِّنْكُمْ وَ مِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَفَرْنَا بِكُمْ وَ بَدَا بَیْنَنَا وَبَیْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰی تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ. وَحْدَهٗ جُلَّ رَبِّیْ اَنْ یُّوْجَدَ لِشَیْءٍ اَوْ یَفْقِدُ لِشَیْءٍ لِاَنَّهٗ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَ لَا فِی السَّمَآءِ وَ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ الْبَصِیْرُ.

نوٹ: ان دونوں احزاب کے عامل بننے کیلئے روحانی درسگاہ رابطہ کریں۔

whatsapp +92-322-4773786 www.dawateislamia.org/magazine/

جادو سے نجات کے مجرب اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

سحر جادو سے نجات کا طریقہ

حضرت غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ سحر جادو سے متاثرہ مریضوں کے علاج کا یہ طریقہ قوی الاثر اور مجرب ہے۔ جہاں دیگر طریقہ ہائے علاج مؤثر نہ ہوں وہاں اس طریقہ علاج سے فائدہ اٹھائیں۔ سحر جادو کے جملہ اثرات ختم ہوجائیں گے۔ طریقہ یہ ہے کہ مسحور مریض کو اپنے سامنے بٹھا کر تین مرتبہ درود شریف، سات مرتبہ سورۃ فاتحہ اور سات سات مرتبہ سورۃ فلق اور سورۂ والناس پھر سورۂ یٰس کی آیت مبارکہ (سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْم) سات مرتبہ پڑھ کر پھر آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر مریض مسحور کے پورے جسم پر دم کریں۔ اور نقش نمبر 1 کو مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ نقش نمبر 2 چھ عدد زعفران وگلاب سے تحریر کریں۔ ایک نقش عرق گلاب کی بڑی بوتل میں ڈال دیں جسے مریض مسحور سات یوم تک مسلسل صبح دوپہر شام پیتا رہے۔ باقی پانچ نقوش میں سے ہر جمعرات کو صبح نہار منہ ایک نقش عرق یا پانی میں گھول کر پی لیا کرے۔ مریض کو ہدایت کریں کہ وہ ہر وقت باوضو رہے اور درود پاک بکثرت تلاوت کرتا رہے۔

ان شاء اللہ چالیس یوم کے اندر اندر سحر جادو کے تمام اثر بدن کی رگوں سے زائل ہوجائیں گے اور مریض مکمل صحت مند ہوجائے گا۔ نقش نمبر 1 یہ ہے:

۷۸۶

۹۳۲۹	۹۳۳۳	۹۳۳۶	۹۳۲۲
۹۳۳۵	۹۳۲۳	۹۳۲۸	۹۳۳۴
۹۳۲۴	۹۳۳۸	۹۳۳۱	۹۳۲۷
۹۳۳۲	۹۳۲۶	۹۳۲۵	۹۳۳۷

الٓمّٓصٓ طٰهٰ طٰسٓمٓ كٓهٰيٰعٓصٓ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْم

حٰمٓ عٓسٓقٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْن۔

نقش نمبر 2 یہ ہے:

۷۸۶

۱۲۴۴۳	۱۲۴۳۶	۱۲۴۴۱
۱۲۴۳۸	۱۲۴۴۰	۱۲۴۴۲
۱۲۴۳۹	۱۲۴۴۴	۱۲۴۳۷

الٓمّٓصٓ طٰهٰ طٰسٓمٓ كٓهٰيٰعٓصٓ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْم

حٰمٓ عٓسٓقٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْن

سحر سے نجات کے لیے بتاشے کھلانے والا عمل

سات بتاشوں پر مندرجہ ذیل عزیمت سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کرکے دیں۔ اور روزانہ ایک بتاشہ عصر اور مغرب کے درمیان مریض کو کھلائیں۔ ان شاء اللہ سات روز میں مریض کو سحر سے نجات ملے گی۔

عزیمت یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم۔ اَهِيًّا اَشْرَاهِيًّا بِحَقِّ يَابَاسِطُ وَبِحَقِّ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ وَبِحَقِّ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ وَ بِحَقِّ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ وَبِحَقِّ يَاشَمْعُلُوْنِيْ

اگر خدانخواستہ مرض میں کسر رہ جائے تو پھر مزید دو ہفتے لگاتار اس علاج کو کریں۔ اس طرح کُل تین ہفتے کا علاج ہوجائے گا۔

سحر سے نجات کے لیے روحانی نمک

زیادہ مقدار میں کھانے کا آئیوڈین ملا نمک لے کر اس پر مندرجہ ذیل آیت ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ پڑھ کر دم کرکے رکھ لیں۔ جب مریض آئے تو حسبِ ضرورت نمک اس کو دیں۔ اور مریض چالیس (۴۰) یوم تک متواتر کھانے پینے کی چیزوں میں روزانہ معمولی سا دم شدہ نمک ملا کر کھائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جادو سے نجات ملے گی۔ آیت یہ ہے:

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿۷۲﴾ (البقرۃ: ۷۲)

نوٹ دورانِ علاج مریض حتی الامکان بازار کا کھانا نہ کھائے۔

ادارے کی شائع کردہ کتب کی تفصیل goo.gl/qYfFzs

رجال الغیب کیا ہیں؟

حضرت پیر غلام سرور شباب صاحب مدظلہ

رجال الغیب مردانِ خدا ہیں۔ جو عامل کی حرکات وسکنات میں دخیل ہوتے ہیں۔ قادرِ مطلق نے جس طرح فرشتوں کو نظامِ دنیا پر متعلق کر رکھا ہے۔ کوئی بارش کا موکل ہے۔ کوئی ہوا کا۔ اسی طرح رجال الغیب اعمال روحانی پر حکمران ہیں۔ یہ زمین کے گرد چکر لگاتے رہتے ہیں۔ ان کی تاریخیں مقرر ہیں کہ یہ آج کس طرف ہیں۔ جب کوئی ابتدا، عمل یا وظیفہ وغیرہ کریں، تو معلوم کریں۔ کہ آج رجال الغیب کس طرف ہیں۔ اگر یہ روبرو ہوں تو نحس ہوتا ہے۔ ان کی طرف منہ کر کے ہرگز کام نہ کریں۔ یعنی جب کام کے لیے بیٹھیں۔ تو اُن کی طرف پشت کر لیں۔ یا اِن کو دستِ چپ کی طرف کر لیں۔ اگر اس طریق کے خلاف کریں گے، تو اگر دوستی کا کام کریں گے، تو دشمنی واقع ہوگی۔ گویا خلاف اثر ظاہر ہوگا۔ اَب تک کی شائع شدہ تمام کتب میں یہی لکھا گیا ہے جو کہ بالکل غلط ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ جب عمل کے لیے بیٹھیں تو جس طرف رجال الغیب ہوں، اس طرف منہ کر کے اِن کو سلام کہیں۔ اور امداد طلب کریں۔ اس امر کے لیے مندرجہ ذیل عزیمت پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَارِجَالَ الْغَیْبِ، اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَاۤاَیُّھَا الْاَرْوَحُ الْمُقَدَّسَۃُ اَعِیْنُوْنِیْ بِقُوَّۃٍ اُنْظُرُوْنِیْ بِنَظْرَۃٍ اَجِیْبُوْنِیْ بِدَعْوَۃٍ، یَانُقَبَاءُ یَانُجَبَاءُ یَارُقَبَاءُ یَابُدَلَاءُ یَااَوْتَادَ الْاَرْضِ اَوْتَادُ اَرْبَعَۃٌ، یَااِمَامَانِ یَاقُطْبُ یَافَرْدُ یَااَمْنَاءُ، اَغِیْثُوْنِیْ بِغَوْثَۃٍ وَاُنْظُرُوْنِیْ بِنَظْرَۃٍ وَارْحَمُوْنِیْ وَحَصِّلُوْا مُرَادِیْ وَمَقْصُوْدِیْ وَقُوْمُوْا عَلٰی قَضَاءِ حَوَائِجِیْ عِنْدَا نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم، سَلَّمَکُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی الْخِضْرِ۔

سلام پڑھنے کے بعد اُسی طرف منہ کر لیں۔ جس طرف بیٹھ کر عمل کرنا ہے۔ یہ سلام کھڑے ہو کر ادب سے سینہ پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں۔

اس گردش کو صحیح رکھنے کے لیے زمانہ قدیم کے بزرگوں نے ایک شعر میں اس کو ترتیب دیا ہے۔ جو یہ ہے:

کنجغ بامش۔ کنجغ بمش کنجغ بامش۔ کنجغ امش

(ک) سے مراد اگنی یعنی جنوب مشرق۔ (ب) سے مراد بائب یعنی شمال مغرب (ن) سے مراد نیرت یعنی جنوب مغرب۔ (الف) سے مراد ایسان یعنی شمال مشرق (ج) سے مراد جنوب۔ (ش) سے مراد شمال (غ) سے مراد غرب۔ (م) سے مراد مشرق

ہر طرف کا ایک ایک حرف متعلق کیا گیا ہے۔ اور شعر کے پہلے حروف سے یکم تاریخ قمری کو گنا جاتا ہے۔ اور آخر تک 30 تاریخیں ہو جاتی ہیں۔ مثلاً ''ک'' کو پہلی۔ ''ن'' کو دوسری ''ج'' کو تیسری۔ ''غ'' کو چوتھی تاریخ ہوگی۔ یعنی قمری تاریخیں چار کو رجال الغیب مغرب کی طرف ہوں گے۔ یہ لفظ معہ تاریخ یوں ہے۔ ''کنجغ'' یعنی (۱، ۲، ۳، ۴) علی ہذا القیاس تمام الفاظ سے تاریخیں متعلق کر لیں۔

رجال الغیب کس سمت میں ہیں یہ معلوم کرنے کے لیے ذیل میں ہم ایک جدول دے رہے ہیں تا کہ آپ کو آسانی رہے۔

مشرق	x	7	14	22	29
مغرب	x	4	12	19	27
شمال	x	8	15	23	30
جنوب	x	3	11	18	26
شمال مشرق	ایسان	6	21	28	x
شمال مغرب	بائب	5	13	20	x
جنوب مشرق	اگنی	1	9	16	24
جنوب مغرب	نیرت	2	10	17	25

Whatsapp +92-322-4703786 darulamal.org/magazine/urdu
darulamal.org/bookshop

مولانا سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درس گاہ)

سات سلام چہل کاف سے فیض یافتہ افراد کے واقعات

ہماری بچیوں کے لیے غیب سے جہیز کا انتظام ہو گیا

میرے پاس ایک صاحب تشریف لائے، بیچارے بہت پریشان تھے ،بچیوں کی شادی کرنا چاہتے تھے، لیکن اسباب نہیں تھے، چھوٹے درجے کے ملازم تھے، معمولی تنخواہ سے بس گھر کے اخراجات ہی بمشکل پورا ہونے کا بتلا رہے تھے، میرے پاس اس غرض سے آئے تھے کہ میں ان کو معاونت کیلئے کسی بندے کا فون یا رابطہ دوں۔ میں نے ان کی ساری کہانی سننے کے بعد ان سے عرض کیا کہ ایک بات تو یہ ہے کہ جسے آپ کہہ رہے ہیں کہ میں آپ کو ایسا کوئی بندہ بتلا دوں کہ جس کے پاس آپ جائیں اور اس سے تعاون کا کہیں اور وہ اپنی مرضی کے مطابق جتنا ہو سکے تھوڑا بہت آپ کے ساتھ تعاون کرے۔ دوسری شکل یہ ہے کہ میں آپ کو وہ ترتیب بتلاؤں کہ کوئی بندہ آپ کو ملے اور وہ آپ سے خود یہ کہے کہ میں آپ کی بیٹیوں کی شادی میں آپ کی معاونت کروں اور بھرپور کروں۔ یہ سن کر مجھے ان کے مایوس چہرے پر ایک دم خوشی کے آثار نظر آئے۔ اور بے اختیار کہنے لگے کہ اگر یہ ہو جائے تو پھر مجھے اور کیا چاہیے۔ بس آپ مجھے وہ عمل اور اس کا طریقہ بتلائیں۔ تو میں نے ان سے عرض کیا کہ آپ سات سلام چہل کاف کا عمل لے کر پڑھیں۔ ان شاء اللہ آپ کی یہ پریشانی آپ کی سوچ اور امید سے بڑھ کر جلدی اور بھرپور انداز میں ختم اور دور ہو جائے گی اور اللہ پاک کے غیبی خزانوں سے اس کلام کی برکت سے کوئی حل نکل آئے گا۔ ایک ماہ بعد شادی کارڈ لے کر تشریف لائے اور آکر یہ بتلایا کہ آپ کے بتلائے ہوئے عمل سات سلام چہل کاف کی برکت سے اللہ پاک نے بڑی عزت و اکرام کے ساتھ پورا پورا انتظام فرما دیا۔ میں نے پوچھا کہ کچھ بتلایئے تو سہی تا کہ ہمیں بھی تو کچھ پتا چلے۔ کہنے لگے کہ ہمارے علاقے کے ایک بڑی فیکٹری مالک کا گزر ہمارے گھر کے سامنے سے ہوا۔ بالکل عین ہمارے گھر کے سامنے ان کی گاڑی کو کچھ مسئلہ بن گیا اور وہ وہاں رک گئے۔ وہ اس پریشانی میں گاڑی سے باہر کھڑے دائیں بائیں دیکھ رہے تھے۔ کہ میں گھر سے نکلا تو انہوں نے مجھے آواز دی۔ میں ان کے پاس گیا، ان کی معمولی سی ہیلپ پر وہ بہت خوش ہوئے اور مجھے اپنا موبائل نمبر دے کر کہنے لگے کہ اگر میرے تعاون کی آپ کو کوئی ضرورت ہو تو میں حاضر ہوں۔ تو مجھ سے صبر نہ ہوا، میں نے فوراً کہا کہ مجھے اپنی بچیوں کی شادی کے سلسلہ میں آپ سے تعاون چاہیئے تو وہ مسکرائے اور کہنے لگے کہ بھائی صاحب! بہن بیٹیاں تو سب کی سانجھی ہوتی ہیں۔ بھلا یہ بھی کوئی سوال ہے، یہ تو آپ نے مجھے بتلا کر میرے اوپر احسان کیا ہے۔ اور پھر کہنے لگے کہ وہ بچیاں آپ کی ہی نہیں ہماری بھی بیٹیاں ہیں۔ ان کے مکمل انتظامات کی ذمہ داری میں لیتا ہوں، تم دن طے کرو۔ تو جناب ہم نے دن طے کر لیے ہیں، ان کی طرف سے اللہ نے بہت اچھا انتظام کروا دیا ہے۔

میرے اور میرے کلینک کی شہرت میں اضافہ ہوا

ایک دن میرے پاس ایک لیڈی ڈاکٹر تشریف لائیں اور آکر کہنے لگیں کہ کوئی عمل بتلائیں کہ میرے کلینک میں روزانہ کوئی نہ کوئی نئی پرابلم کھڑی ہو جاتی ہے۔ سب سہولت، سب آسانیاں، اچھی میڈیسن اچھی ٹریٹمنٹ کے باوجود مریض مکمل ٹھیک نہیں ہوتے۔ مجھے اس پر بہت دکھ ہوتا ہے۔ میں نے اپنے طور پر تمام تر انتظامات اچھے سے کیے ہوتے ہیں تمام امور کی چیکنگ اور نگرانی کا معاملہ بھی اپنے ہاتھ میں رکھا ہوا ہے تا کہ کسی قسم کی کوئی کوتاہی یا لاپرواہی نہ ہو۔ تمام میڈیسن بھی اعلیٰ درجے کی اور اچھی کمپنیوں کی استعمال کرتے اور کرواتے ہیں لیکن رزلٹ بالکل زیرو ہے۔ پلیز مجھے کوئی ایسا عمل بتلایے کہ میرے کلینک پر جو مریض آئے شفایاب ہو کر جائے۔ اللہ پاک اس کو شفاء کا معاملہ نصیب فرما کر میرے اور (بقیہ ص 60)

Whatsapp +92-322-4773786 darulamal.org/magazine

جنات وشیطان سے حفاظت کے اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

مکان کی جنات سے حفاظت

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ﴿۱۵﴾ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ﴿۱۶﴾ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿۱۷﴾ (الطارق: ۱۵-۱۷)

لوہے کے چار کیل لے کر ہر کیل پر پچیس (۲۵) مرتبہ یہ آیت مبارکہ دم کر کے اس مکان کے ہر کونے میں ایک کیل گاڑھ دیں۔

شیطان سے حفاظت

حضرت ابو العباس البونی رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں کہ جو شخص سوتے وقت بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو اکیس (۲۱) بار پڑھے، اس رات شیطان سے محفوظ رہے۔

رات بھر شیطان سے حفاظت

حضرت ابو العباس البونی رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں کہ جو شخص سوتے وقت بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو اکیس (۲۱) بار پڑھے، اس رات شیطان سے محفوظ رہے۔

شیاطین جنات سے حفاظت کا مجرب وظیفہ

عبد الرؤف بلوچ صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ صاحب لقط المرجان فی احکام الجان جناب امام سیوطیؒ دو کتب (کتاب الاشراف از ابن ابی دنیا اور کتاب العجائب از ابو عبد الرحمن ہروی) سے نقل فرماتے ہوئے واقعات بیان فرماتے ہیں۔ مختصراً یہ کہ! جو کوئی شخص دن اور رات میں یہ دعائے مبارکہ مسلسل پڑھتا رہے تو ایسے شخص کے گھر میں اس کے بچوں میں بالخصوص بچیوں اور ازواج کے پاس شیاطین جنات نہیں آسکتے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ لاحول ولاقوۃ الا باللہ ماشاء اللہ کان ومالم یشأ لم یکن۔

شیطان لعین اور قوم اجنہ سے محفوظ رہنے کا عظیم وظیفہ

عبد الرؤف بلوچ صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ صاحب نزھۃ المجالس اور صاحب لقط المرجان فی احکام الجان فرماتے ہیں کہ! جو بھی شخص اس وظیفہ عظیمہ کو تین۔ تین مرتبہ بلا ناغہ پڑھتا ہے تو ابلیس لعین اس پر قابو نہیں پا سکے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ اور اگر کسی کو جنات ستاتے ہوں تو بھی ایسے مریض کو چاہیے کہ اس وظیفہ مختصر کو صبح وشام روزانہ سو سو (۱۰۰۔۱۰۰) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ قوم اجنہ سے دائمی نجات حاصل ہوگی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ اس وظیفے کے دیگر بھی کئی فوائد ہیں۔ جو کہ دائمی پڑھنے والے پر خود بخود ظاہر ہوں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ امنت باللہ العظیم واعتصمت بہ وکفرت بالجبت والطاغوت۔ فقد استمسک بالعروۃ الوثقی لا انفصام لھا۔ واللہ سمیع العلیم (سورۂ بقرہ۔ آیت نمبر ۲۵۶)

جن وشیاطین گھر میں داخل نہ ہو

جس گھر میں سورۂ بقرہ اور سورۂ ال عمران تین دن رات پڑھی جائیں تو جن وشیاطین اس گھر میں داخل نہ ہوں گے۔

شیطان اور جنات کی شرارت سے حفاظت

جو شخص ایک سو ستر (۱۷۰) مرتبہ آیت الکرسی پڑھے گا، شیطان اور جنات کی شرارت سے محفوظ رہے گا۔

جن وبھوت سے حفاظت

آیت الکرسی پڑھنے کے بعد سورۂ مومن کی پہلی تین آیات صبح وشام پڑھیں۔

Whatsapp +92-322-4773786 darulamal.org/magazines/ruhani

روحانی علاج گاہ کی مفت روحانی خدمات

برائے اگست ۲۰۲۰ سنہ

ستانے والے جنات بھاگ جائیں

اگر کسی کو جنات ستاتے ہوں تو دو ہفتے پر مشتمل چراغ والا علاج کریں اور ستانے والے جنات سے نجات پائیں۔

محبت میں کامیابی

سات دن پر مشتمل ایک خاص وظیفہ جس کو پڑھنے سے اپنی محبت کو حاصل کریں۔ صرف جائز مقصد کے لیے وظیفہ حاصل کریں۔

ٹائی فائیڈ کا روحانی علاج

ایک خاص روحانی علاج جس کو کرنے سے ٹائی فائیڈ (بخار) کے جراثیم مکمل طور پر مریض کے جسم سے نکل جاتے ہیں۔ اس علاج میں کچھ اشیاء کی ضرورت ہوتی ہے۔ جن کو کروانا ہو، وہ رابطہ کر کے معلوم کر لیں۔

جادو، آسیب یا جسمانی مرض: مریض کو کیا ہے؟ معلوم کریں

اگر کوئی مریض مختلف طرح کے علاج کے باوجود ٹھیک نہ ہو رہا ہو تو مریض کی روحانی تشخیص کروانا ضروری ہوتا ہے تاکہ اصل حقیقت کا پتہ لگ سکے۔ اس روحانی تشخیص میں مریض کا ایک رات کا پہنا ہوا کپڑا (جو سینے سے لگا ہو، قمیض، شمیض، بنیان وغیرہ) ادارے کو بھجوائیں اور حقیقت معلوم کریں کہ مریض کے جسم پر جادو یا جنات کا مسئلہ ہے یا جسمانی بیماری ہے۔

نظرِ بد کو نظر لگانے والے کی طرف لوٹانے کا خاص عمل

یہ ایک خاص ورد ہے جس کو نظر لگانے والے کے پاس جا کر پڑھنے سے اسی پر نظر کا اثر واپس ہو جاتا ہے۔ اس عمل کے لیے شرط ہے کہ جس کی نظر لگی ہو، اس کا یقینی علم ہو۔ نیز اس کے پاس جا کر پڑھنا بھی ممکن ہو۔

سامنے موجود شخص کی زبان بندی کا خاص تعویذ

یہ تعویذ اسلامی ماہ کے آخر میں تیار کیا جاتا ہے۔ اس تعویذ کو پاس رکھنے والے کے سامنے آنے والے افراد کی زبان، اس فرد کے حق میں بند ہو جاتی ہے۔ سسرال والوں کی زبانوں سے تنگ، شوہر کی زبان سے تنگ بیوی یا بیوی کی زبان سے تنگ شوہر، افسروں کی زبان سے تنگ ملازمین وغیرہ اس تعویذ سے فائدہ اٹھائیں۔

دوستی کے لیے

اگر کسی کا دوست ناراض ہو گیا ہو اور اس کو راضی کرنا ہو یا کسی سے جائز دوستی کرنا چاہتے ہوں تو اس خاص عمل سے فائدہ اٹھائیں۔ یہ عمل مطلوب کو پلانے والا ہے۔ لہٰذا وہی منگوائیں، جو پلا سکتے ہیں۔

نوٹ یہ تمام روحانی خدمات صرف اگست سنہ ۲۰۲۰ کے لیے ہی ہیں۔ رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے روحانی علاج منگوائیں۔ ایک فرد کے لیے ایک کوپن استعمال کریں۔ نامکمل کوپن، ایک سے زائد افراد کے لیے یا پھر شرائط پر پورا نہ اترنے والوں کو روحانی علاج بھیجنے سے معذرت۔ تعویذات کی تعداد محدود ہوتی ہے۔ اس لیے ختم ہونے پر دوبارہ تیار نہیں کیے جاتے۔ مکمل شرائط پڑھ کر ہی روحانی علاج منگوائیں۔

شرائط کے لیے www.darulamal.org/ruhaniilajgah

ruhaniilajgah 0342-7772772 042-35410586

روحانی علاج گاہ دارالعمل حشتیہ لاہور پاکستان

darulamal.org/ruhaniilajgah, ruhaniilajgah@gmail.com

0324-7772772 ruhaniilajgah96

دعوت ارکشیہ

حضرت پیر غلام سرور شباب صاحب مدظلہ

دعوت ارکشیہ ایک عظیم دعوت ہے جس سے بے شمار کام لیے جاتے ہیں عملیات کی دنیا میں اس دعوت کی کوئی مثال نہیں ہے۔قدیم عاملین وکاملین اس دعوت سے بے شمار کام لیتے تھے۔اوراُن کے معمولات میں یہ دعوت ہوا کرتی تھی۔اس دعوت کے کئی خواص ہیں یہاں پر ہم چند ایک کا ذکر کرتے ہیں۔

آسیب زدہ کا علاج کرنا

اگر کسی پر جنات وغیرہ کا آسیب ہواوروہ کسی طرح حاضر نہ ہوتا ہوتو اُس آسیب زدہ یعنی مصاب کی دائیں ہتھیلی پر یہ آیت تحریر کریں۔"وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ فَزِعُوا فَلَا فَوْتَ وَأُخِذُوا مِن مَّكَانٍ قَرِيبٍ۔" (سورہ سبا:51)

اور پھر دعوت ارکشیہ پڑھ کراُس پر دَم کریں،سات مرتبہ دعوت پوری نہ ہوگی کہ مصاب کے بدن پر آسیب حاضر ہوجائے گااورآپ سے باتیں کرنے لگے گا۔آپ جوبھی اُس سے پوچھیں گے وہ بتائے گا۔یعنی آپ اُس سے اُس کا قبیلہ پوچھیں کہ تم جنات کے کس قبیلہ سے تعلق رکھتے ہو؟اورتمہارادین ومذہب کیا ہے؟اورکس لیے اس مریض رمریضہ کو پریشان کرتے ہو۔اس معلومات کے بعدآپ اُسے جوبھی حکم کریں گے۔وہ اُس کو پورا کرنے کا پابند ہوگا۔

دعوت ارکشیہ کے ذریعے حاضرات کرکے سوالات پوچھنا

جب کسی امرکومنکشف کرنا چاہیں یا کسی کام کا معلوم کرنا چاہیں تومذکورہ ذیل خاتم کوایک نابالغ بچے کے ہاتھ پرلکھیں اور پھراُس کے ہاتھ پرایک پیالہ رکھیں،جس میں زیتون کا خوشبودارتیل ہو۔اور بچے کو پیالہ میں دیکھنے کو کہیں۔پھر دعوت ارکشیہ پڑھیں اور بچے پر دَم کریں۔دعوت کو بار بار پڑھیں یہاں تک کہ بچہ پیالہ میں دیکھے گا کہ اُس میں بارہ سردار حاضر ہوگئے ہیں۔جوایک تخت پر بیٹھے ہوں گے۔اُن کے سفید روشنی ہوگی اور پیچھے سبز روشنی ہوگی۔پھرآپ معمول کوکہیں کہ وہ جنات کے سردارروجان کو کہے کہ اے سردار ہمارا فلاں کام ہوگا یانہیں ہوگا۔یا کسی گم شدہ کے بارے میں معلوم کرنا ہوتو بادشاہ روجان سے دریافت کریں۔اسی طرح جوبھی سوال پوچھیں گے وہ درست جواب دے گا۔خاتم یہ ہے:

۷۸۶

۹۸		۴۹۲
۱۵۶_۱۶۴		۵۴۲۳_۳۷۰
۳۲۱		۳۲۸

دعوت ارکشیہ کا اضمار

دعوت ارکشیہ کا اضمار یہ ہے۔

بِعَزِيْزِ عِزِ اللهِ وَبِعَظْمَةِ قُدْرَةِ اللهِ۔ هوش،جوش، فرموش، عفرتوش، مهه لامه ۹۹۱۱۱ مه لا۔

دعوت ارکشیہ

بِسْمِ اللهِ الْقَدِيْمِ وَمَنْ اَسْمُهٗ عَظِيْمٌ اَللّٰه اَللّٰه اَللّٰه۔ ارکیاش،ارکیاش،كُلُّ شَيْءٍ دُوْنَ قُوَّةٍ ضَعِيْفٌ۔نموش،مواش، نموش،نموش، هو کش۔كُلُّ شَيْءٍ مُنْقَادٌ لِعَظْمَتِكَ ذَلِيْلٌ۔ قدروش،جردواش۔اَنْتَ اَرْسَلْتَ الْمَلَائِكَةَ مِنْ عِنْدِكَ عَلَى الشَّيٰطِيْنِ رياش مارش۔لَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الْحُكْمُ عَلَى الْكُلِّ كوشاء كوشاء۔اَنْتَ اَهْلَكْتَ الْمُتَمَرِّدِيْنَ بِعَظِيْمِ اَزَلِيَّتِكَ كوشاء كوشاء۔اَنَا عَبْدُكَ الضَّعِيْفُ وَاَنْتَ الْقَوِيُّ اللَّطِيْفُ فَاسْتَجِبْ مِنِّيْ بِحَقِّ اللهِ اَنْتَ رَبِّيْ وَرَبُّ كُلِّ شَيْءٍ لَا نَعْبُدُ اِلَّا اِيَّاكَ تَبْقِيْ وَيَفْنِيْ كُلُّ شَيْءٍ رَبُّ اِلٰهٌ قُدُّوْسٌ عَظِيْمٌ حَيٌّ قَيُّوْمٌ اشمخطيل مخطيل اُحْضُرْنِيْ بِمَلٰئِكَتِكَ وَصَلَّى اللهُ وَعَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ۔

Darul Amal Lahore Pakistan
Whatsapp +92 322-4773700
darulamal.org/magazine/rabta

حاضرات کے مجرب اعمال

بابائے حاضرات قیصر احمد بی۔اے (کراچی)

خواب والی حاضرات.....ہر سوال کا جواب

یہ عبارت روز بہتر (72) مرتبہ پڑھیں، پڑھنے کی معیاد اکیس (21) روز ہے۔ بعد اکیس روز کے آپ عامل ہو جائیں گے۔ اس کے بعد آپ حاضرات کے سلسلے میں اور دیگر پیچیدہ عملیات سے بے نیاز ہو جائیں گے۔صرف نو (9) مرتبہ سوتے وقت پڑھیں اور مقصد کو دل میں رکھ کر دائیں کروٹ سو رہیں۔ایک رات میں مقصد حل ہوگا۔عبارت یہ ہے:

صِحَیُورَاتُو عَقِلِیُ کُمُ سَوَاھَاتُو

سورہ مزمل کی حاضرات.....جو عامل خود دیکھ سکتا ہے

نئے چاند میں سوموار کے دن شام کو منگل کی رات ہوگی، عمل شروع کریں۔ایک کاغذ پر سات بار ''یابدوح'' لکھیں۔اس کا فتیلہ بنائیں اور روئی لپیٹیں۔نئے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈالیں۔قبلہ رُو ہو کر، مقرر وقت کر کے، چراغ کی 'لو' کی جڑ میں نظر جما کر بغیر حرکت کیے ایک ہی نشست میں اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ گیارہ (۱۱) بار سورۂ مزمل شریف پڑھیں۔گیارہ (۱۱) دن تک پڑھیں۔فتیلہ روز بعد از پڑھائی بجھا دیا کریں۔فتیلہ ایک ہی جلے گا۔

بارہویں روز حسبِ سابق عمل شروع کرنے سے پہلے اپنے پاس چند لڑکیوں یا خواتین (بیوی، بہنوں) کو بٹھالیں اور عمل شروع کریں۔عمل ختم ہونے پر کسی ایک عورت پر حاضری ہوگی۔وہ کہیں گے'' کیوں بلایا ہے؟'' آپ کہیں'' اپنے اور مخلوق کی دینی اور دنیاوی معاملات کے بارے معلومات اور مدد کی ضرورت ہے۔اس کے علاوہ مجھے عورت یا لڑکی ہر وقت دستیاب نہیں ہوسکتی۔اس لیے آپ براہ کرم اور ذریعہ سے حاضری کا طریقہ بتادیں تا کہ میں خود دیکھ کر آپ سے ہم کلام ہوسکوں، خاص کر شیشہ وغیرہ۔ اور تین سوال پوچھوں گا۔وہ طریقہ بتادیں۔''

ان شاء اللہ حاضرات خود دیکھو گے۔

	بدوح	بدوح	
بدوح	۲	۴	بدوح
بدوح	۶	۸	بدوح
	بدوح		

پانی والی حاضرات.....جو عامل خود دیکھ سکتا ہے

ناز بو کا پودا لیں، جس کے تمام پتے ہرے ہوں اور اس میں پھول بھی ہوں۔ جمعہ کو صبح سورج نکلنے سے پہلے توڑ لائیں اور ایک کانچ کی بوتل میں پانی بھر کر اس میں رکھ دیں۔ پانچ جمعہ ناز بو کا پودا پانی میں رہے۔ جمعہ کا دن گزار کر جو دن آئے، نکال لیں۔ پانی کو ہرگز ضائع نہ کریں بلکہ پودے کو ضائع کر دیں، کوئی حرج نہیں۔ پانی کو کسی نئے کھلے برتن میں ڈالیں اور سر پر سفید کپڑا اوڑھ لیں۔اول گیارہ (۱۱) مرتبہ درود شریف کے بعد کثرت سے ''یَالَطِیفُ'' کا وِرد کریں اور پانی میں بغور دیکھیں۔ پانی میں ایک شکل ظاہر ہو جائے گی۔ ''یَالَطِیفُ'' کا وِرد روک کر گیارہ (۱۱) مرتبہ پھر درود شریف پڑھیں۔آپ خود منہ سے کچھ نہ کہیں، جب تک کہ پانی میں جو شبیہہ ہے، وہ سلام نہ کرے۔ بعد سلام کے جواب کے، جو امر ہو، وہ بیان کریں۔ پانی میں مانند سکرین کے سب کچھ عیاں ہو جائے گا۔ بعد کام ہونے کے پانی دوبارہ محفوظ کر کے رکھ لیں۔ ہمیشہ کام دے گا۔ مجرب ہے۔

بقیہ ص (6): درسِ قرآن

جادوگروں کو ایمان کی دولت مل گئی۔اس لیے قارئین! کبھی بھی زندگی بھر حق کا دامن نہیں چھوڑنا چاہیے۔حق پر قائم رہنا چاہیے۔ناحق سے مرعوب نہیں ہونا چاہیے۔ باطل سے متاثر نہیں ہونا چاہیے۔ باطل کو دیکھ دیکھ کر باطل کی راہ ہرگز ہرگز نہیں اپنانا چاہیے۔ باطل والوں کیلئے بہرحال ناکامی ہے۔حق والے ہمیشہ کامیاب ہوئے تھے۔کامیاب ہوئے ہیں اور ہمیشہ کامیاب ہی ہوں گے۔

Whatsapp +92-322-4773786

جگر کے امراض کا روحانی علاج

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

جگر کی ہر بیماری

سورۂ فاتحہ کا نقش جگر کی تمام بیماریوں میں مفید ہے۔ نقش کو فیروزی رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶

۲۳۶۵	۲۳۶۸	۲۳۷۱	۲۳۵۷
۲۳۷۰	۲۳۵۸	۲۳۶۴	۲۳۶۹
۲۳۵۹	۲۳۷۳	۲۳۶۶	۲۳۶۳
۲۳۶۷	۲۳۶۲	۲۳۶۰	۲۳۷۲

جگر بڑھنے یا سخت ہونے کا علاج

اگر جگر بڑھ گیا ہو یا سخت ہو گیا ہو تو سورۂ حجر سات (۷) بار پڑھ کر پیٹ پر دم کریں، تکلیف جاتی رہے گی۔

یرقان

❶.....جسے یرقان ہو گیا ہو اسے سورۂ لم یکن الذین لکھ کر گلے میں ڈالی جائے۔ ان شاء اللہ العزیز یرقان جاتا رہے گا۔ مجرب ہے۔

❷.....اگر کسی کو یرقان ہو تو ایک بار سورۂ فاتحہ، سات بار سورۂ حشر اور ایک بار سورۂ قریش پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس وقت تک پلائیں، جب تک فائدہ نہ ہو۔

جگر کے درد کا علاج

❶.....سورۂ النمل (مکمل) اگر دردِ جگر کے مریض کے باندھ دی جائے تو یہ مرض ختم ہو جاتا ہے۔

❷.....کسی چیز کے برتن پر تین مرتبہ آیت الکرسی لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں۔

یرقان (پیلیا)

حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ منزل پڑھ کر مریض پر دم کر دیں۔ اس کے بعد لمبی گھاس پر یا مولی کے پتوں پر جن کی تعداد ۷ ہو۔ سات مرتبہ فاتحہ اور سات مرتبہ پھر یہی دورد پڑھ کر دم کر دیں۔ اس کے بعد ایک چھری ایسی لیں جس کا دستہ لکڑی کا ہو۔ اس چھری پر سات مرتبہ سورہ قریش پڑھ کر دم کریں اور اس چھری کو مریض کے اوپر سے سات بار سے پیر کی طرف کو اتاریں۔ ایک پتہ یا ایک گھاس کا ٹکڑا کاٹ دیں۔ اسی طرح ساتوں پتے مولی کے یا گھاس کے کاٹیں۔

یہ عمل اتوار یا منگل کو کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ صرف ۲ بار کرنے سے یعنی ایک بار اتوار کو اور ایک بار منگل کو کرنے سے یرقان ختم ہو جائے گا۔ پوری طرح ختم نہ ہو تو اگلے اتوار اور منگل کو پھر یہ عمل کر لیں۔ لگاتار ۳ اتوار اور ۳ منگل کو یہ عمل کرنے سے یرقان کتنا بھی سخت ہو ہو بفضل اللہ ٹھیک ہو جاتا ہے۔

جگر کے تمام امراض

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ ایک کاغذ پر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ (کہف ۱۰۹)

لکھ کر تعویذ بنا لیا جائے، عورتیں گلے میں پہنیں اور مرد بازو پر باندھیں، اس کے علاوہ کاغذ یا پلیٹوں پر لکھ کر پانی سے دھو کر نہار منہ پئیں۔ جگر یا گردوں کی خرابی سے اگر جسم پر ورم آ جائے وہ بھی اس علاج سے ختم ہو جاتا ہے۔

جگر بڑھ جائے

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ط (البقرۃ ۱۷۸)

اگر جگر بڑھ جائے تو یہ آیت سادہ کاغذ پر لکھ کر جگر کے مقام پر باندھ لیں۔

darulamal.org/matrimonial

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

شوہر کی اصلاح کے مجرب روحانی اعمال

شوہر مخالفت چھوڑ کر محبت کرے

اگر کسی کا شوہر بے جا مخالفت کرتا ہو، دوسروں کے سامنے ذلیل کرتا ہو تو بیوی کو چاہیے کہ اکیس (۲۱) یوم تک روزانہ یہ عمل کرے۔ چھیاسٹھ (۶۶) مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کرے۔ بیوی ایک گھونٹ پی لے۔ پھر دوسرا گھونٹ اپنے منہ میں لے کر پانی کو منہ میں گھما کر گلاس والے پانی میں گرادے۔ یہ پانی شوہر کو پلائے۔ ان شاء اللہ شوہر بیوی کی مخالفت چھوڑ دے گا اور محبت سے پیش آئے گا۔

نوٹ: یہ عمل جس دن پاکی کا غسل کرے، اس دن سے شروع کرے۔

شوہر کو مہربانی کرنے کے لیے

اگر کسی وقت شوہر بہت غصہ میں ہو اور بیوی کو ڈر ہو کہ شوہر کے سامنے جانے سے ڈر رہی ہو کہ اگر سامنے جائے گی تو شوہر مار پیٹ کرے گا یا پھر زبانی غصہ کرے گا تو سامنے جانے سے پہلے پچاس (۵۰) مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھتی پڑھتی شوہر کے سامنے چلی جائے۔ ان شاء اللہ، شوہر کا دل نرم ہو جائے گا اور بیوی شوہر کے شر سے محفوظ رہے گی۔

شوہر برے افعال کا شکار ہو جائے

اگر کسی کا شوہر دین سے غافل ہو، سیدھے راستے سے بھٹک جائے یا برے افعال میں مبتلا ہو جائے تو اس کو پانی پر ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھ کر دم کر کے اکتالیس (۴۱) دن تک پلائیں۔ آیت یہ ہے: اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ (البقرۃ:۵)

خاوند کا غصہ دور کرنے کا وظیفہ

جس عورت کے خاوند کو بہت غصہ آتا ہو، وہ جب بھی شوہر کو پینے کے لیے پانی دے تو اس پر بیس (۲۰) مرتبہ "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ" پڑھ کر دم کر کے پلا دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ خاوند کا ناجائز غصہ بالکل ختم ہو جائے گا۔

شوہر کو اپنی محبت میں باندھنا

جس عورت کا شوہر اس سے محبت نہ کرتا ہو اور اس سے دور چلا جائے یا اس کو گھر سے نکال دے یا میکے سے لینے نہ آئے تو اس کے لیے یہ عمل کریں۔ حضرت غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ بعد نماز عشاء اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں دو سو اٹھتر (278) مرتبہ عمل پڑھیں۔ پڑھتے وقت سامنے شوہر کی تصویر رکھیں۔ اگر تصویر میسر نہ ہو تو پھر اتنا پختہ تصور کریں کہ محسوس ہو کہ سامنے دست بستہ شوہر حاضر کھڑا ہے اور سر جھکائے عاجزی سے محبت کا اقرار کر رہا ہے۔ یہ عمل عروج ماہ نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ اکیس یوم تک مسلسل کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اکیس یوم میں سنگدل شوہر بیوی کی طرف رجوع کرنے سے مجبور ہو جاتا ہے اور ہمیشہ بیوی کی محبت میں گرفتار رہتا ہے۔ پڑھنے والا عمل یہ ہے۔ حٰمٓعٓسٓقٓ۔ اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر دس (۱۰) مرتبہ کے بعد تین مرتبہ یہ کہیں "فلاں بن فلاں کو میں نے اپنی محبت میں باندھ لیا ہے۔" اس طریقہ سے (278) کی تعداد مکمل کریں۔

شوہر کا ناجائز غصہ ختم کرنا

خاوند کا غصہ ختم کرنے کی بجائے ناجائز غصہ ختم کرنے کی نیت کر کے یہ آیت ایک سو ایک (۱۰۱) بار اکیس (۲۱) دن تک چینی پر پڑھ کر شوہر کو کھلائیں۔ ان شاء اللہ، شوہر کا ناجائز غصہ ختم ہو جائے گا۔

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ (اٰل عمران:۱۳۴)

دکان اور کاروبار میں ترقی کے روحانی اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

فراخی کاروبار اور رزق.....سورۂ یٰسین اور سورۂ مزمل

ایک وقت مقرر کریں۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ ایک بار سورۂ یٰس پڑھیں۔ جب پہلے مبین پر پہنچیں تو تین (۳) بار سورۂ مزمل پڑھیں۔ پھر دوبارہ سورۂ یٰس شروع کریں اور دوسرے مبین پر بھی تین (۳) بار سورۂ مزمل پڑھیں۔ اسی طرح ساتوں مبین پر تین (۳) بار سورۂ مزمل پڑھنی ہے۔ اس عمل کو مسلسل اکتالیس (۴۱) روز جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ کاروبار میں بہت ترقی ہوگی اور رزق خوب فراخ ہوگا۔

کاروبار بڑھانے کا آزمودہ عمل

اپنا کاروبار شروع کرنے سے پہلے یعنی دکان کھولنے کے فوراً بعد گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اور دکان کے چاروں کونوں میں پھونک کر دم کریں۔ ان شاء اللہ صرف چند دنوں میں فرق واضح محسوس ہوگا۔

نوٹ: اس عمل کیلئے نماز کی پابندی لازمی ہے۔

دکان کی ترقی اور بندش ختم کرنے کے لئے

اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو۔ اور فائدہ کم ہوتا ہو تو اس آیت کو دو پرزوں پر لکھ کر ایک پرزے کو گتے پر چسپاں کر کے دوکان کے اندر لٹکا دے اور دوسرے پرزے کو موم جامہ کر کے اپنے گلّے کے اندر جس میں روپیہ پیسہ رکھتا ہو۔ یہ خیال رہے کہ اگر ان دونوں میں سے ایک بھی کھو گیا تو پھر اثر زائل ہو جائے گا کیونکہ یہ دونوں لازم و ملزوم ہیں۔ اس کے لیے دونوں کی بڑی حفاظت رکھے (گلّے والے میں تعویذ اور گتے والے تعویذ کی)۔ ان شاء اللہ، تعالیٰ دکان خوب چلے گی اور خریدار بہت آئیں گے اور اگر کسی دشمن نے بند کرادی یا کردی ہوگی تو کھل جائے گی۔

وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ هُوَ الَّذِیْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِیَ وَاَنْهٰرًا ؕ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِی الَّيْلَ النَّهَارَ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ (الرعد:۳)

دکان کی ترقی اور رزق کی فراوانی کے لئے

رزق کی فراوانی کے لئے دس سطروں میں ایک سو (۱۰۰) مرتبہ ''ب'' لکھ کر دکان میں لٹکائیں۔ ان شاء اللہ رزق کی فراوانی ہو جائے گی۔ (ہر سطر میں دس مرتبہ لکھا جائے گا۔ خ)

دکان کی آمدنی بڑھانے کے لئے

شیخ العالمین حضرت مولانا محمد امان اللہ نقشبندی نور اللہ مرقدہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ ''اَللّٰهُ الصَّمَدُ'' اکتالیس (۴۱) بار اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھیں۔ (بہتر ہے کہ یہ عمل دکان کھول کر صبح کے وقت پڑھیں۔ خ)

تجارت میں نفع و ترقی کے لیے

اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ يُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ ۖ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِی التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ؕ وَمَنْ اَوْفٰی بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِیْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ (التوبہ:۱۱۱)

اس آیت کو مال تجارت میں رکھیں تو تجارت میں ترقی اور بہتری ہوگی۔ ان شاء اللہ۔ (زعفرانی سیاہی سے اس آیت کو سفید کاغذ پر لکھنا ہے۔ ایک سے زائد تعویذات ایک ہی جگہ مختلف مال میں رکھے جا سکتے ہیں۔ خ)

جائز کاموں میں بندش لگوانے کی تفصیل goo.gl/kj1ddP

محبت کے روحانی اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

برائے محبت

حضرت صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ جب ضرورت ہو تو تین اسماء ''یاودود۔ یابدوح۔ یالطیف'' سے کام لیا جاسکتا ہے۔ اسم طالب و مطلوب معہ والدہ کے اعداد لیں اور اِن میں مندرجہ بالا اسماء میں سے کسی ایک اسم کے اعداد بھی جمع کریں۔ اور مجموعہ سے نقش مربع خانہ دوم سے ساعت مشتری میں پرکر کے فتیلہ بنائیں۔ اور نئے چراغ گلی آب نارسیدہ میں روغن چنبیلی ڈال کر روشن کریں۔ بخور مشتری جلائیں۔ چراغ کا منہ خانہ مطلوب کی طرف رکھیں۔ اسم مطلوب کے اعداد کے مطابق عزیمت پڑھیں۔ مطلوب کے دِل میں محبت پیدا ہوجائے گی اور وہ حاضر ہوگا۔ بطور مثال اسم بدوح کی عزیمت درج کی جاتی ہے اور نقش کی رفتار یہ ہے:

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

اللّٰھم سخر قلب فلاں بنت فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق یابدوح اجب یاجبرائیل یادردائیل یارفتمائیل یاتنکفیل سامعًا مطیعًا بحق یابدوح العجل الساعۃ الوحا۔

دلی محبت کے لیے

محبت کے لیے درج ذیل آیت کو شیرینی پر دم کر کے کھلایا جائے، ان شاءاللہ دلی محبت ہوجائے گی۔

هُوَ الَّذِیْٓ اَیَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۶۲﴾ وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۶۳﴾

(الانفال: ۶۲-۶۳)

محبت میں بے قرار کرنا

حضرت مولانا پیر اقبال قریشی مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص اپنی محبت میں کسی کو بے قرار کرنا چاہے تو کسی گلاس وغیرہ میں پانی لے کر اس پر ''یَابَدُوْحُ'' سات بار پڑھ کر دم کرے اور اس میں سے سے تھوڑا سا پانی منہ میں لے کر غرارہ کی طرح پانی کو حرکت دے۔ پھر اسی گلاس میں ڈال دے۔ جو اسے پیئے گا، اس سے محبت کرنے لگے گا۔

مطلوب طالب کے پاس چلا آئے

یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ

(البقرۃ:۱۶۵)

درود شریف ایک سو (۱۰۰) بار، آیت اکتالیس (۴۱) بار، درود شریف ایک سو (۱۰۰) بار۔ مٹھائی پر دم کر کے کسی طرح مطلوب کو کھلا دے۔ مطلوب طالب کے پاس جلدی چلا آئے گا۔

معشوق قدموں میں

اگر کوئی کسی پر عاشق ہو تو جمعہ کی پہلی ساعت میں ستّر (۷۰) مرتبہ خوشبو پر نادعلی پڑھ کر اپنے معشوق کو دے۔ معشوق اس خوشبو کو لگائے تو اس کی محبت میں مبتلا ہوجائے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ معشوق آپ کے قدموں میں ہوگا۔ مجرب ہے۔

سفید مرچیں جلانے والا عمل

حب کے لیے نوچندی جمعرات کو بعد نمازِ عشاء سات سفید مرچوں لیں۔ ہر مرچ پر سات بار یہ عمل پڑھیں۔ پھر مرچوں کو جلا دیں۔ عمل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یٰٓاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ زملنی بِلُطْفِكَ الْخَفِی اِلٰی وَكِیْلًا۔ تین مرتبہ پڑھ کر آخر میں الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں کہیں۔ گیارہ (۱۱) دن عمل کرنا ضروری ہے۔

کیا آپ چاہتے ہیں کہ مصیبتیں آپ سے دور رہیں؟ goo.gl/CP1nJK

آپ کے مسائل اور اُن کا روحانی حل

خالد مقبول مدظلہ اللہ

پی ایچ ڈی کا معاملہ

سوال الحمدللہ! آپ کی دعاؤں سے میرا ترقی والا کام ہو گیا ہے اور مجھے ایڈہاک بنیاد پر اسسٹنٹ پروفیسر لگا دیا ہے۔ میں چاہتی ہوں کہ مجھے مستقل بنیاد پر لگا دیا جائے۔ اس کے لیے کمیٹی بیٹھے گی۔ دوسرا کام پی ایچ ڈی کے ریسرچ پیپرز کی منظوری ہے کہ وہ جہاں بھی جائیں، سب منظوری دے دیں۔ آپ کی بہت مہربانی ہوگی۔ رہنمائی فرمائیں۔ (ایک شیدہ)

جواب اللہ ﷻ کا شکر ادا کریں۔ ایک خاص وظیفہ دے رہا ہوں، اس کو اکیس دنوں تک پابندی سے کریں۔ ان شاء اللہ، کوئی نہ کوئی سبیل بن جائے گی۔ وظیفہ یہ ہے:

دورد شریف	گیارہ مرتبہ
سورۃ فاتحہ	گیارہ مرتبہ
آیت الکرسی	گیارہ مرتبہ
آیت الکریمہ	گیارہ مرتبہ
سورۃ الفلق	گیارہ مرتبہ
سورۃ الناس	گیارہ مرتبہ

اس طرح کہ بسم اللہ پڑھ کر قل اعوذ برب الفلق شروع کرے اور اذا حسد کے بعد بغیر بسم اللہ پڑھے قل اعوذ برب الناس شروع کر دے۔ یعنی دونوں سورتوں کو ملا کر گیارہ مرتبہ پڑھے۔ آخر میں پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے۔ دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھ کر یہ وظیفہ پڑھنا ہے۔

یہ وظیفہ ہر مسئلہ اور ہر مرض کے لئے مفید ہے۔ لیکن اس میں وقت کا تعین اور پابندی ضروری ہے۔ یہ وظیفہ اکیس روز ایک معین وقت پر پڑھا جائے اور روزانہ ختم کر کے اپنے اللہ سے گڑگڑا کر دعا کی جائے کہ یہ مرض اور یہ مسئلہ جو ہمیں درپیش ہے، اس کو تو اپنے کرم سے حل کر دے۔

پی ایچ ڈی کے ریسرچ پیپرز بھیجنے سے قبل تین روز روزانہ تین بار سورۂ یٰسین پڑھیں اور پھر بھیجیں۔

اولاد نہیں ہو رہی

سوال میری شادی کو سات سال ہو گئے ہیں۔ کافی طبی اور روحانی علاج کروا چکے ہیں مگر اولاد کی نعمت سے محروم ہیں۔ میرے شوہر لاہور میں ہوتے ہیں۔ ان کے ہاتھ اپنی قمیض بھجوا رہی ہوں۔ مہربانی کر کے بتائیں کہ کیا معاملات ہیں۔ ہماری طرف تو جس سے بھی دم کروایا، تعویذ لیا، سب نے بندش اور جادو بتایا ہے۔ خدارا! میری مدد کریں۔ (ایک شیدہ، مانسہرہ)

جواب محترمہ! کپڑے کے مطابق آپ پر جادو ہے۔ آپ نے جن سے بھی اپنے علاقے میں تشخیص کروائی، انہوں نے صحیح بتایا۔ سر سے لے کر ناف تک کے حصے میں درمیانہ درجہ کا سحر ہے اور ناف سے ٹانگوں کے حصے میں معمولی درجہ کا سحر ہے۔ یعنی پورے جسم پر سحر ہے۔ آپ کے شوہر کے ہاتھ اکیس دن کے تعویذات بھیج رہا ہوں۔ کچھ نہانے اور کچھ پینے کے ہیں۔ دو ہفتہ استعمال کر کے کپڑا دوبارہ ارسال فرمائیں۔

اولاد کے معاملے میں ایک اصول اچھی طرح ذہن نشین کر لیں اور وہ یہ کہ شوہر اور بیوی میں کوئی طبی نقص نہیں ہونا چاہئے۔ وہ نقص حقیقت میں طبی ہو یا جادو جنات کی وجہ سے پیدا ہوا ہو، اس کا جسمانی علاج کروانا ضروری ہوتا ہے۔ اس سے جلد فائدے کی امید کی جا سکتی ہے۔ اس لیے اپنا اور اپنے شوہر کا تازہ ٹیسٹ کروائیں۔ آپ کے شوہر پر اثرات نہیں ہیں، وہ روحانی طور پر ٹھیک ہیں۔

بہو پر کالا جادو کروایا گیا ہے

سوال میری بہو کو ڈیڑھ ماہ قبل بخار ہوا۔ علاج چلتا رہا۔ مختلف ٹیسٹ ہوتے رہے۔ سب ٹھیک آتے رہے۔ ایک ڈاکٹر نے ECG کروانے کا کہا تو وہ کافی خراب آئی۔ پھر دل کے ڈاکٹر کو دکھایا تو پتہ لگا کہ دل میں سوراخ ہے۔ میری بہو کو کبھی بھی کوئی دل کی تکلیف نہیں ہوئی۔ اس کے دو بچے بڑے آپریشن سے ہوئے ہیں۔ ڈاکٹرز بھی حیران ہیں کہ کبھی دل کی کوئی

Whatsapp +92-322-4773786 darulamal.org/magazine/dhanial

تکلیف نہیں ہوئی اور دل میں سوراخ ہے۔ میری بہو کی ایک دوست نے کسی سے پتہ کر کے بتایا ہے کہ میری بہو پر کسی نے کالا جادو کروایا ہے۔ میں بہت پریشان ہوگئی ہوں اور بہو بھی پریشان ہے۔ مہربانی فرما کر میری رہنمائی کریں۔ (ص، لاہور)

جواب اگر کسی نے بتا دیا ہے کہ جادو کروایا ہے تو آپ اس سے نجات حاصل کرنے کی طرف جائیں۔ اگر آپ کو اعتماد نہیں کہ جادو ہے یا نہیں تو میں دو عمل لکھ رہا ہوں۔ میری خاص اجازت ہے۔ آپ یہ دونوں عمل کر کے مجھے جو نتیجہ آئے، اس سے مطلع فرمائیں۔

۱).....آدھ چمچ چینی لیں۔ پھر آدھی چینی بہو کو کہیں کہ منہ میں ڈال کر چوسے تاکہ ذائقہ منہ میں آجائے۔ پھر بقایا چینی پر گیارہ (۱۱) مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کر کے دوبارہ بہو کو کہیں کہ منہ میں ڈال کر چوسے اور جو ذائقہ اب آئے، اس کو پچھلے سے موازنہ کر کے بتائے کہ کیا فرق ہے؟

۲).....بہو کی ایک رات پہنی ہوئی قمیض یا شمیض لے کر اس کو اپنے سامنے پھلائیں اور دل کی طرف والی جگہ پر کندھے کے پاس ایک نشان لگائیں۔ پھر ناپنے والی ٹیپ (Inches Tape) سے پوری قمیض آخر تک ناپ لیں اور جو پیمائش آئے، وہ محفوظ کر لیں۔ پھر اس پر ''منزل'' ایک بار یا تین بار پڑھ کر دم کریں۔ دو سے تین منٹ رکھا رہنے دیں۔ پھر دوبارہ پیمائش کر کے مجھے بتائیں۔ ایک بار منزل اس وقت پڑھنی ہے جب آپ کا معمول ''منزل'' پڑھنے کا ہو، ورنہ تین بار پڑھیں۔

اگر چینی کا ذائقہ وہی رہا اور کپڑے کا ناپ بھی وہی رہا، جو دم سے پہلے کا تھا تو سمجھ لیں کہ کوئی اثرات کا معاملہ نہیں ہے۔ اگر دونوں میں یا کسی ایک میں بھی فرق ہوا تو آپ کی بہو روحانی مریضہ ہے۔

ان کا نتیجہ یہ آیا ہے:

۱).....چینی والا بہو نے خود پڑھ کر دم کر کے چیک کیا۔ دم کے بعد ذائقہ زیادہ میٹھا ہوگیا اور ایک دم سے بہت گندی بدبو بھی اس کو آئی۔

۲).....کپڑے والا میں نے کیا۔ جو پیمائش پہلے کی تھی، دم کے بعد کپڑا چھوٹا ہوگیا۔

اب مجھے بتائیں کہ کیا معاملہ ہے اور میں کیا کروں؟

جواب چینی کی جو تشخیص میں نتیجہ آیا ہے، وہ جنات اور جادو..... دونوں کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ اور کپڑے میں چونکہ کپڑا کا ناپ، پہلے والے ناپ سے کم آیا ہے تو یہ بھی جادو کی طرف اشارہ ہے۔ آپ کی بہو کی سہیلی نے صحیح پتہ کروایا کہ جادو کروایا گیا ہے۔ ایک ہفتہ کا علاج بتا رہا ہوں۔ اس کو کر کے دوبارہ چینی اور کپڑے کی تشخیص کر کے مجھے حالات سے آگاہ کریں۔

تین بار ''منزل''، صبح فجر کے بعد اور شام کو مغرب کے بعد، اول و آخر تین بار درود شریف کے ساتھ پڑھ کر بہو پر دم کریں۔ ساتھ ہی پانی، چینی اور نمک پر دم کریں۔ بہو کھانے پینے میں یہی پانی، چینی اور نمک استعمال کرے۔ بہتر ہے کہ اس دوران باہر کھانا پینا نہ کیا جائے۔ فجر و مغرب کے وقت کا خیال رکھیں۔ وقت میں کمی بیشی سے روحانی فوائد کے حصول میں کمی واقع ہوگی۔

بیٹی کا نام ''فضہ علی'' رکھنا کیسا ہے؟

سوال میری بیٹی ہوئی ہے۔ سسرال والوں کے پیر صاحب نے بیٹی کا نام ''فضہ علی'' تجویز کیا ہے اور رکھ بھی دیا ہے۔ آپ سے رہنمائی لینا چاہتا ہوں کہ نام صحیح رکھا ہے یا نہیں؟ میرا نام محمد شفیق اور بیوی کا نام نبیلہ ہے۔ میرے ایک جاننے والے نے بتایا تھا کہ نام کے سلسلے میں آپ سے رابطہ کیا جائے۔ (محمد شفیق، لاہور)

جواب علم الحروف کے اعتبار سے نام میں کوئی مضائقہ نہیں۔ آپ کے نام کا عنصر آتشی ہے، بیوی کا بادی ہے، بیٹی کا بھی آتشی ہے۔ مخالفت نہیں پائی جاتی۔ لیکن فضہ کے ساتھ علی کا اضافہ کچھ مناسب نہیں۔ بیٹی کے ساتھ باپ کا نام لگایا جاتا ہے۔ فضہ شفیق ہونا چاہیے تھا۔ اگر ممکن ہو تو تبدیل کر دیا جائے۔

بہو پر کالا جادو کروایا گیا ہے

سوال آپ سے میں نے اپنی بہو کے حالات بیان کیے تھے کہ اس کے دل میں سوراخ ہے اور اس کی سہیلی نے کسی سے پتہ کر کے بتایا ہے کہ کالا جادو کروایا گیا ہے۔ آپ نے دو عمل تشخیص کے دیے تھے جو میں نے کیے اور

مردہ بدروح

قسط:۲ صفدر شاہین

ایک زمیندار کی ہوس کا نشانہ بننے والی لڑکی کی کہانی جس نے بھیانک انتقام لیا تھا۔

پچھلی قسط میں کہانی یہاں ختم ہوئی تھی کہ باؤ جی خوفزدہ ہوکر دوڑ پڑا اور رکے بغیر دوڑتا رہا جب کہ غیبی آوازیں اس کا پیچھا کر رہی تھیں۔ اب آگے ملاحظہ فرمائیں۔

''ارے جلدی کرو کمبختو! شکار ہاتھ سے نکلا جا رہا ہے۔'' مجھے عقب سے غصیلی آواز سنائی دی۔

اور میں نے دوڑنے کی رفتار بڑھا دی۔ دوڑتے دوڑتے باغ کی چار دیواری کے پاس جا پہنچا۔ وہاں سے باہر نکالنے کا کوئی راستہ نہ تھا۔ میں اچک کر دیوار پر چڑھا اور دوسری طرف کود گیا۔ دوسری طرف تاریکی تھی۔ میں شاید کسی گڑھے میں گرا اور میرے سر میں چوٹ آئی تھی۔ میرے منہ سے درد کے مارے چیخ خارج ہوئی اور پھر مجھے کوئی ہوش نہ رہا۔

ہوش آیا تو آسمان پر چاند چمک رہا تھا۔ میں نے ادھر اُدھر دیکھا اور بے اختیار اچھل پڑا۔ میں زمین پر لیٹا ہوا تھا اور میرے آس پاس اونچی نیچی قبریں پھیلی ہوئی تھیں۔ کچھ فاصلے پر گھنے درخت تھے، جن کے سائے قبروں پر پڑ رہے تھے۔ میں خود کو قبرستان میں پا کر خوفزدہ ہوگیا۔ میرے اردگرد کی قبروں پر چاند کی روشنی پڑ رہی تھی جبکہ بقیہ قبروں پر درختوں کے سائے تاریکی پھیلائے ہوئے تھے۔ سچی بات تو یہ ہے کہ میں دن کے وقت بھی تنہا کسی قبرستان میں جانے سے ڈرتا تھا اور اب تو رات کا وقت تھا۔ اور قبرستان بھی اجنبی تھا۔ اس لئے مجھ پر دہشت طاری ہوگئی۔

میں کھڑا ہوا تو سرد ہوا کے جھونکے جلد میں سوئیں چبھونے لگے۔ قبرستان خاصا وسیع و عریض تھا مگر دور دور تک کسی ذی روح کا نام و نشان نظر نہ آرہا تھا۔ میں سوچ رہا تھا کہ میں باغ سے وہاں کیسے پہنچا؟ اگر قبرستان باغ سے ملحق ہے تو باغ کے آثار کیوں نظر نہیں آرہے اور وہ مالی بابا کہاں مرگیا جس کی ترغیب و پیشکش پر میں نے مالٹے توڑے اور مالٹے چوری کرنے کے الزام میں مجھے پکڑنے اور میری ٹانگیں توڑنے کے لئے میرے پیچھے دوڑ رہے تھے؟ انہوں نے مجھے کیوں نہ پکڑا جبکہ باغ سے باہر کودتے ہی میں بے ہوش ہوگیا تھا اور مجھے پکڑنا ان کے لئے بالکل آسان تھا۔

میں نے گھڑی پر نظر ڈالی تو میری گھڑی کی سوئیاں ڈیڑھ بجے پر رکی ہوئی تھیں۔ شاید گرنے کے سبب گھڑی بند ہوگئی تھی۔ اب یہ اندازہ لگانا دشوار تھا کہ میں کتنی دیر بے ہوش رہا تھا۔ مجھے خیال آیا کہ کہیں کوچ روانہ تو نہیں ہوگئی۔ یہ سوچتے ہی میں اور پریشان ہوگیا اور قبرستان سے باہر جانے کے لئے چل پڑا۔ مجھے معلوم نہ تھا کہ باغ یا سڑک کس طرف ہوگی۔ پھر بھی میں نامعلوم سمت بڑھنے لگا۔

ابھی میں چند قدم ہی چلا تھا کہ اچانک میرے عقب سے آواز آئی۔

''باؤ جی! میں تمہیں تلاش کرتا پھر رہا ہوں اور تم ادھر سیر کر رہے ہو۔''

اس آواز کو سن کر میں نے بے اختیار پلٹ کر دیکھا تو خوف کی شدت سے میری چیخ نکل گئی۔ ایک کفن پوش شخص میرے طرف آرہا تھا۔ اس کا چہرہ کفن کے پلو میں چھپا ہوا تھا جبکہ گوشت پوست سے محروم استخوانی بازو اور پاؤں نظر آرہے تھے۔ میں فوراً پلٹ کر بھاگا۔ مگر بدحواسی میں ایک چھوٹی سی قبر سے ٹکرایا اور لڑکھڑا کر گر پڑا۔

میرے گرتے ہی کسی کے ہنسنے کی آواز سنائی دی۔ وہ آواز کسی لڑکی کی معلوم ہوتی تھی۔ میں نے بائیں سمت دیکھا تو چند قدم کے فاصلے پر ایک نوجوان لڑکی کھڑی میری طرف دیکھ رہی تھی۔ اس کا جسم صحیح و ثابت تھا اور چہرہ دودھ کی طرح سفید نظر آرہا تھا۔ اس کی آنکھیں چمک رہی تھیں۔ ہنسنے سے اس کے موتیوں جیسے دانت صاف نظر آرہے تھے۔ خاصی خوبصورت اور پرشباب لڑکی تھی۔ میں نے پلٹ کر عقب میں نظر ڈالی تو کفن پوش مردہ نظر نہ آیا اور میں کھڑے ہوکر دوبارہ اس لڑکی کی طرف دیکھنے لگا۔ اس نے ہنسنا بند کر دیا۔

''تم..... تم کون ہو؟'' میں نے خوفزدہ لہجے میں پوچھا۔

''میں مالی بابا کی بیٹی ہوں۔ مگر تم یہاں کیا کر رہے ہو؟'' اس نے کہا۔

''کہاں ہے مالی بابا.....؟'' میں نے چونکتے ہوئے پوچھا۔

''گھر میں تمہارا انتظار کر رہا ہے۔'' لڑکی نے مسکراتے ہوئے کہا۔

''وہ تمہیں تلاش کرتے کرتے تھک کر گھر آ گیا اور مجھے حکم دیا کہ جاؤ نسرین! باؤ جی کو قبرستان کی طرف تلاش کر کے لے آؤ۔''

میں سمجھ گیا کہ اس کا نام نسرین ہے۔ میرا خوف قدرے کم ہوا۔ میں نے پوچھا۔

''تمہارا گھر کہاں ہے اور وہاں کون کون ہے؟''

''گھر میں صرف بابا ہے۔ میری ماں نہیں ہے..... بس تھوڑی دور ہے۔ سڑک کے قرب پڑتا ہے۔''

''اوہ..... کیا سڑک پر کوچ کھڑی ہے۔'' میں نے تیزی سے پوچھا۔

''پتا نہیں..... میں اس طرف نہیں گئی۔ آؤ میرے ساتھ.....'' نسرین نے مڑتے ہوئے کہا۔

میں جلدی سے آگے بڑھا اور اس کے ساتھ چلنے لگا۔ اس لمحے مجھے عقب سے ایک ہلکی سی آواز سنائی دی۔

''ارے وہ تو جا رہا ہے۔''

''جانے دو یار..... ہمارا حصہ ہمیں مل ہی جائے گا۔'' دوسری آواز سنائی دی۔

میں نے پلٹ کر پیچھے دیکھا تو دور تک کوئی نظر نہ آیا۔ میں یہ خیال کر کے خوفزدہ ہو گیا کہ یقیناً وہ بدروحیں ہیں جو نظر نہیں آتیں۔

''نس..... نسرین.....'' میں بوکھلا کر تیزی سے قدم اٹھاتا ہوا بولا۔

''تم نے آوازیں سنی ہیں؟''

''نہیں..... مگر تم گھبراؤ مت..... میں جو تمہارے ساتھ ہوں.....'' اس نے ہنس کر کہا۔

''کیا تمہیں قبرستان سے ڈر نہیں لگتا ہے؟'' میں نے حیرت سے پوچھا۔

''کیا ڈر باؤ جی؟ میں یہیں کھیلتے جوان ہوئی ہوں۔'' وہ لاپرواہی سے بولی۔

اچانک مجھے عقب سے پھر آواز سنائی دی اور میں خوف سے کانپنے لگا۔ لیکن اس بار میں پلٹ کر پیچھے دیکھنے کی ہمت نہ کی۔ نسرین قبرستان کے اس حصہ کی طرف بڑھ رہی تھی جہاں گنجان درخت تھے۔ میں خوف سے لرزتے قدموں سے اس کے برابر میں چل رہا تھا۔ چند لمحوں بعد ہم درختوں کے پاس پہنچ گئے۔ نسرین وہاں پہنچ کر پلٹ کر پیچھے دیکھتی ہوئی غصے سے بولی۔

''دفع ہو جاؤ بھوکے کتو.....''

میں نے بھی پلٹ کر دیکھا مگر وہاں کوئی نہ تھا۔ اسی لمحے ایک نادیدہ آواز سنائی دی۔

''نسرین! ہمارا حصہ ہمیں دے دو۔''

''مل جائے گا..... میں بابا سے کہہ دوں گی۔ جاؤ بھاگو.....'' وہ غضبناک ہو کر بولی۔

''حرام خور کہیں کے۔''

''ہم حرام خور ہیں تو تم کون سی حلال خور ہو؟'' نادیدہ شخص نے ہنس کر کہا۔

''تم..... تم کس سے باتیں کر رہی ہو؟ میں نے خوف سے کانپتے ہوئے نسرین سے پوچھا۔

''دفع کرو..... تم آؤ..... بابا انتظار کر رہا ہوگا۔'' وہ دوبارہ آگے بڑھتی ہوئی بولی اور درختوں کے جھنڈ میں گھس گئی۔ میں بھی آگے بڑھا اور درختوں کے جھنڈ میں داخل ہو گیا۔ درختوں میں سے گزر گزر کر میں دوسری طرف پہنچا تو سامنے ایک مکان دکھائی دیا۔ اس مکان کا دروازہ بند تھا اور اندر تاریکی تھا۔ شاید یہی نسرین کا گھر تھا۔

مکان پر درختوں کے سائے پڑ رہے تھے۔ اس لئے میں یہ اندازہ نہ کر سکا کہ وہ پختہ ہے یا کچا۔ نسرین دروازے کے پاس پہنچی ہی تھی کہ دروازہ کھل گیا اور وہ اندر داخل ہو گئی لیکن میں رک گیا کیونکہ اندر اندھیرا تھا۔ نجانے دروازہ کس نے کھولا تھا۔ مجھے وہ لڑکی پراسرار معلوم ہو رہی تھی اور میں سوچ رہا تھا کہ اندر جاؤں یا نہیں۔

''باؤ جی..... اندر آ جاؤ نا.....'' دفعتاً اندر سے نسرین کی آواز سنائی دی۔

''مگر..... اندر تو اندھیرا ہے۔'' میں نے سٹپٹا کر کہا۔

''تم اندر تو آؤ۔ میں چراغ جلاتی ہوں ابھی..... باہر کھڑے کھڑے ٹھٹھر جاؤ گے۔'' نسرین کی آواز آئی۔ (جاری ہے)

اگلی قسط میں پڑھیے کہ باؤ جی جب نسرین کے اس اندھیرے گھر میں داخل ہوئے تو ان کے ساتھ کیا ہوا؟

مفتیان اور علماء کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/ss9ezx

زبان بندی کے روحانی اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

زبان بندی

اتوار یا بدھوار کسی چیز پر دم کر کے اس خاص آدمی کو کھلایا جائے۔ دم ان آیات کا کرنا ہے:

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَاتَاقَهِرُوْنَ

زیادہ لوگوں کی زبان بندی کا گرہوں والا عمل

جتنے بھی لوگ دشمن اور بدخواہ ہوں ان کے سروں کے بال حاصل کریں۔ اور ہر کے بالوں پر تین تین گرہ لگائیں اور ہر گرہ پر تین تین مرتبہ یہ آیت پڑھ کر پھونک ماریں۔

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٦٥﴾ (یٰسٓ:۶۵)

اگر بالوں کا دستیاب ہونا ممکن نہ ہو تو پھر کسی نابالغ لڑکی سے سوت کتوا کر اس کے اتنے ہی ڈور لے لیں جتنے دشمن ہوں اور ہر ڈورے پر تین تین گرہ لگائیں اور ان بالوں یا ڈوروں کو کسی اندھے کنوئیں میں ڈال دیں۔

برائے زبان بندی دشمن

شیخ العاملین حضرت مولانا محمد امان اللہ نقشبندی نور اللہ مرقدہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص کو دشمن کی زبان بند کرنے کی یا کہ دشمن کو ساکت یا مغلوب کرنے کی ضرورت ہو تو بارہ (۱۲) روز تک تیس (۳۰) مرتبہ حزب البحر (مکمل) کو پڑھے اور مطلب کا خیال دل میں رکھے۔ اور جب اس مقام پر پہنچے وَاطْمِسْ عَلٰى وُجُوْهِ اَعْدَآئِنَا تو ستر (۷۰) مرتبہ پڑھے "يَاقَاهِرُ ذَالْبَطْشِ الشَّدِيْدُ اَنْتَ الَّذِىْ لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامَه يَاقَاهِرُ"۔ اور کہے "الٰہی شر و مکر فلاں بن فلاں سے بچا اور اس کو اپنے قہر میں مبتلا کر اور اس کی عقل، آنکھ، کان، زبان کو میری طرف سے بند کر دے"۔ اور پھر حزب البحر (مکمل) کو پوری کرے۔ اسی طرح تیس (۳۰) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن کے تمام حواس و عقل و فکر زبان وغیرہ بند ہو جائیں گے اور عامل کے حق میں کوئی برے الفاظ نہ کہہ سکے گا۔ مجرب ہے۔

زبان بندی کا ایک خاص عمل

اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھا جائے اور صبح و شام تین تین بار پڑھا جائے۔

عقدت لسان كل البشر من أنثى و ذكر من بنى آدم وبنات حواء عن حامل هذه الأسماء فهم لا يتكلمون، بحق سوسم سوسم حوسم حوسم دوسم دوسم باسم تكهون، عقدت عنه كل لسان بحق قول الله هذا: يوم لا ينطقون و لا يؤذن لهم فيعتذرون، وبحق: لا يتكلمون إلا من أذن له الرحمن و قال صواباً، و بقوله صم بكم عمى فهم لا ينطقون، بسم الله أخرسنا، بسم الله أعمينا، بسم الله عقدنا ألسنة السوء، الم، طس، طسم إن هم كالأنعام بل هم أضل سبيلاً، شاهت الوجوه شاهت الوجوه، و جعلنا من بين أيديهم سداً ومن خلفهم سداً فأغشيناهم فهم لا يبصرون، كهيعص، حم، عسق بل هو قرآن مجيد فى لوح محفوظ۔

دشمنوں کی زبان بندی کے لیے

جب برج جوزا ۲۰ درجے تک پہنچے تو کاغذ پر چالیس (۴۰) حرف 'ک' لکھے، نیچے دشمنوں کے نام معہ والدہ لکھے۔ اور اس کو موم کے اندر کر کے کسی پتھر کے نیچے دبا دے۔ ان شاء اللہ، سب کی زبان بند ہو جائے گی۔ لکھتے وقت مصطگی رومی کی دھونی لینی ضروری ہے۔

خزینۂ روحانیات کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/c2ZWqd

حصار قرآنی کبیر کے عامل بنیں اور بنائیں

تعارف یہ عمل ایک عظیم حصار ہے جو قرآنی آیات پر مشتمل ہے۔اس کے پڑھنے والے کی فرشتے حفاظت کرتے ہیں۔ یہ حصار ہر قسم کے جنات، شیاطین، جادوگر، حاسدین، دشمن، بڑی بیماریاں، ارضی وسماوی آفات جیسے زلزلے، ایکسیڈنٹ، بم دھماکے، قتل وغارت، چوری، اغواء وغیرہ وغیرہ.....الغرض اپنی واہل وعیال کی ہر قسم کی جانی ومالی حفاظت کے لئے ایک بہترین ومضبوط عمل ہے۔عاملین کے لئے نہایت ضروری عمل ہے۔خاص کر جادو اور جنات کے متاثر مریضوں کا علاج کرنے والے اور کالے وسفلی عاملوں سے لڑنے والے عاملین کو لازمی یہ عمل کرنا چاہئے۔اور اپنے گھر والوں کو بھی کروانا چاہئے۔

اس عمل میں چھ(۶) درجوں کی چلہ کشی کروائے جاتی ہے۔پہلی اجازت کے ساتھ تین درجوں کی چلہ کشی کروائی جاتی ہے۔تین درجے مکمل کر کے عامل حصار کے عمل کو ماہرانہ طور پر حصار کر سکتا ہے۔دوسری اجازت میں چوتھے اور پانچویں درجوں کی چلہ کشی کروائی جاتی ہے۔تیسری اجازت میں چھٹے درجہ کی چلہ کشی کروائی جاتی ہے۔اجازت لینے کے بعد غائبانہ طور پر بڑے جنات کی معاونت بوقتِ عمل، عامل کو حاصل ہوگی۔

حصار قرآنی کبیر عمل کے فائدے جہاں آسمانی وزمینی آفتوں کا معاملہ ہے، وہیں نہ نظر آنے والی مخلوق ''جنات وشیاطین'' سے حفاظت بہت ضروری ہے۔قرآنی آیات پر مشتمل حصار کا عمل کرنے سے خاص روحانی دفاع حاصل ہوتا ہے۔ عامل اپنی، اپنے اہل وعیال کی حفاظت کے ساتھ ساتھ اپنے مریضوں کا روحانی دفاع کرنے کے بھی قابل ہو جاتا ہے۔اس عمل کا عامل دور بیٹھے کسی بھی جگہ/مریض کا حصار کر سکتا ہے، وہ جگہ/مریض چاہے جتنی دور ہو۔جتنی اس کی روحانی قوت ہوگی، اتنا دور کا اور مضبوط حصار کر سکتا ہے۔حصار قرآنی کبیر کے فوائد درج ذیل ہیں:

** اپنا اور مریض کا حصار کرنا ** جنات کی حاضری کے وقت کڑا لگانا ** بڑا اہم چلہ کرتے وقت حصار ** اپنی اور مریض کی جگہ کا حصار کرنا ** جگہ کے حصار کے لیے کیل پڑھ کر دینا ** کاروباری جگہوں کا حصار کرنا ** سامان کی حفاظت ** نئے بننے والے گھر کی حفاظت ** گاڑی کی حادثات سے حفاظت ** بچوں کی ہر قسم کی آفات وحادثات سے حفاظت ** نقدی وقیمتی سامان کی حفاظت.....الغرض ہر قسم کی حفاظت کے لیے اس عمل کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔

اجازت کی لیے اہلیت اس عمل کی اجازت ہر کوئی لے سکتا ہے۔

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے۔عوام کے لئے **ھدیہ 2100** روپے اور روحانی درس گاہ اور خزینۂ روحانیات کے ممبران کے لئے **ھدیہ 1600** روپے ہے۔اس میں پہلے تین درجوں کی زکوۃ نکلوائی جاتی ہے۔ چوتھے اور پانچویں درجوں کے عمل کرنے کا **ھدیہ 3100** روپے ہے۔ چھٹے درجے کے عمل کرنے کا **ھدیہ 5100** روپے ہے۔

خاص اجازت (کم وقت میں کورس مکمل کرنا) جن لوگوں کے پاس وقت کم ہے، ان لوگوں کو خاص اجازت دی جاتی ہے اور مختصر وقت میں چلہ کشی کروا کر ابتدائی اور ماہر درجوں کی تکمیل کروائی جاتی ہے۔خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر **''آگے سکھانے کی خاص اجازت''** حاصل کر کے سکھائیں۔بغیر اجازت، کسی کو عمل سکھانے کی صورت میں ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97
روحانی درسگاہ دارالعمل لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

خواتین کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/esllKa

خاص اجازت "دوکان ومکان کی خیروبرکت اور جادووسایہ کے توڑ کا انمول تعویذ"

ہر ایک جگہ، ہر ایک مقام، ہر ایک چیز اور ہر ایک کی زندگی سے خیر و برکت ختم ہونے کی ایک بڑی وجہ تعلیمات اسلام سے دوری، بیزاری اور ان پر عمل نہ کرنا ہے۔اس وجہ سے ہر طرف جادو جنات، شیاطین، نظر بد کی نحوستوں نے طوفان برپا کیے ہوئے ہیں۔خیر و برکت کا یہ تعویذ کوئی نئی ایجاد نہیں ہے۔ بلکہ اکابر عاملین اور اساتذہ کرام کی طرف سے سینہ بسینہ آنے والا اور خاص اجازت کے ساتھ جاری ہونے والا ایک خاص تعویذ اور ایک خاص صدری راز ہے۔ یہ تعویذ خیر و برکت کا سرچشمہ ہے۔ یہ قرآنی سورتوں اور آیات، احادیث کی دعاؤں، اسماء الحسنیٰ، اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، درود شریف اور عاملین کے خاص اعمال سے تیار کردہ ایک خاص تعویذ۔جس جگہ پر لگایا جاتا ہے، وہاں خیر و برکت ہوتی ہے، نحوست کے اثرات دور ہونا شروع ہو جاتے ہیں، شیاطین جگہ چھوڑ دیتے ہیں، جادو اور جنات سے نجات میں بھرپور معاونت ہوگی، ہر طرح کی نقصان دہ غیبی مخلوق اس جگہ آنے سے گھبراتی ہے، مختلف نقصانات ہونا بند یا کم ہو جائیں گے، آپس کے لڑائی جھگڑوں میں واضح کمی آئے گی، ہر وقت کسی نہ کسی کے بیمار رہنے والی علامت ختم ہوگی۔ان شاء اللہ تعالیٰ

"دوکان ومکان کی خیروبرکت اور جادووسایہ کے توڑ کے انمول تعویذ" کے چند فوائد

ہر قسم کے جادو کا علاج	ہر طرح کے جنات سے نجات	ہر طرح کی بندش سے نجات	جگہ سے جادو جنات نکالنا
جگہ سے جادو جنات ختم کرنا	جنات سے نمٹنے کا ہتھیار	جنات کا جلنا	شیطان سے حفاظت
چوری سے حفاظت	خوف و دہشت سے دور رہنے کیلئے	زبان بندی اور جدائی	تسخیر خلائق، ہر مشکل کا حل

اجازت کے لئے اہلیت

ایسے تمام شاگرد جنہوں نے سات سلام چہل کاف اور امنت باللہ کا عمل لیا ہو اور اس کے کم از کم دو چلے کر چکے ہوں اور ادارے کے ساتھ منسلک ہوں اور پہلے سے ماہنامہ خزینہ روحانیات کے مسلسل ممبر ہوں، ان کو تعویذ "دوکان ومکان کی خیروبرکت اور جادووسایہ کے توڑ کا انمول تعویذ" کی خاص اجازت دی جائے گی۔ یہ تعویذ آپ اپنے مریضوں کو اعتماد کے ساتھ استعمال کروائیں۔ یہ انمول تعویذ آپ کے نام سے بنا کر دیا جائے گا۔

نوٹ: چونکہ یہ تعویذ عام نہیں ہے بلکہ بہت ہی خاص اعمال سے تیار کردہ ایک خاص تعویذ ہے۔جس کی برکت سے اللہ کے حکم سے فرشتے اور نیک جنات ہر طرح کی بے برکتیوں کے اسباب اور وجوہات کو ختم کر دیتے ہیں۔اس لئے دیگر اعمال کی اجازتوں کی طرح اس تعویذ کی اجازت لینا بہت ضروری ہے۔تا زندگی اجازت اور مختصر ہدیہ۔

ھدیہ 3100 روپے علاوہ ڈاک خرچ

0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97
روحانی درسگاہ دارالعمل الحشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

اس ماہ کی نئی فوٹوسٹیٹ کتب جو کہ عملیات کا خزینہ ہیں

1 نئی کتاب
ربر ہمزاد (لوح تسخیر ہمزاد)

مصنف: جناب سراج رحمت (انڈیا) عام قیمت: 510 روپے فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر)

● لوح تسخیر ہمزاد ● عمل تسخیر ہمزاد ● مسافر کو واپس لانے کیلئے ● تدبیر دفع زہر کیلئے ● بانجھ عورت کے لڑکا پیدا ہونے کیلئے ● دوست کو ملنے کی تدبیر ● راجہ کو خوش کرنے کیلئے ● دوست کے ملنے کی تدبیر ● نقش حصول رزق ● جنتر منتر لکھنے کے واسطے سمتوں کا لحاظ ● طلسمی انگوٹھی ● انگوٹھی شمس ● بیمار صحت یاب ہو ● دشمن کمزور ہوگا ● اہل جہاں عزت کریں ● بھوت چڑیل کا ڈر نہ رہے ● بواسیر خونی وبادی دفع ہوگی ● یرقان دفع کرو ● دشمن برباد ● جدائی سے دوستی ہوجائے ● مطلوب تابع ہوجائے ● مطلوب حاضر ہوگا ● آسیب اپنا نام ظاہر کردے ● حاضرات جن اور پری کی ● محبت کیلئے بے نظیر ● حب کا جادو ● گم شدہ شخص کو واپس بلانے کیلئے ● نقش ترقی وحفاظت مال ● برائے قیدی ● زبان بندی ● کسی گھر لڑائی جھگڑا ہوتا ہو ● چوری پکڑنے کی ترکیب ● چاول کے ذریعے چوری پکڑنا ● ہمزاد سے ہم کیا کیا کام لے سکتے ہیں؟

2 نئی کتاب
خزینۂ اسم اعظم وتذکرہ مشائخ چشت

مولانا خواجہ محمد اسحاق ملک چشتی فخری عام قیمت: 480 روپے فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر)

● دینوی برکات ● شہادت عظمیٰ ● دست غیب ● دعا کے اوقات ● توبہ ومغفرت ● بزرگان دین اولیائے کرام جن کو اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم عطاء ہوا ● اسم اعظم ● اسم اعظم اور سورۃ فاتحہ ● اسم اعظم کا غلط استعمال تباہی کا باعث بن سکتا ہے ● کیا بسم اللہ اسم اعظم ہے؟ ● یوسف نے جواب دیا حضور! میں اسم اعظم سیکھنے آیا ہوں ● قبولیت دعا اور اسم اعظم ● وظیفہ اسم اعظم ● سلام بحضور ﷺ پیغمبران مرسلین ● مجرب اوراد ووظائف اور جامع دعائیں ● نسخہ کیمیا سونا بنانے کا نسخہ ● موت کے سوا ہر بلا سے خلاصی ہو، صرف ایک موت نہیں ٹل سکتی، اس کے علاوہ جو دعا مانگو قبول ہو ● عمل برائے مشکلات وامور مہمہ ● دشمنوں پر فتح حاصل ہو ● غیب سے رزق ملے ● حکومت، تخت وتاج ملے ● گمشدہ کی تلاش ● مفلسی، تنگدستی اور غربت دور ہو ● ایک وظیفہ جس سے تمام خلقت مطیع ہوجائے۔ اس کے علاوہ بے شمار وظائف جو آپ کی زندگی بدل سکتے ہیں۔

3 نئی کتاب
سورۃ الفلق سے دینی دنیاوی بیماریوں کا علاج

ترتیب وتحقیق: سید علی حسین شاہ قیمت: 250 روپے فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر)

● سورۃ الفلق شریف کے خواص ● روحانی مردانہ کمزوری ● حب وتسخیر ● چلہ حب ● شوہر کو واپس بلانا ● خواب بندی محبوب ● شناخت چور ● سورۃ الفلق کے روحانی نقوش سے کام لینا ● جادو کے خاتمہ میں نور کی زیادتی ● دست غیب کیلئے ● غیبی خیر ● ترقی حافظہ ● زنا کی عادت ترک ● دم والا دھاگہ ● بیماری سے محفوظ ● مفرور ● پرانا نزلہ وزکام ● حمل قائم ہو ● بغض وعداوت ● ختم سورۃ الفلق ● زیارت حضور نبی کریم ﷺ ● چلہ سورۃ الفلق شریف وغیرہ

4 نئی کتاب
سورۃ الناس سے دینی دنیاوی بیماریوں کا علاج

ترتیب وتحقیق: سید علی حسین شاہ قیمت: 275 روپے فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر)

● سورۃ الناس شریف کے اندر عملوں کا سردار ● بڑے سے بڑے جادو کا خاتمہ ● عورت کا حمل قائم رہنے کیلئے ● اگر کوئی بچہ ناجائز ضد کرے ● دفع مسان کیلئے ● خواص نقوش سورۃ الناس شریف ● مقدمہ میں فتح وکامیابی حاصل کرنے کیلئے ● ہر کھیل میں یقینی جیت حاصل کرنے کیلئے ● قید سے رہا ہونے کیلئے ● حاکم یا محبوب کی ناراضگی دور کرنے کیلئے ● گھر چوری سے محفوظ رہے ● قرضہ اتارنے کیلئے ● اولاد پیدا ہونے کیلئے ● کشائش رزق وغیرہ

5 نئی کتاب
سر الفلاح فی اعمال النکاح

مصنف: صوفی محمد ایاز اویسی

رشتوں کے مسائل جاننے اور ان کے حل سے متعلق مکمل کتاب

ان شاء اللہ جلد منظر عام پر آئے گی۔ اپنا آرڈر ایڈوانس بک کروائیں

یہ کتاب دو حصوں پر تقسیم کی گئی ہے۔ حصہ اوّل علم الاخبار سے متعلق ہے۔ جس میں رشتوں کے مسائل کی وجہ معلوم کرنے مثلاً رشتہ نہ ہونے کا سبب، بندش معلوم کرنے کا طریقہ، رشتہ کیسا رہے گا؟ شادی کہاں ہوگی؟ محبت کی شادی ہوسکے گی یا نہیں؟ شادی کس عمر میں ہوگی؟ اور رشتوں کے باہمی تعلقات وغیرہ وغیرہ کو اعمالِ روحانی، زائچہ رمل، زائچہ ولادت اور وقتی زائچہ اور آسٹرو کارڈز کے ذریعے معلوم کرنے کے مختلف قواعد بیان کئے گئے ہیں۔ جبکہ حصہ دوم یعنی حصہ آثار میں اچھے رشتوں کے حصول کے لئے وظائف ونقوش، لوحِ شادی بنانے کا طریقہ، رشتوں کی بندش ختم کرنے کے طریقے، محبت کی شادی میں کامیابی، دلہن کے لئے رخصتی کا خاص عمل۔ جس سے وہ ہمیشہ سسرال میں باعزّت رہے، میاں بیوی کے درمیان عداوت ختم کرنے اور محبت قائم کرنے کا عمل، زوجین میں بدکلامی اور مار پیٹ بند کرنے کا عمل، متضاد طبیعتوں یا مخالف نظرات کی وجہ سے اگر روزگار میں کمی ہوجائے تو اسے ختم کرنے کا طریقہ اور اس کے علاوہ رشتوں اور زوجین سے متعلق دیگر مسائل کے لئے مجرب اعمال بیان کئے گئے ہیں۔

Whatsapp +92-322-4773786

مکتبۃ العارف دار العمل الحشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0323-4487877
042-35410586
+maktabatulaarif
0332-4487877
+maktabatulaarif

خاص خاص اعمال سیکھنے کیلئے تفصیل goo.gl/UVdyD7

آپ کے تمام مسائل کے حل کیلئے درج ذیل نقوش اپنا ثانی نہیں رکھتے

خوشگوار زندگی کے بارہ اصول

پچھلے شمارے میں دوسرا اصول بیان کیا گیا تھا۔ مزید ملاحظہ فرمائیں:

تیسرا اُصول: تقویٰ

'تقویٰ' دنیا کے دکھوں، تکلیفوں اور پریشانیوں سے نجات پانے کیلئے اور خصوصاً ان لوگوں کیلئے ایک نسخۂ کیمیا ہے جو بے روزگاری، غربت اور قرضوں کی وجہ سے انتہائی پریشان حال اور سرگرداں رہتے ہوں۔ اور تقویٰ سے مراد ہے اللہ تعالیٰ سے ایسا خوف کھانا جو بندے کو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور حرام کام سے روک دے اور جب کسی انسان کے دل میں اللہ تعالیٰ کا ایسا ڈر خوف پیدا ہو جاتا ہے کہ جس کی وجہ سے وہ پرہیزگار بن جاتا ہے اور تمام حرام کاموں سے اجتناب کرنے لگ جاتا ہے تو اس سے اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ ہے: وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ط (الطلاق: ۲-۳)

''اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے، اللہ اس کیلئے مشکلات سے نکلنے کی کوئی نہ کوئی راہ پیدا کر دیتا ہے اور اسے ایسی جگہ سے رزق دیتا ہے جہاں سے اسے وہم و گمان بھی نہیں ہوتا۔'' اور فرمایا:

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ۝ (الطلاق: ۴)

''اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے، اللہ اس کیلئے اس کے کام میں آسانی پیدا کر دیتا ہے۔''

نیز فرمایا: وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ (الاعراف: ۹۶)

''اور اگر یہ بستیوں والے ایمان لاتے اور اللہ کی نافرمانی سے بچتے تو ہم ان پر آسمان اور زمین کی برکات (کے دروازے) کھول دیتے۔''

قارئین محترم! ان تمام آیات میں خوشحالی اور کامیاب زندگی کے حصول کیلئے ایک عظیم اُصول متعین کر دیا گیا ہے اور وہ ہے اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہوئے اس کی نافرمانی سے اجتناب کرنا۔ کیونکہ ایسا کرنے سے اللہ تعالیٰ بندۂ مومن کیلئے ہر قسم کی پریشانی سے نکلنے کا راستہ بنا دیتا ہے اور اس کے ہر ہر کام کو آسان کر دیتا ہے۔ اور اوپر نیچے سے اس کیلئے رزق کے دروازے کھول دیتا ہے۔ اور آیئے ذرا اس اصول کی روشنی میں ہم اپنی حالت کا جائزہ لے لیں!! ایک طرف تو ہم خوشحال اور کامیاب زندگی کی تمنا رکھتے ہیں اور دوسری طرف اللہ تعالیٰ کی نافرمانیاں بھی کرتے رہتے ہیں۔ مثلاً نمازوں میں سستی اور غفلت، جھوٹ، غیبت، چغل خوری، سودی لین دین، والدین اور قرابت داروں سے بدسلوکی، فلم بینی اور گانے سننا وغیرہ۔ بھلا بتلایئے کیا ایسی حالت میں خوشحالی و سعادتمندی نصیب ہو سکتی ہے؟ اور کیا اس طرح پریشانیوں کا ازالہ ہو سکتا ہے؟ ہمیں یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ نافرمانیوں کی موجودگی میں خوشحالی کا نصیب ہونا تو دور کی بات ہے، موجودہ نعمتوں کے چھن جانے کا بھی خطرہ ہوتا ہے۔ اور اس کی واضح دلیل حضرت آدمؑ اور ان کی بیوی حضرت حواء علیہا السلام کا قصہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو جنت کی ہر نعمت و آسائش سے لطف اندوز ہونے کی اجازت دی اور محض ایک چیز سے منع کر دیا کہ تم نے اس درخت کے قریب نہیں جانا لیکن شیطان کے پھسلانے پر جب انہوں نے اس درخت کو چکھا تو اللہ تعالیٰ نے جنت کی ساری نعمتوں سے محروم کر کے انہیں زمین پر اتار دیا۔ تو ان کی ایک غلطی جنت کی ساری نعمتوں سے محرومی کا سبب بن گئی۔ اور آج ہم کئی گناہ کرتے ہیں اور پھر بھی ہم خوشحالی کے متمنی ہوتے ہیں!! یہ یقینی طور پر ہماری غلط فہمی ہے۔ اور اگر ہم واقعتاً ایک خوشحال زندگی بسر کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں اللہ تعالیٰ کی نافرمانیوں سے قطعی اجتناب کرنا ہوگا۔ اور اسی طرح ابلیس کا قصہ ہے، اللہ تعالیٰ نے اسے حضرت آدم علیہ السلام کے سامنے سجدہ ریز ہونے کا حکم دیا لیکن اس نے تکبر کرتے ہوئے سجدہ ریز ہونے سے انکار کر دیا، پھر نتیجہ کیا نکلا؟ اللہ تعالیٰ نے اسے ہمیشہ کیلئے ملعون قرار دے دیا۔ یہ صرف ایک سجدہ چھوڑنے کی سزا تھی اور آج بہت سارے مسلمان کئی سجدے چھوڑ دیتے ہیں۔ پانچ وقت کی فرض نمازوں میں من مانی کرتے ہیں، تو کیا اس طرح ان کی زندگی کامرانیوں سے ہمکنار ہو جائے گی؟ بلکہ ستم بالائے ستم یہ ہے کہ آج بہت سارے لوگ کئی برائیوں کو برائیاں ہی تصور نہیں کرتے اور

Whatsapp +92-322-4173780 ruhanidarsgah.blogspot.com/magazine/ruhani

بلاخوف وتر ددان کا ارتکاب کرتے ہیں۔لہذا ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنے گریبان میں منہ ڈال کر سنجیدگی سے اپنا جائزہ لیں اور اپنی اصلاح کرنے کی کوشش کریں۔جب ہم خود اپنی اصلاح کریں گے اور اپنے دامن کو اللہ تعالیٰ کی نافرمانیوں سے بچائیں گے تو یقیناً اللہ تعالیٰ بھی ہماری حالت پہ رحم فرمائے گا اور ہمیں خوشحال زندگی نصیب کرے گا۔حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ تابعین کو مخاطب کر کے کہا کرتے تھے:

اِنَّكُمْ لَتَعْمَلُوْنَ اَعْمَالاً هِيَ اَدَقُّ فِيْ اَعْيُنِكُمْ مِنَ الشَّعْرِ، اِنْ كُنَّا لَنَعُدُّهَا عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ ﷺ مِنَ الْمُوْبِقَاتِ

(بخاری: الرقاق، باب ما یتقی من محقرات الذنوب: ۶۴۹۲)

''آج تم ایسے ایسے عمل کرتے ہو جو تمہاری نگاہوں میں بال سے زیادہ باریک (بہت چھوٹے) ہیں، جبکہ ہم انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ہلاک کرنے والے گناہوں میں شمار کرتے تھے۔''

اور یہ تابعین کے دور کی بات ہے، جو کہ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے دور کے بعد بہترین دور تھا اور آج ہمارے دور میں خدا جانے کیا کچھ ہوتا ہے؟ بس اللہ کی پناہ!

چوتھا اصول: توبہ واستغفار

انسان پر جو مصیبت آتی ہے چاہے جسمانی بیماری کی صورت میں ہو یا ذہنی اور روحانی اذیت کی شکل میں۔چاہے کاروباری پریشانی ہو یا خاندانی لڑائی جھگڑوں کا دکھ اور صدمہ ہو، ہر قسم کی مصیبت اس کے اپنے گناہوں کی وجہ سے آتی ہے۔اس لئے اسے اس سے نجات پانے کیلئے فوراً سچی توبہ کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے معافی مانگنی چاہیے، کیونکہ اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں سے محبت کرتا ہے اور اس کی پریشانیوں اور مصیبتوں کا ازالہ کر کے اسے خوشحال بنا دیتا ہے۔فرمان الٰہی ہے: وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ﴿۳۰﴾ (الشوریٰ ۴۲:۳۰)

''اور تمھیں جو مصیبت بھی آتی ہے تمھارے اپنے کرتوتوں کے سبب سے آتی ہے اور وہ تمھارے بہت سارے گناہوں سے درگذر بھی کر جاتا ہے۔''

اور اسی طرح ارشاد باری ہے: فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۵۹﴾ (البقرۃ ۲:۵۹)

''پھر ہم نے ان لوگوں پر آسمان سے ان کے گناہوں کے سبب عذاب نازل کیا جنہوں نے ظلم کیا۔''

اور توبہ واستغفار کے فوائد بیان کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ﴿۱۰﴾ يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ﴿۱۱﴾ وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ﴿۱۲﴾ (نوح ۷۱:۱۰-۱۲)

''اور (نوح علیہ السلام نے) کہا: تم سب اپنے رب سے معافی مانگ لو بلا شبہ وہ بڑا معاف کرنے والا ہے۔وہ تم پر آسمان سے خوب بارشیں برسائے گا اور مال اور بیٹوں سے تمھاری مدد کرے گا اور تمھارے لئے باغات پیدا کرے گا اور نہریں جاری کر دے گا۔''

ان آیات میں استغفار کے جو فوائد ذکر کئے گئے ہیں (موسلا دھار بارشیں، مال واولاد سے مدد، باغات اور نہریں)، یہ سب چیزیں در اصل انسانوں کی خوشحالی وسعادت مندی کی علامت ہوتی ہیں اور یہ استغفار ہی سے نصیب ہوتی ہیں۔اسی طرح ارشاد فرمایا:

وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۳۳﴾ (الانفال ۸:۳۳)

''اور اللہ تعالیٰ انہیں اس حال میں عذاب نہیں دیتا کہ وہ استغفار کر رہے ہوں۔''

نیز فرمایا: وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ؕ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ﴿۳﴾ (ھود ۱۱:۳)

''اور یہ کہ تم اپنے رب سے مغفرت طلب کرو، پھر اس کی جناب میں توبہ کرو، وہ تمہیں ایک محدود وقت (موت) تک عمدہ عیش وآرام کا فائدہ نصیب کرے گا۔اور ہر کارِ خیر کرنے والے کو اس کا اجر وثواب دے گا اور اگر تم منہ پھیر لو گے تو مجھے اندیشہ ہے کہ تمہیں بڑے دن (روزِ قیامت) کے عذاب کا سامنا کرنا پڑے گا۔''

(جاری ہے)

Whatsapp +92-322-4773786 ruhaniwazaif.blogspot.com

کھجور بھرپور پھل

قیصر احمد بی اے (کراچی)

کھجور ایک محرابی پھل ہے۔ جو بزرگوں کی خوراک ہے۔ شادی کے موقع پر کھجور کا بانٹنا ثواب خیال کیا جاتا ہے۔ جب اسلام کے کمانڈر انچیف محمد بن قاسم نے ہندوستان پر حملہ کیا تو اس کی فوجوں کی گزرگاہ پر کھجور کی گٹھلیاں جو گریں تو وہاں درخت پیدا ہو گئے۔ البتہ ضلع سکھر کے علاقوں میں یہ کثرت سے پایا گیا جس میں خیر پور، روہڑی، ٹھیٹری اور رانی پور میں بھی اس کی پیداوار کثرت سے ہوتی ہے۔ تقریباً پاکستان میں صوبہ سندھ کھجور کیلئے بے حد مشہور ہے۔ یہ شیریں، رنگ پیلا اور سیاہی مائل ہے۔ اس کا مزاج گرم تر ہے۔ کھجور کے بارے میں ارشاد نبوی ﷺ ہے کہ ''یہ پھل جنت سے ہے اور اس میں زہر سے شفاء ہے۔'' کھجور کا شمار دنیا میں مذہبی وثقافتی لحاظ سے اہم اور بنیادی شے کے طور پر کیا جاتا ہے۔ بالخصوص رمضان میں اس کی اہمیت تمام مسلم ممالک میں نمایاں طور پر اجاگر ہو کر سامنے آتی ہے۔ مسلم گھرانوں میں افطاری کے وقت کوئی ایسا دسترخوان دیکھنے میں نہیں آتا، جہاں کھجور موجود نہ ہو، اس کی مقبولیت اور اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ قرآن مجید میں **20** سے زائد بار جبکہ احادیث مبارکہ میں کھجور اور اس کے درخت کا تذکرہ ملتا ہے۔

کھجور کو ''خوشی کا پھل'' کہا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قدیم زمانے سے ہی اسے بطور میٹھے کے استعمال کرنے کا رواج عام تھا۔ بالخصوص اسلام کی آمد کے بعد اس کی تبرکی شے کی خصوصیات وثمرات مزید اُبھر کر سامنے آئے۔ دیگر مذاہب میں بھی خوشی کے دیگر مواقع مثلاً دیوالی، کرسمس اور ایسٹر وغیرہ کے موقع پر وسیع پیمانے پر کھجور استعمال کی جاتی ہے۔ یہ ایشیاء اور افریقہ کے گرم موسم میں کثرت سے کاشت کی جاتی ہے، تاہم اسے یورپ اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں بھی کاشت کیا جانے لگا ہے۔ کھجور کی کاشت کیلئے مکران، خیر پور، میرس اور ڈیرہ غازی خان میں خصوصی انتظامات موجود ہیں۔ لہٰذا اب یہ شے پاکستان میں بہ کثرت کاشت ہونے لگی ہے۔

کھجور کے طبی خواص وعلاج

روایت ہے کہ ایک صحابیؓ کے سینے میں درد اٹھا، آنحضرت ﷺ نے عجوہ (کھجور کی ایک قسم) بارہ عدد گٹھلیوں سمیت پیس کر پلانے کی ہدایت فرمائی۔ اس طرح ان صحابیؓ کا درد ختم ہو گیا۔ بعد کی تحقیق سے اس کی مزید خصوصیات سامنے آئیں۔ اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ اس شے کی اہمیت اور قدر ومنزلت کس قدر ہے۔

آپ ﷺ کا ارشاد ہے کہ یہ پیٹ سے بیماریوں کو نکالتی ہے اور اس کے اندر کوئی بیماری نہیں ہے۔ جبکہ برنی کھجور ایک طرف سے موٹی ہوتی ہے اور اس کی گٹھلی بھی نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے۔

ارشاد نبوی ﷺ ہے کہ یہ جنت سے ہے اور اس میں زہر سے شفاء ہے۔ جو شخص روزانہ صبح کو سات عدد کھجور کھائے گا وہ زہر اور جادو سے محفوظ رہے گا۔ ایک اور جگہ ارشاد ہوتا ہے کہ ''عجوہ جنت سے ہے اور اس میں بیماریوں سے شفاء ہے۔'' اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ یہ شے کس قدر اہمیت وخوبیوں کی مالک ہے۔ جدید تحقیق نے اب مغرب میں بھی کھجور کی اہمیت کو واضح کر دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اب وہاں بھی اسے ذوق شوق سے مختلف پکوانوں میں شامل کیا جارہا ہے۔ ہم میں بہت کم لوگوں کے علم میں یہ بات ہے کہ کھجور السر (معدے کے زخم) کے لئے انتہائی مفید پھل ہے۔ چونکہ غذائیت کے اعتبار سے یہ ایک بہترین مقوی غذا ہے۔ اس میں شامل اجزاء پوٹاشیم، کیلشیم، فاسفورس، کلورین، فولاد اور کھانڈ کا سب سے بڑا خزانہ ہے۔ نیا خون پیدا کرتا ہے، بھوک لگاتا اور جسم کا وزن بڑھاتا ہے۔ طاقت مردی پیدا کرتا ہے اور منی کو گاڑھا کرتا ہے۔ معدہ اور جگر کو طاقت دیتا ہے۔

بقول شاعر

؎ جگر کے بل پہ ہے انسان جیتا
اگر ضعف جگر ہے تو کھا پپیتا

پھلوں میں اس کا شمار بہت اونچا ہے۔ انسانی جسم کیلئے جتنے وٹامن اور اجزاء کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ سب کھجور میں ہیں۔ جو حضرات دبلے پتلے ہیں

Whatsapp +92-322-4773786 darulamal.org/magazine/urdu

اور موٹا بننے کے خواہش مند ہیں وہ روزانہ کھجور کھا کر بعد میں دودھ پیا کریں۔ چند یوم میں وزن بڑھ جائے گا۔ سردیوں میں جسمانی طاقت حاصل کرنے کیلئے اس طریقے پر ضرور عمل کریں۔

گرمی کے ایام میں رات کو پانی میں بھگو کر رکھ دیں۔ صبح کھجور مسل کر یا گھوٹ کر اس شربت کو پی جائیں۔ بدن کو طاقت ملے گی۔ اور دن بھر پیاس نہ لگے گی، گرمیوں میں بجائے چائے کے مندرجہ بالا ایک گلاس شربت پیتے رہنے سے آپ کا جسم طاقتور بن جائے گا۔

کھجور بطور چائے

سردیوں میں پانچ سات دانے کھجو کے ابلتے ہوئے پانی میں ڈال دیں۔ جب تمام اثر پانی میں آجائے تو اس کو بطور چائے پی لیں۔ اگر ضرورت سمجھیں تو معمولی مقدار میں چائے کی پتی اور دودھ بھی شامل کیا جاسکتا ہے۔ واضح رہے روزانہ پانچ دس تولے سے زیادہ کھجور نہ کھائیں۔ یہ آنتوں اور دل کے مریضوں کیلئے بے حد مفید ہے۔ ذیابیطس کے مریضوں کو کوئی نقصان نہیں دیتی، یہ پیٹ کے کیڑے مارنے کیلئے نہار منہ کھائی جائے، خون میں فولاد کی کمی کو دور کرتی ہے۔ یہ سب پھلوں میں زیادہ مقوی ہے۔ صالح خون پیدا کرتی ہے، بلغم کو ختم کرتی ہے۔ مثانے کی پتھری توڑ کر پیشاب کے راستے خارج کر دیتی ہے۔ سینہ اور پھیپھڑوں کو طاقت دیتی ہے۔

احتیاطی تدابیر

سیاہ اور کچی کھجوریں نفاخ کا باعث ہیں۔ اکثر کچی کھجوریں کھانے سے کھانسی بھی ہو جاتی ہے۔ زیادہ کھجوریں کھانے سے بخار ہو جاتا ہے۔ سخت کھجوریں درد قولنج پیدا کرتی ہیں۔

نسخہ نمبر 1.....قوت باہ کیلئے

چار عدد نر چھوارے اور ایک تولہ پنیر مایہ شتر اعرابی آدھا کلو دودھ میں ڈال کر خوب پکائیں، جب دودھ آدھ پاؤ رہ جائے تو اتار کر پی لیں۔ جماع سے یعنی مباشرت سے دو گھنٹہ پہلے یہ دودھ پئیں پھر امساک کا ملاحظہ فرمائیں، خدا کی خدائی یاد آجائے گی۔

نسخہ نمبر 2.....عرق النساء و جوڑوں کے درد کیلئے

چار عدد کھجور لے کر ان کی گٹھلیاں نکال کر 4 رتی کچلہ مدبر اس میں ملا کر دودھ کے ساتھ نوش فرمائیں۔ دس پندرہ دن میں بستر پر پڑا مریض دوڑنے لگتا ہے۔

نسخہ نمبر 3.....دانتوں کے لئے

کھجور کی گٹھلی کا سفوف منجن دانتوں کو فائدہ کرتا ہے۔ زخموں کو صاف کرتا ہے، بچہ پیدا ہونے سے پہلے چند چھوارے اور کھجوریں کھا کر اوپر سے ٹھنڈا پانی پینے سے بچہ آسانی سے پیدا ہوتا ہے۔ جلی ہوئی کھجور خون بہنے کو بند کرتی ہے۔ ہاضم ہے، ورم کو تحلیل کرتی ہے۔

نسخہ نمبر 4.....آنکھوں سے پانی آنا

آنکھوں سے پانی آنا، تخم کھجور جلا کر سرمہ کی طرح کھرل کریں، راکھ کو سلائی سے صبح اور شام آنکھوں میں لگائیں، چند یوم میں پانی موقوف ہو جائے گا۔

نسخہ نمبر 5.....خون پیدا کرنے کیلئے

اگر صبح، شام یا دن میں دو تین مرتبہ پانچ سات دانے کھجور کھانے کی عادت ڈالی جائے تو عمدہ خون پیدا ہوتا ہے۔ یہ ایک طرح کا ''سُستی ٹانک'' ہے۔

نسخہ نمبر 6.....دائمی قبض اور گیس کیلئے

دائمی قبض اور گیس والے مریضوں کو صبح ناشتے کے طور پر تین سے گیارہ دانے تک کھجور کھا کر پانی، دودھ یا چائے پینے سے ان بیماریوں سے نجات ملے گی۔

نسخہ نمبر 7.....پرانے معدہ کے مریضوں کیلئے

پرانے معدہ کے مریض جن کے عصاب کمزور اور غذا معدے میں دیر تک پڑی رہتی ہو انہیں صبح صرف کھجور کا ناشتہ کر کے آدھ سے ڈیڑھ چھٹانک عرق گلاب سے چند روز استعمال کرنے سے تبخیر دور ہو جاتا ہے اور قبض اور ہاضمہ مضبوط ہو جاتا ہے۔

نسخہ نمبر 8.....آنتوں کی طاقت کیلئے

کھجور کی گٹھلی بھی آنتوں کو طاقت دیتی ہے اور معدہ کی گرمی دور کرتی ہے۔ یہ ایک سے تین عدد گٹھلی پانی یا سونف کے عرق میں گھس کر چاٹنے سے بدہضمی کو افاقہ کرتی ہے۔ جلی ہوئی گٹھلی کو زخم پر چھڑکنے سے خون نکلنا بند ہو جاتا ہے۔

دماغی ٹانک

- برسوں کی باتیں بھی یاد آجائیں
- بے مثال حافظہ کیلئے بہترین ساتھی

قیمت: 300 روپے 160 گرام | قیمت: 1200 روپے 600 گرام

آپ چاہتے ہیں کہ آپ ذہین بنیں، آپ کا حافظہ شاندار ہو، بھولنے کا مرض ختم ہو جائے۔ ایک بار کا پڑھا برسوں یاد رہے۔ دفتر کے معاملات میں حاضر جواب اور رکھی چیز کو برسوں بعد جلد ڈھونڈ نکالنے والے ہوں۔ آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی نسلیں ذہین، فطین اور خوبصورت یادداشت کی حامل ہوں۔ وہ ہر سال ٹاپ کریں، اپنی کلاس میں اعلیٰ پوزیشن لیں۔ انہیں پڑھا مادر ہے، ٹیچر کا پڑھایا مادر ہے، لکھا مادر ہے، آپ نے اچھی نصیحت کی تو خوب یاد رہے تو گھبرائیں نہیں، وکیلوں، نوجوانوں اور تعلیمی سرگرمیوں میں مصروف عمل رہنے والوں کیلئے کرشماتی تحفہ۔

اور اس طرح کی مزید جملہ کیفیات سے نجات کیلئے ''جام صحت'' نے بہت ریسرچ کے بعد جادوئی اثر رکھنے والا ''دماغی ٹانک'' ترتیب دیا ہے۔ جس کے استعمال سے آپ دماغی طور پر چست و چاق و چوبند ہو جائیں گے۔

جسمانی و دماغی قوت کا خزانہ، شفاء کا پیغام، خالص عرقیات و اجزاء سے تیار کردہ بے حد مجرب المجرب نسخوں کو سامنے رکھ کر تیار کی گئی لاجواب اور زبردست Result دینے والا ٹانک

مطب العارف 042-35410586, 0320-5410586

معجون خاص

قیمت: 1250 روپے (ایک ماہ کورس)

گھر بھر کے لئے ایک اونکھا ٹانک۔ بچے، بڑے، بوڑھے، جوان، مرد، عورت، صحت مند، مریض سب کے لئے، ہر موسم میں یکساں مفید ہے۔

اہم فوائد: ● بڑھا ہوا پیٹ اور کولہے ● کمر درد ● جوڑوں کا پرانا درد ● دماغی کمزوری ● بلغمی امراض ● اعصابی کمزوری ● گیس تبخیر الغرض تمام امراض میں بے حد مفید۔ غرض یہ کہ ''معجون خاص'' پورے بدن کے لئے ایک لاجواب ٹانک ہے ● جگر کے لئے بے حد مفید ہے ● خون کی کمی کو دور کرتا ہے ● عام جسمانی کمزوری، سانس کا پھولنا، کام میں دل نہ لگنا، ہاتھ پاؤں کا سونا اور اعصابی تھکان میں بہت مفید ہے ● گردے اور مثانے کو طاقت دیتا ہے ● پیشاب کی زیادتی میں مفید ہے ● بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت میں اضافہ کرتا ہے ● ہارمونز کا نظام بہتر کرتا ہے ● ''معجون خاص'' قدرتی کیلشیم، فولاد، پروٹین، فاسفورس اور زنک کا ایک بیش قیمت مرکب ہے

مطب العارف 042-35410586, 0320-5410586

بے مثال تیل

قیمت: 350 روپے

بالوں کو لمبا، گھنا، چمکدار، مضبوط اور ملائم کرتا ہے

● خوبصورت بال عورتوں، مردوں اور بچوں سبھی کو اچھے لگتے ہیں اور شخصیت کے تاثر کو اُبھارتے ہیں ● ''بے مثال تیل'' بالوں کی بھرپور نگہداشت کرتا ہے ● خشکی اور سکری چند دنوں میں دور ہو جاتی ہے ● گرتے بال رُک جاتے ہیں ● بالوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا ہے ● بالوں کو لمبا اور گھنا کرتا ہے ● بالوں کے روکھے اور بھُربھُرے پن سے نجات دلاتا ہے ● بالوں کو ریشم کی طرح نرم و ملائم اور سلکی کرتا ہے ● بالوں کی سیاہی کو برقرار ہی نہیں رکھتا بلکہ اس میں اضافہ کرتا ہے ● دوشاخہ پن سے مکمل نجات دلاتا ہے ● بالوں کی چمک میں بے پناہ اضافہ کرتا ہے ● بالوں کو پائیدار اور پُرکشش بناتا ہے ● ''بے مثال تیل'' واقعی بے مثال ہے

مردوں، عورتوں اور بچوں کیلئے یکساں مفید

اگر آپ اپنے بالوں کو حسین اور جاذبِ نظر بنانا چاہتے ہیں تو ''بے مثال تیل'' پر کامل بھروسا کیجئے۔ ان شاء اللہ العزیز آپ اس کے گرویدہ ہو جائیں گے۔

مطب العارف 042-35410586, 0320-5410586

روغنِ درد رُبا

(50ML)Rs.150

چوٹ لگ جائے یا موچ آجائے نیز تمام دردوں کو آناً فاناً ٹھیک کرتا ہے

● جسم میں کہیں بھی درد ہو ● اکڑاؤ ہو ● چوٹ لگ گئی ہو ● ورم آگیا ہو ● جوڑوں میں درد ہو ● ریاحی دردیں ہوں ● پٹھوں میں درد ہو ● بچے یا بڑے کی پسلیوں میں درد ہو ● پنڈلیوں میں درد ہو ● اعصابی درد ہو ● سردی کی وجہ سے درد ہو ● ہڈیوں میں درد ہو ● موچ آگئی ہو

غرض کہ آپ کو کہیں بھی درد ہو..... ہمارا تیار کردہ **روغنِ درد رُبا** ضرور آزمائیں، ان شاء اللہ آپ کو یقینی فائدہ ہوگا۔

طریقہ استعمال: متاثرہ مقام پہ اچھی طرح مالش کر کے گرم پٹی باندھ دیں۔ کچھ دیر تک ٹھنڈی ہوا سے محفوظ رکھیں۔

مطب العارف 042-35410586, 0320-5410586

+92-322-4773760 Whatsapp
Jamal-e-Mustafa Magazine
ماہنامہ

منہ سے بدبو آنے کی وجوہات اور اس کا علاج

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر (ناظم مطب العارف)

منہ سے بدبو آنے کی کئی وجوہات ہوتی ہیں۔ جن میں سے سب سے بڑی وجہ مسواک یا برش نہ کرنا ہے۔ لیکن بعض لوگ مسواک اور برش بھی پابندی سے کرتے ہیں لیکن اس کے باوجود بھی وہ اس منحوس اور موذی مرض میں مبتلا ہیں۔ منہ سے بدبو آنے کی ایک بڑی وجہ مضر چیزوں اور مضر صحت غذاؤں کا استعمال بھی ہے۔ پانی کی کمی کی وجہ سے بھی منہ سے بدبو آنا شروع ہو جاتی ہے۔ منہ سے بدبو آنے کی وجہ شراب نوشی اور نشہ آور چیزیں بھی ہیں۔ منہ سے بدبو آنے کی وجہ مسوڑھوں کا سوجنا بھی ہے۔ منہ سے بدبو آنے کی وجہ دانتوں میں کھانے والی اشیاء کے ذرات کا ٹھہرے رہنا بھی ہے۔ منہ کی بدبو کی وجہ مسوڑھوں کی پیپ بھی ہے۔ منہ میں سے بدبو آنے کی وجہ گلے کا انفیکشن بھی ہے۔ منہ سے بدبو آنے کی وجہ سانس کی بیماریاں بھی ہیں۔ منہ سے بدبو آنے کی وجہ آنتوں میں کیڑے بھی ہیں۔ منہ سے بدبو آنے کی وجہ معدے کی خرابی بھی ہے۔ منہ سے بدبو آنے کی وجہ جگر کی خرابی بھی ہے۔ منہ سے بدبو آنے کی وجہ گردوں کی خرابی بھی ہے۔ منہ سے بدبو آنے کی وجہ قبض بھی ہے۔ منہ سے بدبو آنے کی وجہ پیاز کا کچا کھانا بھی ہے۔ منہ سے بدبو آنے کی وجہ کچا لہسن کھانا بھی ہے۔ منہ سے بدبو آنے کی وجہ پروٹین سے بھرپور غذائیں کھانا بھی ہے۔ منہ سے بدبو آنے کی وجہ بعض اوقات بڑا گوشت، مچھلی اور پنیر وغیرہ کا استعمال بھی ہے۔ منہ سے بدبو آنے کی اور بہت ساری وجوہات ہیں۔ پھر کبھی صرف منہ میں سے بدبو آنے کی وجوہات پر مضمون لکھوں گا۔ چونکہ آج کا مضمون وجوہات کے ساتھ علاج کا بھی ہے۔ اب ہم ان چیزوں کا ذکر کریں گے کہ جن کے استعمال سے ہمیں اس بیماری اور اس ناگواری سے نجات مل سکے۔ منہ کی بدبو دور کرنے کے لئے چھوٹی الائچی کا بکثرت کھانا فائدہ مند ہے۔ منہ کی بدبو سے نجات کے لیے میتھی کی چائے ایک بہترین نسخہ ہے۔ ایک کپ پانی میں میتھی کے ایک چمچ بیج ڈال کر چائے تیار کرلیں۔ اس کو پئیں یا پھر اس کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ایک کپ پانی میں میتھی کے بیج ایک چمچ ڈال کر اچھی طرح ابال کر اس کو قدرے ٹھنڈا کر کے یعنی جب نیم گرم ہو تو اس سے اچھی طرح کلیاں کریں۔ اس عمل سے منہ کی بدبو سے جان چھوٹ جائے گی۔ اگر اس میں نمک بھی ڈال لیا جائے تو بہت اچھا ہے۔ سارا دن منہ بند رہنے سے بھی منہ میں سے بدبو آنا شروع ہو جاتی ہے۔ دن بھر وقفے وقفے سے پانی پیتے رہنا بھی اس مرض سے بچائے رکھتا ہے۔ منہ کی بدبو سے بچنے کے لیے بغیر شکر والی چیونگم چبانا بھی فائدہ مند ہے۔ منہ کی بدبو سے بچنے کے لیے پودینے کی پتیاں چبانا بھی فائدہ مند ہے۔ پانی میں میٹھا سوڈا ڈال کر کلیاں کرنے سے بھی منہ کی بدبو سے جان چھوٹ جاتی ہے۔ منہ کی بدبو سے جان چھڑانے کے لیے ایک کپ پانی میں نیم کے پتے ڈال کر کلیاں اور غرارے کرنے سے بھی بہت فائدہ ہوتا ہے۔ منہ کی بدبو سے جان چھڑانے کے لیے کچے امرود کھانا بھی مفید ہے۔ امرود کی تازہ پتیاں چبانے سے بھی منہ کی بدبو سے نجات مل جاتی ہے۔ نیاز بو کے پتے چبانے سے بھی اور اس کی چٹنی کھانے سے بھی منہ کی بدبو سے جان چھوٹ جاتی ہے۔ منہ کی بدبو سے جان چھڑانے کے لیے لیموں ایک بہت ہی فائدہ مند چیز ہے۔ لیموں لے کر اس کو کاٹ کر اس کو آہستہ آہستہ دانتوں اور مسوڑھوں پر رگڑیں لیموں میں پایا جانے والا طاقتور رس مسوڑھوں سے زہریلا مواد نکال کر مسوڑھوں کو سکون بھی دیتا ہے۔ اور مسوڑھوں سے آنے والی پیپ کا خاتمہ بھی کرتا ہے اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ منہ سے آنے والی بدبو سے جان چھڑاتا ہے۔ چونکہ دہی کا مستقل استعمال منہ کی بدبو سے ہمیشہ کیلئے جان چھڑا سکتا ہے۔ منہ سے بدبو اگر گلے کی خرابی کی وجہ سے آرہی ہو تو ایک گلاس نیم گرم پانی میں شہد، لیموں یا لونگ کا تیل مکس کر کے اگر غرارے اور کلیاں کی جائیں تو اس مصیبت سے جان چھوٹ سکتی ہے۔ منہ کی بدبو ختم کرنے میں گرین ٹی یعنی سبز چائے بھی بے مثل ہے۔ اسی طرح محققین نے یہ بات بھی لکھی ہے کہ اگر بلیک ٹی بھی پینے کی عادت ہو تو اس سے بھی اس منہ سے بدبو آنے والے مرض سے جان چھوٹ سکتی ہے۔ منہ کی بدبو ختم

(بقیہ ص 49)

روحانی درسگاہ کے طالب علموں کیلئے مفت خدمات goo.gl/laZQhb

پیٹھے کے بے مثال اور بے شمار فوائد

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر (ناظم مطب العارف)

پیٹھا ایک لذیذ اور مفید صحت ترکاری ہے۔ اس کا شمار بھی بہترین اور جسم پرور غذاؤں میں ہوتا ہے۔ بہت سے علاقوں میں پیٹھا میٹھا کدو اور حلوہ کدو کے ناموں سے مشہور ہے۔ دیکھنے میں ایک عام سبزی ہے۔ لیکن افادیت، غذائیت اور طبی خواص کے اعتبار سے اس کو بہترین سبزیوں میں شمار کرنا چاہیے۔ وہ خواتین کہ جن کو سبزیوں کے فوائد کے بارے میں کوئی علم نہیں ہے بس پکانے اور کھانے سے ہی غرض ہے تو وہ پیٹھے کو عام اور معمولی سبزی سمجھتی ہیں اور جن عورتوں کو کچھ معمولی سی بھی سمجھ ہے وہ پیٹھے کو بہت مرغوب اور غذائی نعمت سمجھتی ہیں اور پیٹھے کو مختلف طریقوں سے کبھی پیٹھے کا حلوہ تو کبھی پیٹھے کا سالن، کبھی پیٹھے کے پکوان اور کبھی پیٹھے کے پراٹھے، کبھی پیٹھے اور انڈوں کا حلوہ تو کبھی پیٹھے کے کوفتے یعنی پیٹھے کی مختلف ڈشیں تیار کر کے اس کی افادیت کو مدنظر رکھتے ہوئے وہ اس کو مختلف طریقوں سے پکا کر خود بھی کھاتی ہیں اور اپنے بچوں سمیت سب گھر والوں کو کھلاتی ہیں۔ تاثیر کے لحاظ سے پیٹھا فرحت بخش اور روح کو بشاشت دینے والی سبزی ہے۔ طبی نقطہ نظر سے پیٹھا نکسیر کے مرض کو دور کرتا ہے۔ پیٹھا سل اور دق کے مریضوں کو فائدہ پہنچاتا ہے۔ پیٹھا دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ پیٹھا اعضائے رئیسہ کو تقویت پہنچاتا ہے۔ پیٹھا مادہ تولید میں اضافہ کرتا ہے۔ پیٹھا خون کی مقدار میں اضافہ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ پیٹھا جگر اور پھیپھڑوں کے افعال کو بہتر بناتا ہے۔ پیٹھا عارضہ بواسیر کو دور کرتا ہے۔ پیٹھا زمانہ حمل میں عورت کے لیے کھانا فائدہ مند ہے۔ پیٹھا ماں کے پیٹ میں موجود بچے کو توانائی دیتا ہے۔ پیٹھا مرض خفقان کو دور کرتا ہے۔ پیٹھا حرارت کو تسکین دیتا ہے۔ پیٹھا کے اندر وٹامن اے اور بی کی کافی مقدار پائی جاتی ہے۔ پیٹھا تمام دماغی امراض میں مبتلا مریضوں کے لیے فائدہ مند ہے۔ پیٹھا پٹھوں کو مضبوط بناتا ہے۔ ہر طرح کی جسمانی کمزوریوں کو دور کرنے کے لیے پیٹھے کا حلوہ، پیٹھے کا مربہ بہترین چیز ہیں۔

آڑو کے بے مثال اور بے شمار فوائد

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر (ناظم مطب العارف)

کثیر الفوائد پھلوں میں آڑو کو ایک خصوصی اور امتیازی حیثیت حاصل ہے۔ آڑو اپنی انوکھی لذت و افادیت کے لحاظ سے عوام و خواص میں مقبول ہے۔ بچے، بوڑھے سبھی آڑو کو بڑی رغبت اور خوش دلی سے کھانا پسند کرتے ہیں۔ آڑو کا تعلق جہاں تک غذائی پہلو سے ہے تو اس حیثیت سے بھی یہ اعلیٰ غذائی خوبیاں رکھتا ہے۔ اللہ پاک کی حکمت بالغہ نے جہاں اسے گوشت بنانے والے نشاستہ دار، روغنی اور شکری اجزاؤں سے نوازا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ فاسفورس اور کیلشیم کا بھی خاص حصہ عطا فرما دیا ہے۔ اس لیے آڑو ایک زبردست فائدہ مند غذا ہونے کے ساتھ ساتھ بہت ساری بیماریوں اور جسمانی عوارض میں شفا بخشی کے جواہرات سے بھی مالا مال ہے۔ آڑو کی ایک نمایاں خوبی یہ ہے کہ یہ ہر طرح کے جراثیم کو ہلاک کرنے، معدہ اور انتڑیوں میں مختلف بیماریوں کو پیدا کرنے والے کیڑوں کو خارج کرنے کی بے پناہ صلاحیت رکھتا ہے۔ آڑو میں وٹامن اے، بی، سی وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں، اس لیے یہ بہت ساری بیماریوں کو دور کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ آڑو معدے کی تیزابیت کو دور کرنے والی ایک لاجواب چیز ہے۔ آڑو صالح خون پیدا کرتا ہے۔ آڑو خون کے جوش روکنے میں بے مثال ہے۔ آڑو معدہ، جگر اور انتڑیوں کے زہریلے قسم کے فضلات کو خارج کرتا ہے۔ گرم بخاروں کو دور کرنے میں بے مثل ہے۔ آڑو گرم مزاج اور بلغمی مزاج افراد کیلئے فائدہ مند ہے۔ آڑو معدہ اور جگر و مثانہ کی گرمی ختم کرتا ہے۔ آڑو معدہ و جگر کی گرمی کی وجہ سے بھوک نہ لگنے کے معاملے کو ختم کر کے خوب بھوک لگاتا ہے۔ آڑو تمام امراض گرما کیلئے ایک زبردست دوا اور بہترین غذا اور لاجواب ٹانک ہے۔ کھائیے اور بیماریوں سے شفاء پائیے۔

Whatsapp +92-322-4713780 Darul Ishtiaq Lahore Journal Org/magazine/khan

آپ کی بیماریوں کا ہومیو علاج

ہومیو ڈاکٹر مولانا علی آفاق

غم کی وجہ سے طبیعت پریشان رہتی ہے

سوال ڈاکٹر صاحب میری والدہ کی طبیعت بہت خراب ہے۔ بلڈ پریشر کم زیادہ ہوتا ہے۔ کبھی خوش اور کبھی ایک دم افسردہ ہوجاتی ہیں۔ ٹھنڈی آہیں بھرتی ہیں۔ اس کا بیک گراؤنڈ یہ ہے کہ میرا بھائی ایک خاص جگہ شادی کرنا چاہتا تھا۔ اس کی شادی وہاں گھر والوں نے نہ ہونے دی، انکار کردیا۔ اب وہ بھائی شادی سے آئندہ کہیں بھی انکاری ہے۔ اب 5 سال کا عرصہ گزر چکا ہے۔ جب بھی اس سے شادی کی بات کرو وہ انکار کردیتا ہے۔ اس ساری صورتحال کے بعد میری والدہ مختلف پیچیدگیوں کا شکار ہوگئی ہیں۔ اس کا کوئی ہومیو پیتھک حل ارشاد فرمائیں۔ (ماجد، لاہور)

جواب آپ اپنی والدہ کو اگنیشیا ون ایم کی ایک خوراک ہر 15 دن کے بعد دیں۔ ٹھنڈی آہیں اور طبیعت کی خرابی اور دیگر علامات درست ہوجائیں گی۔ جب طبیعت بہتر ہونے لگے تو دوائی فوری طور پر بند کردیں۔

پرانی دردیں چوٹیں اور ان کے بداثرات ختم

سوال ڈاکٹر صاحب میرا ایک بہت ہی خطرناک اور جان لیوا ایکسیڈنٹ ہوا تھا۔ بستر پر پورا سال رہا۔ دماغی چوٹیں بھی آئیں اور ٹانگیں بھی ٹوٹ گئیں تھیں۔ اب الحمدللہ سارے معاملات درست ہو چکے ہیں مگر سردیوں میں خصوصاً اور گرمیوں میں عموماً میں گھٹنوں اور ٹانگوں میں دردوں کی زبردست شکایت کا شکار ہوجاتا ہوں۔ اس کے لئے انگریزی ادویات نے مایوسی اور معدہ کی خرابی کے علاوہ کچھ نہیں دیا۔ (محمد عالم خان)

جواب آپ مناسب ورزش اور واک شروع کریں۔ اور اپنی خوراک کا مناسب خیال رکھیں۔ اس کے ساتھ پرانی دردوں کے لئے جو چوٹوں کی وجہ سے ہوں۔ آرنیکا 30 کی 3 خوراکیں روزانہ 21 دن استعمال کریں۔ اور پھر اطلاع کریں۔

منی کے قطرے، ٹانگوں کی جلن کا خاتمہ

سوال ڈاکٹر صاحب میں جنسی جذبات میں بہہ جانے والا اور اپنے نفس پر کم کنٹرول کرنے والا بندہ ہوں۔ جس کے نتیجے میں بہت زیادہ بیوی سے سیکس کیا ہے۔ طبیعت نرم ہے، مزاج کا اچھا ہوں، ٹانگوں میں گرمی اور بے چینی ہے۔ بلڈ پریشر ہائی رہتا ہے، رات کو پاؤں بستر سے باہر ہوتے ہیں، کمزور جسم کا مالک ہوں۔ اب حقوق زوجیت کے ادا کرنے میں بھی کافی کمزوری اور کم ٹائم کا سامنا ہے۔ بہت علاج کروایا ہے۔ مگر حالات میں بہتری کی کوئی راہ نظر نہیں آتی۔ ہومیو پیتھک علاج اب آزمانا چاہتا ہوں۔ کمر میں درد ہے اور بواسیر بھی ہے۔ (محمود خان، پشاور)

جواب آپ کی طبیعت اور مزاج دیکھنے کے بعد میں آپ کو ہومیو دوائی ''فاسفورس 200'' کی ایک خوراک 7 دن کے لئے تجویز کررہا ہوں اور ساتھ ہی ''ایویشا سٹیوا Q'' 20 قطرے ایک کپ پانی میں کھانے سے پہلے 21 دن استعمال کریں۔

آپ کے سارے حالات اور معاملات بہت جلد درست ہونے شروع ہوجائے گے۔ واک شروع کریں۔ نماز کا اہتمام کریں۔ ذہنی دباؤ مت لیا کریں۔ تازہ سبزی اور سلاد کا استعمال کریں۔ دودھ، انڈے، پنیر اور دہی گھی کا اہتمام کریں۔ صحت مثالی اور قابل رشک ہوجائے گی۔

گلے کی خراش اور کھانسی

سوال ڈاکٹر صاحب مجھے گلے میں خراش ہے۔ پیاس بار بار تھوڑے تھوڑے پانی کی ہے۔ سردی بھی نسبتاً زیادہ لگ رہی ہے۔ اور کھانسی بھی خشک ہے۔ اس کے لئے ہومیو پیتھک دوائی ارشاد فرمادیں۔

(قاری تنویر، لاہور)

جواب آپ کو بار بار معمولی اور تھوڑے پانی کی پیاس ہے اور سردی بھی معمول سے کچھ زیادہ کا احساس ہے۔ اور کھانسی بھی ہے تو اس کے لئے آپ ''آرسینک 30 البم'' کی چند خوراکیں صبح دوپہر شام لے کر دعائیں دیں۔

علی مرتضیٰ طاہر

آدابِ زندگی.....بچوں کیلئے

والدین سے گذارش ہے کہ ان آداب کو خود بھی پڑھیں، بچوں کو بھی پڑھوائیں۔خود بھی عمل کریں اور بچوں کو بھی عمل کروائیں۔

کھانے کے آداب

1.....کھانے سے پہلے ہاتھ دھوئیں اور بسم اللہ کہہ کر کھانا شروع کریں۔

2.....اگر کھانے کے شروع میں بسم اللہ بھول جائے تو یاد آنے پر یہ پڑھیں: بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ

3.....کھانا دائیں ہاتھ سے اور سامنے سے کھائیں۔

4.....کھانا برتن کے درمیان سے نہ کھائیں کیونکہ درمیان میں برکت نازل ہوتی ہے۔

5.....کھانا اکٹھے بیٹھ کر کھانا چاہیے۔

6.....ٹیک لگا کر کھانا پینا نہیں چاہیے۔

7.....کھانے میں پھونک نہیں مارنی چاہیے۔

8.....کھانے میں عیب نہ نکالیں۔

9.....کھانا کھاتے ہوئے کوئی لقمہ زمین پر گر جائے تو اسے اٹھا کر صاف کر کے کھائیں۔

10.....برتن کو اچھی طرح صاف کریں۔

11.....کھانا ضائع مت کریں۔

12.....کھانا بھوک رکھ کر کھانا چاہیے۔

13.....کھانے سے فارغ ہو کر ہاتھ دھونے سے پہلے انگلیاں چاٹ لیں۔

14.....کھانے کے بعد یہ دعا پڑھیں:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنِیْ ھٰذَا وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ۔

پینے کے آداب

سوال 1 کچھ پینے سے پہلے کیا کہنا چاہیے؟

جواب بسم اللہ۔

سوال 2 کس ہاتھ سے پینا چاہیے؟

جواب دائیں ہاتھ سے۔

سوال 3 پانی کیسے پینا چاہیے؟

جواب بیٹھ کر۔

سوال 4 کتنی سانسوں میں پینا چاہیے؟

جواب تین سانسوں میں۔

سوال 5 کیا برتن میں سانس لے سکتے ہیں؟

جواب جی نہیں!

سوال 6 پانی پی کر کیا کہنا چاہیے؟

جواب الحمد للہ۔

سوال 7 دودھ پر کیا پڑھنا چاہیے؟

جواب اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَزِدْنَا مِنْہُ

سوال 8 بائیں ہاتھ سے کون کھاتا پیتا ہے؟

جواب شیطان۔

سوال 9 کیا سونے اور چاندی کے برتن میں کھا پی سکتے ہیں؟

جواب جی نہیں!

سوال 10 کیا مشکیزہ، بوتل اور نل وغیرہ کو منہ لگا کر پی سکتے ہیں؟

جواب جی نہیں! ایسا کرنے سے نبی اکرم ﷺ نے منع فرمایا ہے۔

بقیہ (ص 18): سات سلام چہل کاف سے فیض یافتہ افراد کے واقعات

میرے کلینک کی عزت کا ذریعہ بنائیں۔ میں نے اس سے کہا کہ آپ سات سلام چہل کاف کا عمل اور عمل شفائے امراض پڑھنا شروع کریں۔ آپ کے تمام مسائل اللہ پاک کے فضل سے دنوں میں حل ہو جائیں گے۔ ان اعمال کے لینے کے بعد وہ بہت ہی خوش ہیں۔ پورے علاقے میں ان کی دھوم مچی ہوئی ہے اور ایک کلینک سے وہ ایک بڑے ہسپتال کی بنیاد رکھ چکی ہیں۔

دینی مدارس کے طلباء اور طالبات کیلئے مفت خدمات goo.gl/gwAbNs

زوجہ

مولانا مفتی شکیل احمد نقشبندی (ظفروال)

حکم کی تعمیل

شوہر کے ہر جائز حکم کی تعمیل کرنا عورت کے لیے لازم ہے۔

شوہر کی اطاعت کا بدلہ

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے احیاء العلوم میں لکھا ہے کہ ایک شخص سفر پر گیا روانگی سے قبل اپنی بیوی سے کہہ گیا کہ وہ بالا خانہ سے نہ اترے۔ نچلے حصے میں اس عورت کا باپ رہتا تھا۔ اتفاقاً وہ بیمار ہوا تو اس عورت نے آنحضرت ﷺ کی خدمت میں اجازت لینے کے لیے آدمی بھیجا کہ وہ نیچے اتر کر اپنے والد کی عیادت کر سکے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اپنے خاوند کی اطاعت کر۔ اس کا باپ فوت ہو گیا، اس نے پھر اترنے کی اجازت چاہی آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اپنے شوہر کی اطاعت کر۔ اس کا باپ دفن بھی کر دیا گیا مگر وہ نہ اتری۔ آنحضرت ﷺ نے اس عورت کو کہلا بھیجا کہ تو نے جو اپنے شوہر کی اطاعت کی اس کے عوض میں اللہ تعالیٰ نے تیرے باپ کی مغفرت فرما دی۔

فرمانبردار عورت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو عورت اپنے شوہر کی مطیع و فرمانبردار ہو تو یاد رکھو اس کے لیے تمام مخلوق استغفار اور دعائے مغفرت کرتی ہیں حتیٰ کہ پرندے ہوا میں، مچھلیاں پانی میں، درندے جنگلوں میں اور فرشتے آسمان میں۔

گھر کا دینی ماحول

عورت کو چاہیے کہ وہ گھر میں دینی ماحول پیدا کرنے میں خاوند کا ساتھ دے اور بچوں کی نماز روزہ قرآن پاک کی روزانہ تلاوت اور ان کے اسکول کے کام کا خیال رکھے اور ان کو اخلاق حسنہ سکھائے۔

عقل مند عورت

عقل مند عورت وہ ہے جو اپنی اور اپنے خاندان کی سلامتی اپنے خاوند کی رضا میں تلاش کرتی ہے۔

گھر کی بقاء اور سلامتی

عورت اگر اپنے گھر کی بقاء اور اپنی سلامتی چاہتی ہے تو اسے اپنے خاوند کے سامنے اپنی ہار اور کمزوری کا اظہار کرنا چاہیے اگرچہ وہ حق پر ہی ہو۔

شوہر کا مزاج

شوہر روزمرہ زندگی کی جزئیات اور بچوں کی چھوٹی موٹی مشکلات و مسائل میں دخل دینا پسند نہیں کرتا تو عورت کو حتی الامکان بچوں کے ان مسائل سے مرد کو فارغ رکھنا چاہیے۔

عورت کی بہتری

خاوند اگر تھکا ماندہ یا غصے میں ہو تو اس سے لڑائی جھگڑا نہ کرنا چاہیے بلکہ ایسی بات کو دوسرے وقت کے لیے چھوڑ دے، اسی میں عورت کی بہتری ہے۔

طبیعت میں نشاط

اگر ممکن ہو تو عورت خاوند کے آنے سے تھوڑی دیر پہلے گھر میں خوشبو چھڑک دے تاکہ اس کی طبیعت میں نشاط پیدا ہو۔

نجی معاملات

عورت کو چاہیے کہ اپنے گھر والوں، لڑکیوں اور سہیلیوں وغیرہ میں سے کسی کو بھی اپنی ازدواجی زندگی میں دخیل نہ بنائے کیونکہ شوہر اپنے نجی معاملات کی دوسروں کو اطلاع دینا سخت ناپسند کرتا ہے۔

پاکباز عورت

نیک سیرت اور پاکباز عورت اپنے شوہر کے لیے تاج کی مانند ہے۔

Whatsapp +92-322-4773780 darulamal.org/magazines/rabita

روحانی درسگاہ سے بغیر فیس عملیات سیکھیں

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ 1997ء سے روحانی علوم سکھانے میں مصروف ہے۔ فیس اور بغیر فیس کے کئی اعمال سکھائے جا رہے ہیں۔ درسگاہ میں پانچ قسم کے افراد کو بغیر فیس اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ بغیر فیس اعمال کے لیے رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے بھیجنا ضروری ہے۔ مزید شرائط اور نئے اضافہ شدہ اعمال کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔ نئے اعمال کا اضافہ وقتاً فوقتاً ہوتا رہتا ہے۔ تمام اعمال میں بنیادی درجہ کا عامل بنایا جاتا ہے۔

(۱).....عوام کے لیے

درج ذیل اعمال ہر کوئی سیکھ سکتا ہے:

❶ آیت الکرسی (درجہ اوّل) ❷ بنیادی حصار ❸ معوذتین (درجہ اوّل) ❹ نظر بد ختم کرنے کا عمل (درجہ اوّل) ❺ سورۂ فاتحہ ❻ عمل حفاظت ''یا حافظ یا حفیظ'' ❼ ''فراخی رزق'' کا مجرب عمل ❽ درود ابراھیمی ❾ درود تنجینا ❿ بسم اللہ الرحمن الرحیم کا بنیادی عمل ⓫ سلام قولا من رب رحیم کا بنیادی عمل ⓬ لاعلاج امراض سے شفاء کا خاص قرآنی عمل

(۲).....ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے

ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں۔ ممبر شپ ختم ہونے پر یہ اعمال نہیں سکھائے جائیں گے:

❶ آیتِ شفاء ❷ ''حصار'' کا خاص عمل ❸ دعائے حزب البحر ❹ دعائے حزب النصر ❺ لاحول ولاقوۃ الا باللہ کا عمل ❻ ''منزل'' (درجہ اوّل) ❼ سورۃ الناس کا عمل ❽ ''تسخیر'' کا خاص عمل ❾ درودِ خضری کا عمل ❿ سورۃ یٰسین کا عمل ⓫ ''سورۃ واقعہ'' کا خاص عمل برائے فراخی رزق ⓬ ہاتھ سے تشخیص والا عمل ⓭ آیتِ کریمہ (درجہ اوّل) ⓮ حسبنا اللہ ونعم الوکیل ⓯ کینسر سے نجات کا خاص عمل

(۳).....علمائے کرام کے لیے

علمائے کرام درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں:

❶ ''منزل'' (درجہ اوّل و دوم) ❷ دعائے حزب البحر ❸ دعائے حزب النصر ❹ آیت الکرسی (درجہ دوم) ❺ معوذتین (درجہ دوم) ❻ قصیدہ طوبیٰ ❼ قصیدہ حسنیٰ ❽ اسمِ ذات کا عمل ❾ عمل تہدیدی نامہ مبارک ❿ ''جادو اور جنات کے توڑ اور حفاظت'' کا خاص عمل ⓫ نظرِ بد ختم کرنے کا عمل (درجہ دوم)

(۴).....خواتین کے لیے

خواتین درج ذیل اعمال سیکھ سکتی ہیں۔ کسی پرہیز اور ڈر و خوف کے بغیر عمل کریں:

❶ آیت الکرسی ❷ بنیادی حصار ❸ معوذتین ❹ نظر بد ختم کرنے کا عمل ❺ سورۂ فاتحہ ❻ عمل حفاظت ''یا حافظ یا حفیظ'' ❼ عمل محبت ''یا لطیف یا ودود'' ❽ عمل زبان بندی

(۵).....روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لیے

روحانی درسگاہ کے طالب علم سے مراد یہ ہے کہ جس شخص نے داخلہ لیا ہو اور کوئی کورس یا بڑا عمل سیکھ رہا ہو۔ صرف داخلہ فارم جمع کروانے والوں کو شامل نہیں کیا جائے گا۔ درج ذیل اعمال سیکھے جا سکتے ہیں:

❶ ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا عمل ❷ آیتِ کریمہ کا خاص عمل ❸ شیطان و آسیب کو کمزور کرنے کا خاص عمل ❹ شیطان و آسیب کو بھگانے کا خاص عمل ❺ سورۂ مزمل کا خاص عمل ❻ محبت کی عظیم آیت کا عمل ❼ دشمن کیلئے عظیم دعا کا عمل

نوٹ جو بھی درج بالا اعمال میں سے کوئی عمل کرنا چاہے، پہلے یہ تسلی کر لیں کہ وہ اس زمرے میں آتے ہوں، ورنہ ہماری طرف سے معذرت ہے۔ ویب سائٹ پر تمام شرائط دی گئی ہیں، وہاں پڑھ لی جائیں۔

Whatsapp +923224773786
darulamal.org/magazines/ruhani

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
ruhanidarsgah
خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570
فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر) 0333-7772775 (صبح 10 سے شام 5 بجے، علاوہ جمعہ)
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com ruhanidarsgah
+ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah ruhanidarsgah97

روحانی تیل (3) برائے دفع درد ہر قسم

قیمت (100ml) 380 روپے
قیمت (50ml) 210 روپے

ہر عمر کے افراد کے لیے مفید ہے

دارالعمل چشتیہ کے روحانی معالجین کا دم کردہ ایک زبردست روحانی تحفہ ہے۔ روحانی تیل (3) ایک خاص قسم کا تیل ہے جو چوٹ لگ جائے، موچ آجائے یا جسم میں کہیں درد ہو تو اُسے آناً فاناً ٹھیک کرتا ہے۔ دارالعمل چشتیہ کے روحانی معالجین کے خاص دم کرنے سے اس کے فوائد میں مزید اضافہ ہو گیا اور یہ جادو، جنات اور ہر طرح کے بداثرات سے پیدا ہونے والے دردوں کا بھی شافی علاج ہے۔

روحانی تیل ان تمام امراض وعلامات میں بہت مفید ہے:

- ٹخنوں میں درد
- پٹھوں میں درد
- گھٹنوں میں درد
- کمر میں درد
- گردن کا درد
- پسلی میں درد
- ہڈیوں میں درد
- مہروں کا درد
- کندھوں میں درد
- ایڑی کا درد
- کان میں درد
- گلے میں درد
- پنڈلیوں میں درد
- کولہوں میں درد
- سینے کا درد
- پرانی سے پرانی چوٹ کا درد
- پٹھوں کا کھچاؤ
- ریاحی درد
- سردی کی وجہ سے درد
- فالج
- لقوہ
- ٹانسلز
- عرق النساء
- گنٹھیا
- گلٹیاں
- موکے
- بواسیر
- کن پیڑ
- بخار/نمونیا
- شریانوں میں رکاوٹ
- چھالے
- پھوڑے
- موچ
- چنڈی
- پورے بدن میں کہیں بھی درد، ورم اور اکڑاؤ
- ہاتھ، پاؤں یا بدن کے کسی حصے کا سن ہونا
- کھلے زخم
- انتڑیوں کی سوزش اور ورم
- فیلوپین ٹیوبز کی سوزش یا بلاکیج

روحانی تیل جادو جنات سے متاثرہ مریضوں کیلئے انتہائی فائدہ مند ہے۔ جادو جنات سے پیدا ان تمام امراض وعلامات میں بہت مفید ہے:

- تمام جوڑوں کا درد
- پٹھوں کا درد
- پسلیوں میں درد
- ٹخنوں میں درد
- گھٹنوں میں درد
- سینے میں درد
- اثرات کی وجہ سے لگنے والی چوٹوں کا درد
- ہڈیوں میں درد
- مہروں کا درد
- کندھوں میں درد
- پنڈلیوں میں درد
- کمر کا درد
- کن پٹیوں میں درد
- سر یا دماغ کا بھاری پن

رعائیتی پالیسی: پرچون اور تھوک..... دونوں طرح دستیاب ہے۔ تھوک کے لیے کم از کم ایک درجن لینا لازمی ہے۔

پرچون: خزینۂ روحانیات کے ممبران اور شاگرد (جو ممبر نہیں) کو 10٪ رعایت۔ خزینۂ روحانیات کے ممبر/شاگرد کو 15٪ رعایت۔

تھوک: عوام کے لیے 10% رعایت۔ خزینۂ روحانیات کے ممبران اور شاگرد (جو ممبر نہیں) کو 15٪ رعایت۔ خزینۂ روحانیات کے ممبر/شاگرد کو 20٪ رعایت اور 3 درجن سے زائد تیل خریدنے پر اضافی 5٪ فیصد رعایت حاصل کریں۔ نیز 2 لیٹر اور 5 لیٹر کی پیکنگ بھی منگوا سکتے ہیں۔ 2 لیٹر اور 5 لیٹر تیل کی قیمت کے لیے رابطہ فرمائیں۔

عاملین/روحانی معالجین کے لیے خوشخبری: عاملین/روحانی معالجین کو یہ سہولت دی جارہی ہے کہ وہ اپنی مرضی کا لیبل لگوا کر منگوا سکتے ہیں۔ اپنا نام، پتہ و رابطہ نمبر دے سکتے ہیں۔ چاہیں تو بغیر لیبل کے منگوائیں اور خود لیبل لگائیں۔ اپنے مریضوں کو اعتماد سے استعمال کروائیں اور شہرت پائیں۔

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0346-4312272
042-35410586
ruhanishop
0320 0334 4312272
ruhani.shop
ruhani-shop
Whatsapp +92-322-4773786
goo.gl/POpAFO ادارے کا روحانی رسالہ ''خزینۂ روحانیات''

کنڈالنی شکتی کورس

کنڈالنی شکتی کیا ہے؟

پانچ ہزار سال قبل ماہرینِ یوگ سائنس نے سراغ لگایا کہ ہماری ریڑھ کی ہڈی کے نچلے حصے میں ایک ناگن کنڈلی مارے پڑی سو رہی ہے۔اس ناگن کی شکل مثلثی بتائی جاتی ہے۔یوگ کی مختلف ریاضتوں اور مشقوں کے ذریعے جب اس پر ضرب لگائی جاتی ہے تو وہ جاگ اُٹھتی ہے اور جاگنے کے بعد وہ نروز Nerves کے ذریعے ریڑھ کی ہڈی کے راستے دماغ کی طرف ''سہرار چکرا'' سے ملاپ کے لئے محوِسفر ہوجاتی ہے۔یہی ناگن دراصل وہ پُراسرار قوت ہے جو یوگ سائنس کی اصطلاح میں ''کنڈالنی شکتی'' کہلاتی ہے۔کنڈالنی جب سہرار چکرا تک پہنچ جاتی ہے۔تو یوگی کے قلب کا دروازہ کھل جاتا ہے اور اس میں مشاہدے اور معانقے کی قوت بڑھ جاتی ہے۔جدید سائنسی ریسرچ اس بارے میں ہمیں بتاتی ہے کہ ہر انسان کی ریڑھ کی ہڈی کے نچلے حصے میں منفی بجلی کا ذخیرہ ہوتا ہے اور دماغ کے بالائی حصے Cerebral Region میں مثبت بجلی Positive Electricity مقیم ہوتی ہے۔یوگ کی مختلف ریاضتوں اور مشقوں کے ذریعے ان دونوں مرکز کو اعصاب کے ذریعے ملا دیا جاتا ہے جس سے ایک پُراسرار برقی توانائی پیدا ہوتی ہے بالکل اسی طرح جیسے بجلی کی منفی اور مثبت رو کو ایک خاص ترتیب سے ملا کر بجلی کے بلب کو روشن کیا جاتا ہے۔سائنسدانوں نے اس برقی توانائی کو پیزو الیکٹریسٹی Piezo Elctricity کا نام دیا ہے۔یہی وہ توانائی ہے جو قوت کا خزانہ ہے۔اسی توانائی سے استفادہ کر کے انسان سپر یچوئل پاورز ماسٹر اور برتر انسان بن جاتا ہے۔

کنڈالنی شکتی:

ہندومت کے ہٹ یوگ اور راجیہ یوگا کے تمام آسنوں اور مشقوں کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ انسان کی ریڑھ کی ہڈی کی جڑ میں رُوحِ حیات ''کنڈالنی شکتی'' سرینٹ پاور یا شعلہ روح کا گھر تسلیم کیا گیا ہے۔جو عظیم طاقتور ناگ کی طرح کنڈلی مارے بیٹھی ہے۔انسان کی ریڑھ کی ہڈی اور حرام مغز کا حصہ جذبات، جبلت اور لاشعور کی حیرت انگیز قوتوں کا خزانہ ہے۔ریڑھ کی ہڈی کی نلی میں بہت سے چکر ''اعصابی گچھے'' پائے جاتے ہیں۔ان گچھوں یا چکراز میں رُوحِ حیات مسلسل گردش کرتی رہتی ہے لیکن اس رُوحِ حیات کا بہت بڑا حصہ پشت کے نچلے حصے میں محفوظ اور غیر مستعمل حالات میں پایا جاتا ہے۔راجیہ یوگا اور مابعد النفسیات کے نظریہ کے مطابق اگر ہم ارتکازِ توجہ، مراقبہ، ریاضت اور سانس کی مشقوں ''پرانایام'' یا ''متبادل طرزِ تنفس'' کے ذریعے اپنی رُوحِ حیات یعنی کنڈالنی شکتی کو جگا لیں تو اپنے نورانی جسم ''ہمزاد'' نادیدہ پیکر کو شعوری طور پر تابع فرمان بنا سکتے ہیں۔کنڈالنی شکتی کو بیدار کر لیا جائے تو یہ پھن پھلائے ناگ کی طرح ہوجاتی ہے۔

اگر کوئی فرد کنڈالنی شکتی کو بیدار کر لے تو اُس کے لیے سپر نیچرل یعنی خارق العادات آسان ہوجاتیں ہیں۔اور اُسے مزید ریاضت کرنے کی ضرورت نہیں رہتی۔کنڈالنی کی بیداری کے بعد یوگی حسبِ منشاء اپنے اوپر جو بھی کیفیت چاہے آن واحد میں طاری کر لیتا ہے۔چنانچہ اُس کے لیے بیداریِ نفس کی کیفیت پیدا کرنا کوئی مشکل کام نہیں۔مزید براں کنڈالنی کی بیداری کے بعد یوگی جب چاہے اپنے جسم سے الگ ہوجاتا ہے اور جسم مثالی (آسٹرل باڈی) کے ذریعے دُور دراز مقامات کا سفر چند لمحوں میں طے کر لیتا ہے۔

کنڈالنی شکتی کورس میں آٹھ مشقیں ہیں۔جن کی تمام تفصیل کورس میں دی گئی ہے جسے ہر فرد با آسانی کر سکتا ہے۔

اس کورس کی فیس مبلغ 5000 روپے ہے۔

فیس بذریعہ منی آرڈر سال کر کے آج ہی کورس منگوا سکتے ہیں۔

خیر اندیش حکیم
علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری
ادارہ فیضان روحانیات پاکستان، اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ پنجاب
0300-4967412, 0333-6974734

ادارے کی شائع کردہ کتب کی تفصیل goo.gl/FCnqkA

کوئی دعویٰ نہیں

جواہراتی تسبیحات

کوئی وعدہ نہیں

زندگی کے عمومی مسائل کے حل، روحانی مسائل کے حل، عملیات میں کامیابی، ستاروں کی نحوست خواہ عمومی ہو یا خصوصی..... وہ عملیات میں ہو، چلہ کشی کے دوران ہو یا عام زندگی میں ناکامی اور پریشانی کو دور کرنے کے واسطے جواہرات تسبیحات میں استعمال کیے جاتے ہیں۔

پتھر	دانے	قیمت
فیروزہ/عقیق	33	300
فیروزہ/عقیق (سفید، سرخ، کالی، سبز)	100 موٹے دانے	650
فیروزہ/عقیق (سفید، سرخ، کالی، سبز)	100 باریک دانے	450
مرجان (لال)	33	450
اونٹ کی ہڈی کی تسبیح (گول)	33	225
اونٹ کی ہڈی کی تسبیح (گول)	100	800
اونٹ کی ہڈی کی تسبیح چپٹی (نارمل سائز)	100	350
اونٹ کی ہڈی کی تسبیح چپٹی (جمبو سائز)	100	500

نیز اس کے علاوہ آپ جس بھی پتھر کی تسبیح بنوانا چاہے آرڈر پر بنوا کے دی جاسکتی ہے۔

0334-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دارالعمل حشتیہ ruhanishop

لنگر برائے ترقی روحانیت

روحانی درسگاہ کے طلباء وطالبات کے لیے

● روحانی اعمال کی مضبوطی کے لئے ● روحانی اعمال کی طاقت کے لئے ● روحانی اعمال میں ترقی کے لئے ● روحانی اعمال میں تیزی کے لئے ● روحانی اعمال کو موثر ترین بنانے کے لئے ہر نوچندی اتوار کو دارالعمل میں خاص لنگر کا عرصہ دراز سے اہتمام کیا جارہا ہے۔ روحانی درسگاہ کے پرانے طلباء وطالبات کے پُرزور اصرار پر اور نئے طلباء وطالبات کی خواہش کی تکمیل کو مدنظر رکھتے ہوئے مجلس شوریٰ کی مشاورت کے بعد تمام طلباء وطالبات کے لئے خوشخبری ہے کہ آپ بھی اب اس خاص لنگر میں شامل ہوسکتے ہیں۔

نصف حصہ: 500 روپے | مکمل حصہ: 1000 روپے

0342-7772772
042-35410586
ruhaniilajgah

روحانی علاج گاہ دارالعمل حشتیہ لاہور پاکستان

darulamal.org/ruhaniilajgah, ruhaniilajgah@gmail.com

0324-7772772 ruhaniilajgah96

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

تاریخ _____ اگست 2020ء

نام _____ والد _____

والدہ _____ مکمل پتہ _____

_____

موبائل نمبر _____

Email (اگر ہو) _____

مطلوبہ اعمال _____

نوٹ رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جاسکتی ہے۔ مزید شرائط وتفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

042-35410586 | 0333-7772775

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

تاریخ _____ اگست 2020ء

نام _____ والد _____

والدہ _____ مکمل پتہ _____

_____

موبائل نمبر _____

Email (اگر ہو) _____

مطلوبہ تعویذات _____

نوٹ علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک فرد کے لیے ایک کوپن استعمال کریں۔ کوپن کے بغیر تعویذات بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

042-35410586 | 0324-7772772

darulamal.org/bookshop

روحانی علاج کرنے والے عاملین متوجہ ہوں

''سات سلام اور چہل کاف'' ایک ایسا خاص اور بابرکت عمل ہے، جس کی اجازت جاری ہوتے ہی، بغیر چلہ کشی کیے، اجازت یافتہ کو اس عمل کا فیض ملنا شروع ہوجاتا ہے۔ صرف اتنا ہی نہیں، اس عمل کی غیبی مخلوق کی باقاعدہ معاونت اجازت یافتہ کے ساتھ ہوجاتی ہے۔

عاملین اور روحانی معالجین کا معاملہ تو الگ ہے۔ وہ چلہ کشی بھی کرتے ہیں اور ایک نہیں، کئی اعمال کے عامل ہوتے ہیں۔ یہ سب اس لیے ہے کہ انہوں نے جادوگروں اور جنات، آسیب وشیاطین سے لڑنا ہوتا ہے۔ اس لڑائی کے نتیجے میں بداثرات عامل، عامل کے گھر والوں، عامل کے کاروبار اور دیگر معاملات پر بھی پڑتے ہیں۔ مگر بہت ہی کم عامل اس بات پر توجہ دیتے ہیں جس کی وجہ سے جلد یا دیر، وہ اثرات میں جکڑے جاتے ہیں۔ ان کے عمل بھی چلنا بند ہوجاتے ہیں اور دیگر معاملات میں بھی بہت خرابی آجاتی ہے۔

عامل اپنی اہلیہ یا گھر والوں کو اجازت دلوائیں: جب کہ اس کا آسان حل یہ ہے کہ عامل اپنا اور باہر کے تمام مریضوں کے معاملات دیکھے۔ اگر وہ خود اپنی اہلیہ، بچوں اور دیگر گھر والوں کے معالات دیکھ سکتا ہے تو یہ سب سے بہتر ہے ورنہ وہ اس عمل کی اجازت اپنی اہلیہ کو لازمی دلوائیں۔ اگر اہلیہ نہ ہوسکے تو پھر گھر میں کوئی بھی ایک ذمہ دار فرد ہو جو اس عمل کو پابندی سے کرے۔ آج تک جتنے عاملین نے اپنی اہلیہ اور گھر والوں کو اس عمل کی اجازت دلوائی ہے، ان کے گھر اثرات بھی نہیں آتے، معاملات بھی خوب سے خوب تر ہوتے چلے جاتے ہیں، مریضوں کو بھی بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے کیونکہ عامل خود بھی روحانی طور پر صاف، اس کے گھر کا روحانی ماحول بھی صاف، اس سے عامل کے تمام روحانی اعمال کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔

عامل اپنے روحانی مریضوں کو اجازت دلوائیں: آج کل کثرت سے ایک معاملہ سامنے آرہا ہے اور وہ یہ ہے کہ جادو یا جنات کے اثرات ختم تو ہوجاتے ہیں مگر جلد یا دیر، دوبارہ ہوجاتے ہیں۔ حفاظتی اعمال کے باوجود ایسا ہوتا ہے۔ سحرِ مسلسل کے مریضوں کی جان ہی نہیں چھوٹتی۔ عاملین کے پاس بھی اثرات کے بار بار آنے کا مستقل کوئی حل نہیں ہے۔ جو مریض دور ہوتے ہیں، شہر سے باہر یا ملک سے باہر یا پھر ایسے مریض جس کو کوئی علاج نہ دیا جاسکتا ہو، ان کا علاج اکثر عاملین سے نہیں ہوتا۔ بار بار عمل کروانے سے مریض عامل سے متنفر ہوجاتا ہے۔ خود عمل کرنے سے بھی متنفر ہوجاتا ہے۔ کئی مریض بار بار علاج کے اخراجات برداشت نہیں کر پاتے۔ ان سب معاملات کا حل اپنے مریض کو اس عمل کی اجازت دلوانا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ عامل مریض سے خود معاملات طے کرے، اس کی رہنمائی بھی خود کرے، بس ادارے کو اجازت کا ھدیہ ادا کرے۔ مریض سے جو مناسب سمجھے، پیسے لے۔ اس سے ادارے کا کوئی تعلق نہیں۔ مریض کو اجازت جاری کردی جائے گی۔ عامل کی شہرت الگ ہوگی کہ دور دور کے مریضوں کا علاج باآسانی کرے گا جب کہ محنت ساری مریض کی ہوگی، عامل کا کام رہنمائی کرنا ہوگا۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ کریں۔

نوٹ: اجازت دلوانے والے کو کس طرح مریض نے اس عمل سے کام لینا ہے؟ جنات کی مدد کیسے لینی ہے؟ سب بتایا جائے گا۔

0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97
روحانی درسگاہ دارالعمل الحشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

Monthly
Khazina-e-Ruhaniyaat CPL # 288

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

خوشخبری خوشخبری ہمارے آن لائن سٹور سے گھر بیٹھے خریداری کیجئے

روحانی شاپ آن لائن سٹور روحانی معالجین کے ساتھ ساتھ روحانی مریضوں اور طالبین علومِ روحانیہ کے لئے روحانی علاج معالجہ، چلہ کشی اور روحانی اشیاء ایک جگہ باآسانی مناسب قیمت پر مہیا کرتی ہے۔ان اشیاء کی دستیابی کے علاوہ تیارشدہ روحانی علاج اور روحانی مجربات بھی موجود ہیں۔جن کو ایک عام روحانی مریض اعتماد کے ساتھ استعمال کر سکتا ہے۔درج ذیل اشیاء روحانی دکان پر دستیاب ہیں۔عنبر، EMF Meter مختلف چراغ، زعفران، مشک نافہ، کاغذ، ہاتھ کے لکھے تعویذات، چھپے ہوئے تعویذات، الواح، نگینے، ہرن کی جھلی، بھوج پتر، آلہ یکسوئی، تسبیحات، آلہ نور وغیرہ۔

روحانی دکان میں دم شدہ روحانی اشیاء مثلاً روحانی چینی، روحانی نمک، روحانی تیل مختلف اقسام، روحانی اگربتیاں، روحانی عطر، روحانی آبِ شفاء، روحانی چراغ، روحانی صابن، روحانی شہد، روحانی دھاگہ، روحانی پھکی، روحانی عرق گلاب، خاص خاص الواح، خاص خاص تعویذات کے ساتھ تیارشدہ روحانی علاج مریضوں پر کامیاب تجربات کے بعد منظرِ عام پر لائے گئے ہیں۔

Available at
ruhanishop.com

مکتبۃ العارف آن لائن بک سٹور میں روحانی، طبی، دینی، نفسیاتی اور متفرق کتب و رسائل فروخت کئے جاتے ہیں۔خصوصاً عملیات پر ایک بہت بڑا ذخیرہ شائع شدہ، قلمی بیاضیں، فوٹوسٹیٹ نئی و پرانی کتب عربی، فارسی، اردو اور انگریزی زبانوں میں دستیاب ہیں۔درج ذیل موضوعات پر کتب آپ کی منتظر ہیں۔

اسلامی دعا، خطبات، شاعری، سیرت، سوانح، علومِ حدیث، علومِ جدید، شادی، فقہ، فتاوٰی، علومِ قرآن وغیرہ **متفرق** تعلیم، تحقیق، تاریخ وغیرہ

عملیاتی و روحانی پتھر و نگینے، علم الاعداد، علم الحروف، علم الساعات، طلسمات، علم الجفر، علم النجوم وغیرہ **طبی موضوعات** علاج بالغذا، طب یونانی، طب نبوی ﷺ وغیرہ

نفسیاتی و تربیتی تعمیرِ شخصیت، سیلف ہیلپ، ہپناٹزم وغیرہ **باعتبار مصنفین** نامور روحانی و اسلامی و دیگر غیر ملکی مصنفین کی کتب ایک چھت تلے

تین طرح سے کتب و رسائل موجود ہیں۔ **فوٹوسٹیٹ** **کمپیوٹر فارمیٹ پی ڈی ایف** **شائع شدہ**

Available at
maktabatulaarif.com

جشن آزادی کی خوشی میں یکم سے 14 اگست تک تمام کسٹمرز کو بنڈل آفرز پر خصوصی ڈسکاؤنٹ دیا جائے گا۔